مرکز علی بن عثمان ؓ لاہور

درسِ نظامی کی سب سے بنیادی کتاب کی آسان اور اپنی نوعیت کی منفرد شرح

ترتیب : محمد مظاہر اشرف



عرفان الصّرف

شرح میزان الصرف ومنشعب



زیرِ نگرانی

نواسہء فقیہِ اعظم جگر گوشہء امام الصرف والنحو

مفتی محمد عرفان اللہ اشرفی مدظلہ العالی

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ لاہور / رئیس التبلیغ دربارِ عالیہ حضرت داتا گنج بخش رحمہ اللہ

مرکز علی بن عثمان

عربی زبان سیکھنے کیلئے درسِ نظامی کے نصاب میں شامل علمِ صرف کی سب سے
بنیادی کتاب **میزان الصرف ومنشعب** کی اردو شرح ایک منفرد انداز میں

بنام

عرفان الصرف

شرح میزان الصرف ومنشعب

مرکز علی بن عثمان

زیرِ نگرانی

جگر گوشۂ امام الصرف والنحو استاذ العلماء **مفتی محمد عرفان اللہ اشرفی** مدّ ظلہ العالی

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ، داتا دربار، مرکز معارف اولیاء، لاہور

رئیس التبلیغ دربار عالیہ حضور داتا گنج بخش علیہ الرحمہ، محکمہ اوقاف پنجاب

مُرتّب

محمد مظاہر اشرف

فاضل جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

مرکز علی بن عثمان - لاہور

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان




نام کتاب.....عرفان الصرف شرح میزان الصرف ومنشعب

ازافاداتِ.....امام الصرف والنحو علامہ محمد ہاشم علی نوری بصیر پوری زید مجدہ

زیرِ نگرانی.....شیخ الحدیث والتفسیر صاحبزادہ مفتی محمد عرفان اللہ اشرفی زید مجدہ

مرتب.....صاحبزادہ محمد مظاہر اشرف ہجویری

نظرِ ثانی.....مولانا ناظم علی عطاری



جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علامہ بن عثمان

مَـوْلَایَ صَـلِّ وَسَـلِّمْ دَائِـمًـا اَبَـدًا
عَـلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِم

☆☆☆

مرکز علامہ بن عثمان

فَـاِنَّ مِـنْ جُـوْدِكَ الدُّ نْیَا وَضَرَّتَهَا
وَمِنْ عُلُوْمِکَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

☆☆☆

هُـوَالْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِـکُـلِّ هَـوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْـتَـحِمِ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علامہ بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فہرست

مرکز علی بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فہرست موضوعات

موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
تقریظات	۱۰	شرح میزان الصرف	۸۱
حرفِ آغاز	۱۷	فصل۱: افعال کی اقسام	۸۱
تعارف صاحبِ میزان/صاحبِ منشعب	۲۰	فصل۲: صیغہ	۸۳
حصہ اوّل --- مقدمہ	۲۳	لغوی واصطلاحی تعریف	۸۳
متن وترجمہ مقدمہ میزان الصرف	۲۴	صیغوں کی تعداد	۸۳
شرح مقدمہ میزان الصرف	۳۷	فصل۳: ماضی ومضارع کی اقسام	۸۵
فصل۱: علمِ صرف	۳۷	معروف ومجہول کی اقسام	۸۵
فصل۲: لفظ اور اس کی اقسام	۳۸	فصل۴: فعل ماضی مثبت معروف	۸۷
فصل۳: سہ اقسام	۴۰	فصل۵: فعل ماضی مثبت مجہول	۹۲
اسم/فعل/حرف کی اقسام	۴۲	فصل۶: فعل ماضی منفی	۹۵
فصل۴: وزن اور حرکات	۴۵	فصل۷: فعل ماضی کی اقسام	۹۹
وزن کی اقسام	۴۵	فصل۸: فعل ماضی قریب	۱۰۱
حروفِ اصلیہ	۴۶	فصل۹: فعل ماضی بعید	۱۰۷
حروفِ زائدہ	۴۶	فصل۱۰: فعل ماضی استمراری	۱۱۳
حرکات کی اقسام	۴۸	فصل۱۱: فعل ماضی احتمالی	۱۱۹
فصل۵: شش اقسام	۵۰	فصل۱۲: فعل ماضی تمنّائی	۱۲۵
سہ اقسام مجرد ومزید فیہ	۵۰	فصل۱۳: فعل مضارع معروف	۱۳۱
فصل۶: ہفت اقسام	۵۴	فعل مضارع کی علامتیں	۱۳۲
چہار اقسام	۵۴	فصل۱۴: فعل مضارع مجہول	۱۳۸
فصل۷: حروفِ علت	۶۳	فصل۱۵: فعل مضارع منفی	۱۴۱
حصہ دوم --- میزان	۶۴	فصل۱۶: فعل نفی تاکید بلن ناصبہ	۱۴۵
متن وترجمہ میزان الصرف	۶۵	فصل۱۷: فعل نفی جحد بلم جازمہ	۱۵۰

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علاؤ بن عثمان

فصل ۱۸: فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید	۱۵۶	علاماتِ ابواب ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بے ہمزۂ وصل	۲۳۷
فصل ۱۹: فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ	۱۵۹	فصل ۷: رباعی مجرد ومنشعب	۲۳۹
فصل ۲۰: فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید خفیفہ	۱۶۴	علامتِ باب رباعی مجرد	۲۳۹
فصل ۲۱: فعل امر حاضر معروف	۱۶۸	علامتِ باب رباعی منشعب بے ہمزۂ وصل	۲۴۰
فصل ۲۲: فعل امر غائب ومتکلم معروف	۱۷۱	علاماتِ ابواب رباعی منشعب با ہمزۂ وصل	۲۴۰
فصل ۲۳: فعل امر مجہول	۱۷۳	فصل ۸: ثلاثی مزید فیہ ملحق	۲۴۲
فصل ۲۴: فعل امر بانون تاکید	۱۷۶	فصل ۹: ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد	۲۴۳
فصل ۲۵: فعل نہی	۱۸۲	علاماتِ ابواب ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد	۲۴۳
فصل ۲۶: فعل نہی بانون تاکید	۱۸۶	فصل ۱۰: ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی منشعب	۲۴۵
فصل ۲۷: اسمِ فاعل	۱۹۲	علاماتِ ابواب ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ تدحرج	۲۴۶
فصل ۲۸: اسمِ مفعول	۱۹۴	علاماتِ ابواب ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ	۲۴۸
فصل ۲۹: اسمِ ظرف	۱۹۶	فصل ۱۱: تصریف	۲۵۰
فصل ۳۰: اسمِ آلہ	۱۹۸	تصریف کی اقسام	۲۵۰
فصل ۳۱: اسمِ تفضیل	۲۰۰	فصل ۱۲: ہمزہ وصلی وقطعی	۲۵۲
حصہ سوم۔۔۔منشعب	۲۰۲	ہمزہ وصلی	۲۵۲
متن وترجمہ منشعب	۲۰۳	ہمزہ قطعی	۲۵۲
شرح منشعب	۲۲۵	مقاماتِ ہمزہ وصلی	۲۵۲
فصل ۱: افعال کی اقسام	۲۲۵	مقاماتِ ہمزہ قطعی	۲۵۳
فصل ۲: ثلاثی مجرد مطرد	۲۲۷	فصل ۱۳: ثلاثی مجرد کے علاوہ افعال واسماء	۲۵۴
علاماتِ ابواب ثلاثی مجرد مطرد	۲۲۷	**حصہ چہارم۔۔۔ تصریفات**	۲۵۶
فصل ۳: ثلاثی مجرد شاذ	۲۳۰	ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب	۲۵۸
علاماتِ ابواب ثلاثی مجرد شاذ	۲۳۰	پہلا باب: نَصَرَ یَنْصُرُ	۲۵۹
فصل ۴: ثلاثی مزید فیہ	۲۳۲	دوسرا باب: ضَرَبَ یَضْرِبُ	۲۷۰
فصل ۵: ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق با ہمزۂ وصل	۲۳۴	تیسرا باب: سَمِعَ یَسْمَعُ	۲۸۱
علاماتِ ابواب ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق با ہمزۂ وصل	۲۳۴	چوتھا باب: فَتَحَ یَفْتَحُ	۲۹۲
فصل ۶: ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بے ہمزۂ وصل	۲۳۷	پانچواں باب: کَرُمَ یَکْرُمُ	۳۰۴

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علاؤ بن عثمان

مرکز علاؤ بن عثمان

ثلاثی مجرد شاذ کے ابواب	۳۱۴	رباعی منشعب باہمزۂ وصل کے ابواب	۵۱۱
پہلا باب: حَسِبَ یَحْسِبُ	۳۱۵	پہلا باب: اِفْعِنْلَالٌ	۵۱۲
دوسرا باب: فَضِلَ یَفْضُلُ	۳۲۵	دوسرا باب: اِفْعِلَّالٌ	۵۲۱
تیسرا باب: کَادَ یَکَادُ	۳۳۵	ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد کے ابواب	۵۳۰
ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزۂ وصل کے ابواب	۳۴۵	پہلا باب: فَعْلَلَۃٌ	۵۳۱
پہلا باب: اِفْتِعَالٌ	۳۴۶	دوسرا باب: فَعْنَلَۃٌ	۵۴۰
دوسرا باب: اِسْتِفْعَالٌ	۳۶۰	تیسرا باب: فَوْعَلَۃٌ	۵۴۹
تیسرا باب: اِنْفِعَالٌ	۳۷۱	چوتھا باب: فَعْوَلَۃٌ	۵۵۸
چوتھا باب: اِفْعِلَالٌ	۳۸۱	پانچواں باب: فَیْعَلَۃٌ	۵۶۷
پانچواں باب: اِفْعِیْلَالٌ	۳۹۰	چھٹا باب: فَعْیَلَۃٌ	۵۷۶
چھٹا باب: اِفْعِیْعَالٌ	۳۹۹	ساتواں باب: فَعْلَاۃٌ	۵۸۵
ساتواں باب: اِفْعِوَّالٌ	۴۰۸	ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ تَدَحْرَجَ کے ابواب	۵۹۵
آٹھواں باب: اِفَّاعُلٌّ	۴۱۷	پہلا باب: تَفَعْلُلٌ	۵۹۶
نواں باب: اِفَّعُّلٌ	۴۲۶	دوسرا باب: تَفَعْنُلٌ	۶۰۵
ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزۂ وصل کے ابواب	۴۳۵	تیسرا باب: تَمَفْعُلٌ	۶۱۴
پہلا باب: اِفْعَالٌّ	۴۳۶	چوتھا باب: تَفَعْلُۃٌ	۶۲۳
دوسرا باب: تَفْعِیْلٌّ	۴۴۷	پانچواں باب: تَفَوْعُلٌّ	۶۳۲
تیسرا باب: تَفَعُّلٌّ	۴۵۹	چھٹا باب: تَفَعْوُلٌّ	۶۴۱
چوتھا باب: مُفَاعَلَۃٌّ	۴۷۱	ساتواں باب: تَفَیْعُلٌّ	۶۵۰
پانچواں باب: تَفَاعُلٌّ	۴۸۱	آٹھواں باب: تَفَعْلِ	۶۵۹
رباعی مجرد کا باب	۴۹۱	ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ کے ابواب	۶۶۸
باب: فَعْلَلَۃٌ	۴۹۲	پہلا باب: اِفْعِنْلَالٌ	۶۶۹
رباعی منشعب بے ہمزۂ وصل کا باب	۵۰۱	دوسرا باب: اِفْعِنْلَاءٌ	۶۷۸
باب: تَفَعْلُلٌ	۵۰۲	☆☆☆	

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علاؤ بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

بفیضانِ نظر

قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حجۃ الکاملین سند الواصلین

مظہر العلوم الخفیہ والجلیہ

حضرت ابوالحسن علی بن عثمان ہجویری

المعروف داتا گنج بخش

قدس سرہ العزیز

مرکز علی بن عثمان

و

آفتابِ شریعت ماہتابِ طریقت محدثِ بصیر پوری

فقیہِ اعظم ابوالخیر

مفتی محمد نوراللہ نعیمی اشرفی قادری

نوّراللہ مرقدہٗ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علائی بن عثمان

انتساب

پیارے نانا جان

استاذ العلماء حضرت مولانا الحاج

ابوالانور محمد صادق چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اور

مرکز علائی بن عثمان

برادرِ اکبر

مولانا حافظ محمد طاہر اشرف اشرفی علیہ الرحمہ

کے نام

سوئے دریا تحفہ آوردم صدف
گر قبول افتد زہے عزوشرف

محمد مظاہر اشرف

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علائی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

حضرۃالصرفی النحوی استاذ العلماء الشیخ ابوالاسد

التقریظ النوری محمد هاشم علی النوری البصیرفوری

دامت فیوضاته وبرکاته العالیه الشهیر بامام الصرف والنحو

الحمد لله الذی جعل الصرف للمرام کالعین للانام۔ والصلوۃ والسلام علٰی سیدنا محمد الداعی الی دار السلام وعلٰی اٰله واصحابه البررۃ الکرام مااختلف اللیالی والایام بل علی الاستمرار والدوام، اما بعد:

فمن دواعی الفرح والسر ورأن حفیدی الابر ای ولد ولدی الاعز وابن ابنی الاغر الحافظ محمد مظاہر اشرف شرفه ربه تعالیٰ وجعله کاسمه الاشرف قد الف ورتب هذاالکتاب المسمّٰی بـ"عرفان الصرف شرح میزان الصرف ومنشعب" علیٰ منهج سهل جدید وترتیب انیق، فرأیت من بعض مقاماته وامعنت النظر فی بعض مواضعه فوجدت اسلوبا رائقا ونهجا قویما ووجدته حاملا للفوائد الکثیرۃ مفیدا لطالِبی العلوم الدینیة متضمناللسؤالات والتمرینات مشتملا علی التصریفات

اخیرا اسال سبحانه وتعالیٰ ان یجعله خالصا لوجهه، ویتقبله بفضله، وان ینفع به الدارسین والطالبین بجاه حبیبه الصادق الامین وادعو ان یجعله للمرتب والمؤلف فرطا وذخرا واجرا کریماوان یوفقه لخدمةِ العلومِ العربیة تحریرا وتقریرا۔

والله عزوجل هو الموفق لکل خیر وسعادۃ وبیده الحسنٰی وزیادۃ۔

محمد ہاشم علی نوری

شهر ربیع الاول ۱۴۳۹ھ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علم بن عثمان

مصنف کتب کثیرہ استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا مفتی

تقریظِ سعید محمد صدیق ہزاروی سعیدی ازہری

زید مجدہ شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن وحدیث اور دیگر عربی کتب کی عبارات کو پڑھنے میں غلطی سے بچنے کے لئے علمِ صرف اور علمِ نحو ایسے دو بنیادی علوم ہیں جن کو ماں اور باپ سے تشبیہ دی گئی ہے۔ کہا گیا:

''الصرف ام العلوم والنحو ابوها''

علم صرف باقی علوم کی ماں اور علم نحو باپ (کی طرح) ہے۔

اور جس طرح ماں باپ کی افادیت سے کوئی بھی ذی شعور انکار نہیں کرسکتا اسی طرح علومِ دینیہ کی تفہیم کے لئے علمِ صرف اور علمِ نحو کی اہمیت اور افادیت سے انکار کی کوئی مجال نہیں۔

ان علوم سے متعلق بے شمار کتب احاطۂ تحریر میں لائی گئیں جو

''ہر گُلے را رنگ و بوئے دیگر است''

(ہر پھول کا اپنا رنگ اور خوشبو ہوتی ہے)

کے تحت اپنے اپنے انداز میں فیض رساں ہیں۔

زیرِ نظر کتاب بنام ''عرفان الصرف'' جو درحقیقت میزان ومنشعب کی شرح کے طور پر لکھی گئی ہے ایک خاص انداز اور مفاد کو اپنے جلو میں لئے ہوئے ہے۔

اس کتاب کے مؤلف ایک فاضل نوجوان ہیں جو ددھیال ننھیال دونوں جانبوں سے علمی اور روحانی وراثت کے امین ہونے کے ساتھ ساتھ خود ایک دانا اور زیرک عالم دین ہیں۔ علامہ مولانا محمد مظاہر اشرف کے جد امجد استاذ العلماء علم صرف کی دنیا میں امام الصرف کے نام سے معروف ہیں۔ آپ کے والدِ گرامی اور اُن کے دیگر برادران درس وتدریس اور تبلیغ کے میدان میں اپنا ایک عظیم مقام رکھتے ہیں۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

مرکز علم بن عثمان

آپ کے والد ماجد علامہ محمد عرفان اللہ اشرفی شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ دربار عالیہ حضرت داتا گنج بخش رحمہ اللہ، فقیہ اعظم علامہ محمد نور اللہ نعیمی رحمہ اللہ کے نواسے ہیں۔ یوں اس کتاب کے مؤلف کو خداداد صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ علمی ذوق ورثے میں ملا ہے۔

جب کسی باصلاحیت چیز سے استفادہ کی راہ مسدود ہو جائے تو اسے زنگ لگ جاتا ہے، بزرگانِ دین کے آستانے شریعت وطریقت کی راہ سے ہٹ گئے تو جہاں سے اصلاح کے سوتے پھوٹتے تھے وہاں دیگر غیر ضروری بلکہ بعض جگہ غیر شرعی امور نے جگہ لے لی، علماء کرام جن سے ایک دنیا نے روشنی حاصل کی جب ان کے صاحبزادوں نے دین اور علوم دینیہ سے منہ موڑ لیا تو ان کے مراکز زنگ آلود ہو گئے۔ الحمد للہ! بصیر پور شریف کا یہ خاندان اپنی آنے والی نسلوں کو علم کی راہ پر ڈال کر اس سلسلے کی روشنی کو جاری رکھے ہوئے ہے اسی بنیاد پر علامہ اشرفی نے اپنے صاحبزادہ کو تصنیف کے میدان میں اترنے کی راہ دکھائی اور ان شاء اللہ! ان کی پہلی تالیف نہایت جامع اور عمدگی کے ساتھ منصّۂ شہود پر جلوہ گر ہوگی اللہ تعالیٰ حضرت صاحبزادہ محمد مظاہر اشرف سلّمہٗ اللہ کی علمی کاوشوں کو بارآور فرمائے اور مزید ترقی عطا فرمائے اور اس کتاب مستطاب کے افادہ واستفادہ کو تا قیامت جاری وساری فرمائے۔ آمین

دعا گو

محمد صدیق ہزاروی سعیدی ازہری

جامعہ ہجویریہ، لاہور

۱۰ صفر المظفر ۱۴۳۹ھ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

جانشینِ فقیہِ اعظم استاذ العلماء حضرت علامہ صاحبزادہ پیر

مفتی **محمد محبّ اللّٰہ نوری** مد ظلہ

شیخ الحدیث ومہتمم اعلیٰ دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیرپور شریف

کلماتِ محبت

سرکارابد قرار ﷺ اللہ جل جلالہ کے حبیب، افضل الخلق، روحِ کائنات، جانِ کائنات اور وجہِ تخلیق کائنات ہیں--- اللہ تعالیٰ نے آپ کو عظمتوں اور رفعتوں کا تاج پہنا کر اور رحمۃ للعالمین، خاتم النبیین بنا کر مبعوث فرمایا--- آپ کی ہر نسبت کو عزت اور ہر تعلق کو عظمت عطا فرمائی--- چنانچہ جس ملکِ عرب میں آپ جلوہ گر ہوئے، وہ ملک سب سے اعلیٰ وممتاز قرار پایا اور جس شہر میں آپ قیام فرما ہیں، وہ احبُّ البلاد ٹھہرا--- اسی نسبتِ محبوبیت کے پیشِ نظر آپ کی زبان--- عربی--- کو بھی رفعت وعظمت اور بقا و دوام نصیب ہوا---

مرکز علی بن عثمان

آقا ﷺ اس حقیقت کو یوں منکشف فرماتے ہیں:

أَحِبُّوا الْعَرَبَ : لِاَنِّیْ عَرَبِیٌّ ، وَالْقُرْآنُ عَرَبِیٌّ ، وَکَلامُ أَہْلِ الْجَنَّۃِ عَرَبِیٌّ---[المعجم الکبیر للطبرانی ،حدیث۱۱۲۷۸]

''خالص عربیوں سے محبت کرو، کیوں کہ میں عربی ہوں، قرآن عربی ہے اور جنتیوں کی زبان عربی ہے''---

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے بعثتِ نبوی کے جو مقاصد بیان فرمائے ان میں اہم ترین مقصد تعلیمِ کتاب وحکمت اور تزکیہ وتربیت ہے:

یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَ یُزَکِّیْھِمْ وَ یُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَ الْحِکْمَۃَ ---[الجمعۃ:۲]

''(یہ عظیم رسول) اَن پڑھ لوگوں پر آیات کی تلاوت کرتے ہیں، ان کا تزکیہ کرتے ہیں اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے ہیں''---

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علائی بن عثمان

حصولِ علم کا اصل مقصد کتاب وسنت کی معرفت ہے، باقی تمام علوم خادم اوران کے معانی ومطالب تک رسائی کا ذریعہ اور آلہ ہیں--- یہی وجہ ہے کہ قرآن وحدیث، تفسیر اور فقہ کا شمار علوم نقلیہ عالیہ میں ہوتا ہے، جب کہ صرف ونحو علوم نقلیہ آلیہ کے زمرے میں آتے ہیں---علوم عقلیہ آلیہ جیسے منطق اور عقلیہ عالیہ جیسے فلسفہ اور رمل وغیرہ---علوم آلیہ کی تحصیل بھی بقدرِ ضرورت ضروری ہے تا کہ قرآن وحدیث وفقہ وغیرہ علوم مقصودہ کی تفہیم میں آسانی ہو---

علوم آلیہ میں سے جن علوم کی تحصیل از بس ضروری ہے، ان میں سرفہرست صرف ونحو اور محاوراتِ عرب شامل ہیں---

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''جو شخص علوم دین کے حصول کا ارادہ کرے اور وہ اہلِ عرب میں سے نہ ہو تو اس پر لازم ہے کہ پہلے عربی زبان اور اس کے قواعد کا علم حاصل کرے، اس میں مہارت کے بعد قرآن کریم کی طرف متوجہ ہو اور قرآن فہمی کے لیے احادیث کی معرفت ضروری ہے.....[**شعب الایمان**، جلد۲، صفحہ۲۵۱]

عربی جاننے کے لیے جس علم کو اُمّ العلوم کی حیثیت حاصل ہے اور جس میں بہت زیادہ مہارت وممارست کی ضرورت ہے، وہ علمِ صرف ہے---اس بنیادی علم کی اہمیت کے پیشِ نظر ہر دور میں اکابر علماء کی تصانیف منظر عام پر آتی رہی ہیں، ان کتب میں میزان اور منشعب کو بڑی مقبولیت نصیب ہوئی---سالہا سال سے یہ کتابیں درس نظامی کا لازمی حصہ ہیں---ان کتابوں کی تفہیم کے لیے اردو زبان میں کوئی قابلِ قدر شرح نہ تھی، طلبہ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے عزیز القدر علامہ حافظ محمد مظاہر اشرف حفظہ اللہ تعالیٰ نے اپنے والد گرامی استاذ العلماء حضرت علامہ محمد عرفان اللہ اشرفی زید علمہ وعرفانہ کی نسبت سے ''عرفان الصرف'' کے نام سے مفصل شرح لکھی ہے---اندازِ تفہیم سہل، زبان آسان ہے، طلبہ کی لیاقت کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے---ہر باب کے آخر میں سوالات وتمرینات ہیں، جس سے اس کی افادیت دوچند ہوگئی ہے---احقر نے جستہ جستہ اس کا مطالعہ کیا ہے

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علائی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

اوراسے بے حد مفید پایا ہے---

اللہ تعالیٰ جل وعلا عزیز شارح کے علم وعمل میں مزید برکتیں عطا فرمائے، ان کی اس کتاب کو قبولیتِ عامہ سے سرفراز فرمائے اور انہیں صحت وعافیت کے ساتھ بیش از بیش خدماتِ دینیہ کی مزید توفیق مرحمت فرمائے---

آمین بجاہ طٰہٰ و یٰس

صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ و آلہ و صحبہ اجمعین

(صاحبزادہ) محمد محبّ اللہ نوری

دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف (اوکاڑا)

یکم ربیع النور ۱۴۳۹ھ، سوموار

مرکز علی بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

نواسۂ فقیہِ اعظم جگر گوشۂ امام الصرف والنحو استاذ العلماء

خطبۂ اشرفیہ مفتی **محمد عرفان اللہ اشرفی** زید مجدہ

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ/رئیس التبلیغ داتادربار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْمُسْتَعَانِ الرَّحْمٰنِ، الْمَحْمُوْدِ بِکُلِّ لِسَانٍ، الْمَعْرُوْفِ بِالْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ، الَّذِیْ شَرَّفَ نَوْعَ الْاِنْسَانِ، بِالْاَصْغَرَیْنِ الْقَلْبِ وَاللِّسَانِ، وَفَضَّلَہٗ عَلٰی سَائِرِ الْحَیَوَانِ، بِنِعْمَتَیِ الْمَنْطِقِ وَالْبَیَانِ، وَصَرَّفَ قُلُوْبَنَا اِلٰی حُبِّہٖ وَحُبِّ حَبِیْبِہٖ سَیِّدِ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ، وَشَرَحَ صُدُوْرَنَا بِنُوْرِ الصِّدْقِ وَالْاِیْقَانِ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ الْاَتَمَّانِ فِیْ کُلِّ حِیْنٍ وَّاٰنٍ، عَلَی الْمَبْعُوْثِ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ، سَیِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ فِیْ نَوْعِ الْاِنْسَانِ، مُعَلِّمِ الْخَیْرَاتِ وَالْاِحْسَانِ، مَالِکِ الْکَوْنِ عَالِمِ مَایَکُوْنُ وَمَا کَانَ، وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ عَلَیْہِمُ الرِّضْوَانُ، الَّذِیْنَ ھَزَمُوْا جُمُوْعَ الْکُفْرِ بِالسَّیْفِ وَالسِّنَانِ، وَاَضَاءُوْا شُمُوْعَ الْاِھْتِدَاءِ لِمَنْ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ، ضَاعَفَ اللّٰہُ اُجُوْرَ اَعْمَالِھِمْ عِنْدَ وَضْعِ **الْمِیْزَانِ**، وَعَلٰی اَوْلِیَاءِ اُمَّتِہِ الَّذِیْنَ ھُمْ مَصَادِرُ الرُّشْدِ وَ**الْعِرْفَانِ**، وَعَلٰی عُلَمَاءِ مِلَّتِہِ الَّذِیْنَ ھُمْ مَعَادِنُ الْھِدَایَۃِ وَالْاَمَانِ، وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ یَارَحْمٰنُ یَامَنَّانُ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

حرفِ آغاز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہم و ادراکِ قرآن وسنت عربی علوم پر موقوف ہے اور عربی علوم میں علمِ صرف اساسی حیثیت رکھتا ہے۔ پھر صرف کی معتبر اور مستند کتب میں سے ''میزان الصرف'' کو سب سے بنیادی مقام حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام دینی مدارس میں علمِ صرف کی ابتداء ''میزان الصرف'' سے کی جاتی ہے۔

''میزان الصرف'' فارسی زبان کی تصنیف ہے مگر چونکہ دورِ حاضر میں مدارسِ دینیہ میں فارسی زبان سیکھنے کا رجحان بہت کم ہوگیا ہے اسی بناء پر میزان الصرف کے بہت سے اردو تراجم اور شروحات لکھی گئی ہیں مگر عربی زبان کے مبتدی کے لئے ایک ایسی کتاب کی اشد ضرورت تھی جو آسان فہم ہونے کے ساتھ ساتھ '' منشعب'' کی تمام گردانوں پر مشتمل ہو، اس شدید احتیاج کے پیشِ نظر یہ کتاب ''عرفان الصرف'' ترتیب دی گئی ہے تاکہ طلباء کے تینوں طبقات بالخصوص متوسط اور ادنیٰ طبقہ کے طلباء اس سے استفادہ کرسکیں۔

مرکز علی بن عثمان

خصوصیاتِ ''عرفان الصرف'':

۱۔ میزان الصرف اور منشعب کا مکمل متن اور اس کا ترجمہ شامل کیا گیا ہے۔

۲۔ جو ضروری اصطلاحات میزان و منشعب میں مذکور نہ تھیں ان کو بھی درج کیا گیا ہے۔

۳۔ گردان بنانے کے طریقے عام روایتی انداز سے ہٹ کر جدول کی صورت میں بیان کیے گئے ہیں۔

۴۔ زیادہ قواعد و تعلیلات اور فنی ابحاث سے گریز کرتے ہوئے فقط بنیادی اصطلاحات و تصریفات کو ہی زیرِ بحث لایا گیا ہے۔

۵۔ منشعب کی ابحاث کو ذکر کرکے تصریفات کو الگ سے آخر میں لکھا گیا ہے۔

۶۔ منشعب میں موجود صرف صغیر کی بجائے آسان اور مختصر صرف صغیر کو ذکر کیا گیا ہے۔

۷۔ تمام ابواب کی صرف کبیر کو بھی تحریر کردیا گیا ہے۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

۸۔منشعب میں مذکورہ مصادر کے معانی اور حروفِ اصلیہ کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ ان مصادر کی صرف صغیر کو بھی ذکر کیا گیا ہے۔

۹۔ ہر فصل کے آخر میں جبکہ تصریفات میں صرف مشہور ابواب کے آخر میں سوالات و تمرینات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

۱۰۔کوشش کی گئی ہے کہ تمرین میں زیادہ تر وہ صیغے پوچھے جائیں جو قرآن مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔

۱۱۔ وہ مشہور مصادر جو منشعب میں نہیں آئیں انہیں تمرینات میں شامل کیا گیا ہے جبکہ ان مصادر کے معانی اور حروفِ اصلیہ کو بھی واضح کر دیا گیا ہے۔

عرضِ عاجزانہ:

اپنی بساط کے مطابق حتی الوسع کوشش کی ہے کہ غلطیوں کا صدور کم سے کم ہو پھر بھی غلطیوں کا سرزد ہو جانا بعید از قیاس نہیں لہٰذا اہل علم حضرات اور طلباء کرام سے گزارش ہے کہ دورانِ مطالعہ اگر کسی بھی قسم کی کوئی کمی بیشی یا ضعف و سقم پائیں یا کوئی مفید تجویز ہو تو براہِ کرم آگاہ فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا مرکز علی بن عثمان

اظہارِ تشکر:

اس موقع پر کلماتِ تحسین پیش کرتے ہوئے سب سے پہلے مشفق و مربی والد گرامی استاذ العلماء حضرت علامہ مفتی محمد عرفان اللہ اشرفی زادہ اللہ تعالیٰ علما و شرفا کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اول تا آخر اس کتاب کی نگرانی فرمائی اور ایک بے ترتیب مجموعے کو حتمی کتابی شکل دینے میں مکمل رہنمائی و معاونت فرمائی۔

محترم دادا جان امام الصرف والنحو استاذ العلماء مولانا محمد ہاشم علی نوری دام مجدہ و علا سعدہ کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اپنی پیرانہ سالی کے باوجود اس مسودہ کو ملاحظہ فرمایا اور قابلِ اصلاح امور کی نشاندہی فرماتے ہوئے قیمتی مشوروں سے نوازا۔

جانشینِ شیخ الفقہ محترم المقام علامہ محمد بدرالزمان قادری زید فضلہ و کرمہ پرنسپل جامعہ ہجویریہ دربارِ عالیہ حضور داتا گنج بخش رحمہ اللہ کا ممنون ہوں جن کی شفقتیں اور توجہات

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

ہمہ وقت شامل حال رہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ ان تمام احباب کا صدقِ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے کتاب کی نشر و اشاعت میں تعاون کیا ان میں بالخصوص حضرت علامہ مولانا الحاج محمد جعفر ضیاء القادری مد ظلہ العالی ہیں جنہوں نے طباعت سے متعلق مکمل معلومات فراہم کیں۔

اللہ رب العزت ان تمام حضرات کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور اس ادنیٰ کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت سے نوازے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

دُعا جُو

محمد مظاہر اشرف

۱۸ر صفر المظفر ۱۴۳۹ھ۔ بمطابق 8ر نومبر 2017ء

مرکز علی بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

تعارف

صاحبِ میزان الصرف

درسِ نظامی میں علمِ صرف سے متعلق ''میزان الصرف'' ایک اساسی اور بنیادی رسالہ ہے جس کو کتبِ عربیہ میں خشتِ اوّل کا درجہ حاصل ہے۔ نہ اس کے بغیر کسی عربی خواں کی ابتداء ہوتی ہے اور نہ کوئی منتہی اس سے بے نیاز ہوتا ہے۔ صغیر الحجم ہونے کے باوجود کثیر النفع ہونے کے لحاظ سے جو عظمت وشہرت اس کتاب کو حاصل ہے وہ شہرت آفتاب وماہتاب سے کم نہیں۔

بختاور علی خار نے لکھا سلطان سکندر بن بہلول لودی نے مشہور بزرگ اور صوفی سماء الدین ملتانی سے میزان کا ایک سبق پڑھا تھا لیکن یہ عجیب بات ہے کہ جتنی اس کتاب کی شہرت ہے اتنا ہی اس کا مصنف گمنام ہے۔

مرکز علی بن عثمان

صاحبِ میزان الصرف کے بارے میں مختلف اقوال ملتے ہیں:

۱۔ شیخ سعدی علیہ الرحمہ

۲۔ شیخ وجہ الدین بن عثمان بن حسین

۳۔ ملا حمزہ بدایونی

۴۔ شیخ صفی الدین بن نظام الدین بن خواجہ آدم غزنوی

۵۔ محمد بن مصطفیٰ بن الحاج حسن

۶۔ شیخ سراج الدین عثمان اودھی

شیخ سراج الدین عثمان اودھی:

زیادہ تر علماء کے نزدیک میزان الصرف کے مصنف شیخ سراج الدین عثمان اودھی رحمہ اللہ ہیں۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علائی بن عثمان

نام:

آپ کا نام عثمان ہے، لقب سراج الدین ہے اور سراج الدین اودھی سے مشہور ہیں۔ ریاست اودھ کے باشندے تھے اسلئے اودھی کہلاتے تھے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ لکھنوتی ریاست بنگال کے باشندے تھے۔

سلسلۂ ارادت:

نوعمری میں سلطان المشائخ شیخ نظام الدین اولیاء محمد بدایونی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں دہلی پہنچے اور آپ علیہ الرحمہ کے حلقۂ ارادت میں شامل ہوگئے۔

حصولِ علم:

حضرت سلطان المشائخ علیہ الرحمہ کی ایماء پر تحصیلِ علم کے لئے غیاث پور میں مولانا فخر الدین زرادی علیہ الرحمہ کی خدمت میں حاضر ہوکر علم صرف کی مختلف کتابیں پڑھیں اس کے بعد سلطان المشائخ علیہ الرحمہ کے ایک اور مرید مولانا رکن الدین اندر پتی علیہ الرحمہ سے کافیہ، مفصل، قدوری اور مجمع البحرین پڑھی۔

علمی مقام:

علوم وفنون میں کامل مہارت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ آپ علیہ الرحمہ کو فتویٰ نویسی اور تدریس میں بھی کمال حاصل تھا۔ صاحبِ خزینۃ الاصفیاء کا بیان ہے:

> ''آپ علیہ الرحمہ چھ ماہ کے عرصہ میں علم کے اس مقام پر پہنچ گئے تھے کہ بڑے سے بڑے عالم کو بھی آپ سے بحث ومناظرہ کی ہمت نہ ہوتی تھی''۔

ولایت:

آپ بہت بڑے ولی اور صاحبِ ریاضت تھے، مشائخِ چشت میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ آپ علیہ الرحمہ نے حضرت سلطان المشائخ کے انتقال کے تین سال بعد بنگال کا

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علائی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

سفر کیا، بنگال میں آپ کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ شیخ علاء الدین پنڈ ولی بنگالی رحمۃ اللہ علیہ آپ ہی کے خلیفہ تھے۔

تصنیفات:

آپ کی تصنیفات میں میزان الصرف اور ہدایۃ النحو بے حد مقبول ہیں۔

وفات:

آپ علیہ الرحمہ کی وفات ۷۵۸ھ میں ہوئی۔

صاحبِ منشعب

منشعب کے مصنف کے بارے میں دو قول ہیں:

۱۔ ملا بزرچمہر

۲۔ ملا حمزہ بدایونی

مرکز علی بن عثمان

صحیح قول یہ ہے کہ یہ کتاب ملا حمزہ بدایونی کی ہے ملا بزرچمہر کی طرف اس کتاب کو منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

صاحبِ منشعب کے مزید احوال معلوم نہیں ہو سکے۔

[ماخوذ از ظفر المحصلین باحوال المصنفین]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

عرفان الصرف ـــــ حصہ اوّل

﴿مقدّمہ میزان الصّرف﴾

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علم بن عثمان

متن و ترجمہ مقدمہ میزان الصرف

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحمت والا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى رَحۡمَةٍ لِّلۡعَالَمِيۡنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے اور درود (نازل ہو)
تمام جہانوں کے لئے رحمت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ کی تمام آل پر۔

تعریفِ عِلمِ صَرف: عِلمِ صَرف آں اسُت کہ دَرُو بیاں کَردَہ باشَد بِناءِ
علمِ صرف کی تعریف: علم صرف وہ ہے جس میں بیان کیا جاتا ہے
کَلِمات و تَغَیُّرِ کَلِمات سِوائے اِعراب وبِناء۔ مَوضُوعِ اُو: "اَلۡكَلِمَةُ مِنۡ حَيۡثُ
کلمات کے بنانے اور کلمات کی تبدیلی کا سوائے اعراب و بناء کے۔اس کا موضوع: ''کلمہ
الصِّيۡغَة" اسُت۔ غَرَضِ علمِ صرف: آں اسُت کہ انسان بَوَقتِ تَلَفُّظ کَلِماتِ
صیغہ کی حیثیت سے'' ہے۔علمِ صرف کی غرض: یہ ہے کہ انسان عربی کلمات کے تلفظ کے وقت
عَرَبِیَّہ اَز خَطاءِ لفظی بَحَسۡبِ صِیغَہ مَحفوظ میباشَد۔ *لَفظ:* آں باشَد کہ
صیغہ کے اعتبار سے لفظی غلطی سے بچ جائے۔ لفظ: وہ ہے کہ
انسان اُورا تَلَفُّظ میتواں کَرد وَ دَر لُغَت مُطلَقًا اَنداختَن اسُت۔ *سِہ اقسامِ لفظ:*
انسان جس کا تلفظ کرسکے اور لغت میں مطلقاً پھینکنا ہے۔لفظ کی تین قسمیں:
لفظ مُہمَل، لفظ مُستَعمَل مُفرَد، لفظ مُستعمل مُرَکَّب۔ *لفظ مُہمَل:* آں باشَد

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

مرکز علم بن عثمان

لفظ مہمل، لفظ مستعمل مفرد، لفظ مستعمل مرکب ۔ لفظ مہمل: وہ (لفظ) ہے

کہ وَضع نَہ کَردَہ باشد بَرائے مَعنٰی، چُوں: **جَسَقٌ**، وہَمَہ لواحِق بے معنٰی،

کہ وضع نہ کیا گیا ہو معنٰی کے لئے، جیسے: جَسَقٌ، اور تمام بے معنٰی لاحقے،

چُوں: **مَاءٌ وَاوٌ**. لفظ مستعمل مفرد: آں باشَد کہ یَکی لفظ وَضع کَردَہ

جیسے: مَاءٌ وَاوٌ۔ لفظ مستعمل مفرد: وہ ہے کہ ایک لفظ وضع کیا گیا

باشَد بَرائے دَلالَت بَریَك معنٰی، چُوں: **ضَرَبَ، رَجُلٌ، مِنْ**۔ لفظ مستعمل

ہو دلالت کرنے کے لئے ایک معنٰی پر، جیسے: ضَرَبَ، رَجُلٌ، مِنْ ۔ لفظ مستعمل

مرکب: آں باشَد کہ از د و کلِمہ (مُفرَد) یا اَز زیادہ حاصل شَوَد، چُوں:

مرکب: وہ ہے کہ دو یا زیادہ (مفرد) کلموں سے حاصل ہو، جیسے:

ضَرَبَ زَیْدٌ، زَیْدٌ ضَرَبَ. صَرفِیاں اَز مُفرَدات بَحث میکُنَند ونَحوِیاں اَز مُرَکَّبات

ضَرَبَ زَیْدٌ، زَیْدٌ ضَرَبَ۔ صرفی حضرات مفردات سے بحث کرتے ہیں اور نحوی حضرات مرکبات سے،

چُوں مُفرد اَز مرکب مُقَدَّم باشَد طَبعًا پس بِاَیں وَجہ عِلمِ صَرف را اَز نَحو مقدم مے خوانَد۔

چونکہ مفرد طبعی طور پر مرکب سے پہلے ہے تو اسی وجہ سے علمِ صرف کو نحو سے پہلے پڑھا جاتا ہے۔

سہ اَقسامِ کلِمہ: اِسم، فعل، حَرف۔ اسم: آں کلِمہ اسْت کہ بَر معنٰی

کلمہ کی تین قسمیں: اسم، فعل، حرف۔ اسم: وہ کلمہ ہے جو

مُستقِل دلالت بِنَفْسِہٖ کُنَد وَمُقْتَرِن بَیَکے اَز اَزمِنَۂ ثلاثہ (ماضی، حال

مستقل معنٰی پر اپنے آپ دلالت کرے اور ملا ہوا نہ ہو کسی ایک زمانے سے تین زمانوں (ماضی، حال

و مستقبل) نَباشَد، چُوں: **رَجُلٌ**. فعل: آں کلِمہ اسْت کہ بَرمعنٰی مستقل

اور مستقبل) میں سے، جیسے: رَجُلٌ۔ فعل: وہ کلمہ ہے جو مستقل معنٰی پر

دلالت بِنفسہٖ کُنَد ومُقترَن بَیَکے اَز اَزمِنَہ ثلاثہ باشَد، چُوں: **ضَرَبَ**،

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

اپنے آپ دلالت کرے اور ملا ہوا ہو کسی ایک زمانے سے تین زمانوں میں سے، جیسے: ضَرَبَ،

لَیَضْرِبُ، سَوْفَ یَضْرِبُ۔ حرف: آں کلِمه اسُت که بَر معنٰی مستقل

لَیَضْرِبُ، سَوْفَ یَضْرِبُ۔ حرف: وہ کلمہ ہے جو مستقل معنٰی پر

دَلالَت بِنَفْسِہٖ نَکُنَد بَل مُحتاج باشَد بضَمِّ ضَمِیمَه۔ سه اَقسامِ اِسم:

اپنے آپ دلالت نہ کرے بلکہ محتاج ہو کسی اور کلمہ کو ملانے کا۔ اسم کی تین قسمیں:

مَصدَر، مُشتَق، جامد۔ مصد ر: دَ ر لُغَت جائ صُدُ ور رَا گویَند وَدَ ر

مصدر، مشتق، جامد۔ مصدر: لغت میں صادر ہونے (نکلنے) کی جگہ کو کہتے ہیں اور

اِصطِلاح آں اِسُم اسُت که اَز وَے چیزے اِشتِقاق کَردَه باشَد، وَدَ ر معنٰی

اصطلاح میں وہ اسم ہے کہ اس سے کوئی چیز نکالی گئی ہو، اور

فارسی آخِرِ اُو دَن یا تَن باشَد، چُوں: **فَعَلٌ**: کَردَن، **جُلُوسٌ**: نِشَستَن۔

فارسی معنٰی میں اس کا آخر دَن یا تَن ہو، جیسے: فَعَلٌ: کرنا، جُلُوسٌ: بیٹھنا۔

مُشتَق: آں اِسُم اسُت که اَز مَصدَ ر بِالْواسِطه اِشتِقاق کَردَه باشَد۔

مشتق: وہ اسم ہے جو مصدر سے واسطہ کے ساتھ نکالا گیا ہو۔

تَنبِیه: مُطلَقًا "مُشتَق" فعل و اسم ہر دو را گویَند وَتعریف مُطلقًا

تنبیہ: مطلقا "مشتق" فعل اور اسم دونوں کو کہتے ہیں اور مطلقا

مُشتَق اِیں اَسُت که مُشتَق آں اسُت که اَز مَصدَ ر اِشتِقاق کَردَ ه باشَد

مشتق کی تعریف یہ ہے کہ مشتق وہ (فعل یا اسم) ہے جو مصدر سے نکالا گیا ہو

بِالْواسِطه یا بِلا واسِطه، چُوں: **ضَرَبَ** از **ضَرْبٌ** و **یَضْرِبُ** از **ضَرَبَ** و

کسی واسطہ کے ساتھ یا بغیر واسطہ کے، جیسے: ضَرْبٌ سے ضَرَبَ اور ضَرَبَ سے یَضْرِبُ اور

ضَارِبٌ از **یَضْرِبُ** بَنا کَردَند یَعنی ماضی بِلاواسِطه مُشتَق کَردَه باشَد

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

یَضْرِبُ سے ضَارِبٌ بنائے گئے یعنی ماضی بغیر واسطہ کے نکالا گیا ہے

ودِیگر اَفعال و اَسماء بِالْواسِطه مُشتَق کَردَ ه باشَند۔ جامد: آنسُت که

اور باقی افعال اور اسماء واسطہ کے ساتھ نکالے گئے ہیں۔ جامد: وہ (اسم) ہے جو

اَز چِیزے مُشتَق نَه باشَد وَاَزُو چِیزے مُشتَق نَباشَد۔ سه اقسام فعل:

کسی چیز سے نکلا نہ ہو اور اس سے کوئی چیز نہ نکلے۔ فعل کی تین قسمیں:

ماضی ومُضارِع واَمر۔اَصْل اَقسامِ فِعل اِیں سه اَند وَدِیگر اَز مُضارِع

ماضی، مضارع اور امر۔ فعل کی اصل قسمیں یہ تین ہیں اور باقی مضارع سے

بَنا کَردَه شَوَند۔ ماضی: آں فِعلَسُت که وَضع کَردَه باشَد بَرائے حَد ث

بنائی جاتی ہیں۔ ماضی: وہ فعل ہے جو وضع کیا گیا ہو کسی کام کے پائے جانے کے لئے

دَر زَمانه گُذِ شتَه۔ مُضارِع: دَر لُغَت بَمعنٰی مُشابه اسُت، ودَ ر اِصطِلاح

گزرے ہوئے زمانے میں۔ مضارع: لغت میں مشابہ کے معنٰی میں ہے، اور اصطلاح میں

فِعلیسُت که وَضع کَردَه باشَد بَرائے حُدُوث کارے دَر زَمانِ حال یا

وہ فعل ہے جو وضع کیا گیا ہو کسی کام کے پائے جانے کے لئے موجودہ یا

اِستِقبال۔ اَمر: دَ ر لُغَت فَرمُودَن کارے را گوئَند، وَدَ ر اِصطِلاح فِعلیسُت

آنے والے زمانے میں۔ امر: لغت میں کسی کام کا حکم دینے کو کہتے ہیں، اور اصطلاح میں وہ فعل ہے

مَوضُوع باشَد بَرائے طَلَب اَز مُخاطَب۔ سه اَقسامِ حرف: تَہَجّی، مبانی، معانی۔

جو وضع کیا گیا ہو مخاطب سے طلب کرنے کے لئے۔ حرف کی تین قسمیں: تہجی، مبانی، معانی۔

تہجی یا ہِجا: چُوں حُروف را بَاَ سماء آنہا شمار کَردَه با شَد، مثلًا: **الباء**

تہجی یا ہجا: جب حروف کو ان کے ناموں کے ساتھ شمار کیا جائے، مثال کے طور پر: باء

والجِیم، اِینہا را حُروفِ ہِجا گُفتَه شَوَد۔ مبانی: چُوں حُروف جُزءِ کَلِمه

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

اور جیم، ان کو حروفِ ہجا کہتے ہیں۔ مبانی: جب حروف کلمہ کا حصہ

باشَند آنہارا مبانی گویَند، چُوں: **بَا دَر ضَرَبَ زَیْدٌ**۔ مَعانی: چُوں حُروف

ہوں تو ان کو مبانی کہتے ہیں، جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ میں باء۔ معانی: جب حروف

دَلالَت بَرمَعانی کُنَند حُروفِ مَعانی اَند، چُوں: **بَا دَ رمَرَرْتُ بِزَیْدٍ** دَلالَت بَر اِلصاق کُنَد۔

دلالت کریں معانی پرتو وہ حروفِ معانی ہیں، جیسے: مَرَرْتُ بِزَیْدٍ میں باء الصاق پر دلالت کرتی ہے۔

مِیزان: دَر کَلامِ عَرَب فا و عَین و لام اسْت۔ حَرفے (ہجا) کہ دَر مُقابَلہ

میزان: کلامِ عرب میں فاء، عین اور لام ہے۔ وہ حرف (تہجی) جو مقابلہ میں

فا و عَین و لام اسْت، اَصلی اسْت، چُوں: **ضَرَبَ** بَروَزن **فَعَلَ** وَحَرفیکہ

ہو فاء، عین اور لام کے، اصلی ہے، جیسے: فَعَلَ کے وزن پر ضَرَبَ اور وہ حرف جو

بَمُقابَلہ اِیں حُروف نَباشَد، زائد باشَد، چُوں: **اَکْرَمَ** بَروَزن **اَفْعَلَ**. مُجَرّد:

ان حروف کے مقابلہ میں نہ ہو، زائد ہے، جیسے: اَفْعَلَ کے وزن پر اَکْرَمَ۔ مجرد:

حُروفِ اَصلی فَقَط دَر کلِمہ باشَند زائد نَباشَند، آنرا مُجرّد گویَند۔

کلمہ میں صرف حروفِ اصلی ہوں زائد نہ ہوں، اس کو مجرد کہتے ہیں۔

مَزِید فِیہ: آنرا گویَند کہ دَرُو حُروفِ زائد نِیز باشَند یعنی دَ رُو

مزید فیہ: اس کو کہتے ہیں کہ اس میں زائد حروف بھی ہوں یعنی اس میں

حُروفِ اصلی و حروفِ زائد باشَند۔ سہ اقسام مُجرّد و مَزِید فِیہ:

حروفِ اصلی اور حروفِ زائدہ ہوں۔ مجرد اور مزید فیہ کی تین قسمیں:

ثُلاثی، رُباعی، خُماسی۔ ثلاثی: آں اسْت کہ دَ رُوسہ حُروف باشَند، گر

ثلاثی، رباعی، خماسی۔ ثلاثی: وہ ہے کہ اس میں تین حروف ہوں، اگر

فَقَط اَصلی باشَند، ثُلاثی مُجرد، چُوں: **ضَرَبَ** بَروَزن **فَعَلَ**. وَاَ گر زائد نیز

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

صرف اصلی ہوں تو ثلاثی مجرد، جیسے: فَعَلَ کے وزن پر ضَرَبَ۔ اور اگر زائد بھی

باشَند، ثُلاثی مَزِید فِیه اسْت، چُون: اَکْرَمَ بَروزن اَفْعَلَ. رُباعی: آں اسْت

ہوں تو ثلاثی مزید فیہ ہے، جیسے: اَفْعَلَ کے وزن پر اَکْرَمَ۔ رباعی: وہ ہے

کـه دَ رُو چَهار حُروف باشَند فا وعَین و دولام، گر فَقَط اصلی باشَند،

کہ اس میں چار حروف ہوں فاء، عین اور دولام، اگر صرف اصلی ہوں،

رُبـاعی مجرد، چُون: دَحْرَجَ بَروزن فَعْلَلَ، وَاگـر زائد نِیز باشَند آنرا

تو رباعی مجرد، جیسے: فَعْلَلَ کے وزن پر دَحْرَجَ، اور اگر زائد بھی ہوں تو اس کو

رباعی مزید فیه گویَند، چُون: تَدَحْرَجَ بَروزن تَفَعْلَلَ. تَنبِیه: فعل فقط

رباعی مزید فیہ کہتے ہیں، جیسے: تَفَعْلَلَ کے وزن پر تَدَحْرَجَ۔ تنبیہ: فعل صرف

ثلاثی ورباعی باشَد، نَه خُماسی، واِسم ثلاثی ورُباعی وخُماسی باشَند۔

ثلاثی اور رباعی ہوتا ہے، خماسی نہیں، اور اسم ثلاثی، رباعی اور خماسی ہوتا ہے۔

یعنی فعل را چهار قسم اسْت، ثُلاثی مجرد وثلاثی مزِید فِیه ورباعی

مراد یہ کہ فعل کی چار قسمیں ہیں، ثلاثی مجرد، ثلاثی مزیدفیہ، رباعی

مـجرد ورباعی مزید فیه۔ واِسم را شَش اَقسام اَند۔ ثلاثی مجرد وثلاثی

مجرد اور رباعی مزیدفیہ۔ اور اسم کی چھ قسمیں ہیں۔ ثلاثی مجرد، ثلاثی

مزید فیه ورباعی مجرد ورباعی مزیدفیه وخماسی مجرد وخماسی مزید فیه۔

مزید فیہ، رباعی مجرد، رباعی مزید فیہ، خماسی مجرد اور خماسی مزید فیہ۔

خماسی: آں سُت که دَ رُوپَنج حُروف باشَند فاوعَین وسه لام۔ گر فقط

خماسی: وہ (اسم) ہے کہ اس میں پانچ حروف ہوں، فاء، عین اور تین لام۔ اگر صرف

اصـلی باشَند، آنرا خماسی مجرد گویَند، چُون: جَحْمَرِشٌ بَروزن فَعْلَلِلٌ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

اصلی ہوں، اس کو خماسی مجرد کہتے ہیں، جیسے: فَعْلَلِیْلٌ کے وزن پر جُحْرِشٌ

وگر زائد نِیز باشَند، آنرا خماسی مزیدفیه گویَند، چُوں: خَنْدَرِیْسٌ

اور اگر زائد بھی ہوں، تو اس کو خماسی مزید فیہ کہتے ہیں، جیسے:

بَروزن فَعْلَلِیْلٌ. سِه اَقسامِ وزن: صَرفی، صُوری، عَرُوضی۔

فَعْلَلِیْلٌ کے وزن پر خَنْدَرِیْسٌ۔ وزن کی تین قسمیں: صرفی، صوری، عروضی۔

وزنِ صَرفی: آں سُت که ساکِن مُقابِلِ ساکِن ومُتَحَرِّك مُقابِلِ مُتَحَرِّك

وزنِ صرفی: وہ (وزن) ہے کہ ساکن کے مقابل ساکن اور متحرک کے مقابل متحرک

باشَد مَع خُصُوصِیّتِ حَرَکات وسَکنات واَصلی وزائد، چُوں: ضَوَارِبُ

ہو، ساتھ خصوصیتِ حرکات و سکنات اور حروفِ اصلیہ و زائدہ کے، جیسے: ضَوَارِبُ

بَروَزن فَوَاعِلُ. وزنِ صُوری: آں سُت که ساکِن مُقابِلِ ساکِن مُتَحَرِّك

فَوَاعِلُ کے وزن پر۔ وزنِ صوری: وہ (وزن) ہے کہ ساکن کے مقابل ساکن متحرک

مُقابِلِ مُتَحَرِّك باشَد مَع خصُوصیّت حَرَکات وسکنات سِوائے لِحاظِ

کے مقابل متحرک ہو، ساتھ خصوصیتِ حرکات وسکنات کے، بغیر (حروفِ)

اصلی وزائد، چُوں: ضَوَارِبُ بروَزن مَفَاعِلُ، وچُوں: وَهُوَ بروَزن فَعُلَ.

اصلیہ اورزائدہ کے لحاظ کے، جیسے: مَفَاعِلُ کے وزن پر ضَوَارِبُ، اور جیسے: فَعُلَ کے وزن پر وَهُوَ۔

وزنِ عرُوضی: آں سُت که ساکِن مُقابِلِ ساکِن مُتحرِّك مقابلِ مُتحرِّك باشَد،

وزنِ عروضی: وہ (وزن) ہے کہ ساکن کے مقابل ساکن متحرک کے مقابل متحرک ہو،

سِوائے لِحاظِ خصوصیّتِ حرَکات وسکنات وسِوائے لِحاظِ اَصلی

بغیر لحاظ کئے خصوصیتِ حرکات و سکنات کا اور بغیر لحاظ کئے (حروفِ) اصلیہ

وزائد، چُوں: شَرِیْفٌ بروَزن فَعُوْلٌ، وچُوں: یَادَائِمِیْ بروَزن مُسْتَفْعِلُنْ. سِه

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

اورزائدہ کا، جیسے: فَعُوْلٌ کے وزن پر شَرِیْفٌ۔ اور جیسے: مُستَفْعِلُنْ کے وزن پر یَا دَائِمُ۔ تین

اقسامِ حَرَکات: حَرَکاتِ اِعرابیّہ، حَرَکاتِ بِنائِیّہ، حَرَکاتِ مُشْتَرَکہ۔

قسمیں حرکت کی: حرکاتِ اعرابیہ، حرکاتِ بنائیہ، حرکاتِ مشترکہ

ھَفْت اَقسام: ہَمَہ اَسْماء واَفعال اَز ہَفْت اَقْسام بَیرُون نیسْت: صَحِیح،

ہفت اقسام: تمام اسماء اور افعال سات قسموں سے باہر نہیں ہیں: صحیح،

مَہمُوز، مُضاعَف، مِثال، اَجوَف، ناقِص، لَفِیف۔ بَعْضے ہَفْت اَقسام را

مہموز، مضاعف، مثال، اجوف، ناقص، لفیف۔ بعض حضرات سات قسموں کو

چَہار اَقسام گوِیَند: صَحِیح، مَہمُوز، مُضاعَف، مُعتَل۔ ومُعتَل را بَردو

چار قسمیں کہتے ہیں: صحیح، مہموز، مضاعف، معتل، اور معتل کو دو

قِسْم مُنْقَسِم کَردَند: مُعتَل بَیَك حَرف ومُعتَل بَد و حَرف۔ ومُعتَل بَیَك

قسموں پر تقسیم کرتے ہیں: معتل بیک حرف اور معتل بدو حرف۔ اور معتل بیک

حَرْف را بَر سِہ اَقْسام مُنْقَسِم کَردَ ند: مُعتَلُّ الْفَاء ومُعْتَلُّ الْعَیْن ومُعْتَلُّ اللَّام۔

حرف کو تین قسموں پر تقسیم کرتے ہیں: معتل الفاء، معتل العین اور معتل اللام۔

صَحِیح: آنسْت کہ دَ ر مُقابَلَہ فا وعَین و لام کَلِمَۂ اُو حَرفِ عِلَّت و ہَمزَہ

صحیح: وہ ہے کہ اس کے فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علت، ہمزہ

ودو حَرف بَیَك جِنْس نَباشَد: چُوں: **ضَرَبَ** و **ضَرْبٌ**. و دَر **ضَارِبٌ** و

اور دو حروف ایک جنس کے نہ ہوں، جیسے: ضَرَبَ اور ضَرْبٌ۔ اور ضَارِبٌ،

یَضْرِبُ و **ضُوَیْرِبٌ** اَ گَرچہ حَرفِ عِلَّت اسْت لیکِنْ دَر فا کَلِمہ و عَین و

یَضْرِبُ اور ضُوَیْرِبُ میں اگرچہ حرفِ علت ہے مگر فاء، عین اور

لام نیسْت، لِہٰذا صَحِیح اسْت۔ تَنبِیہ: نَزد نَحْوِیاں صَحِیح آنسْت کہ دَ ر

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

لام کلمہ کے (مقابلہ) میں نہیں ہے، اس لئے صحیح ہے۔ تنبیہ: نحویوں کے نزدیک صحیح وہ ہے کہ

آخِرِ اُو حَرفِ عِلَّت نَباشَد فَقَط۔ لِہٰذا مَہمُوز و مُضاعَف و مِثال واَجوَف

اس کے آخر میں صرف حرفِ علت نہ ہو۔ اس لئے مہموز، مضاعف، مثال اور اجوف

نَزد نَحُویاں صَحِیح اَند۔ مَہمُوز: آں سُت کہ دَر مُقَابَلَہ فا یا عَین یا لام

نحویوں کے نزدیک صحیح ہیں۔ مہموز: وہ ہے کہ اس کے فاء، عین یا لام

کِلمہ اُو ہَمزَہ باشَد۔ و مَہمُوز بَرسِہ قِسم اسُت: مَہمُوزُالْفَاء، مَہمُوزُالْعَیْن،

کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو۔ اور مہموز تین قسم پر ہے: مہموز الفاء، مہموز العین،

مَہمُوزُاللَّام۔ مَہمُوزُالْفَاء: آنسُت کہ دَر مُقَابَلَہ فا کلمہ اُو ہَمزَہ بَوَد، چُوں:

مہموز اللام۔ مہموز الفاء: وہ ہے کہ اس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، جیسے:

اَمَرَ و اَمْرٌ. مَہمُوزُالْعَیْن: آں سُت کہ دَر مُقابَلہ عَین کِلمہ اُو ہَمزَہ بَوَد،

اَمَرَ اور اَمْرٌ۔ مہموز العین: وہ ہے کہ اس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو،

چُوں: سَأَلَ وسَأْلٌ۔ مَہمُوزُاللَّام: آں سُت کہ دَر مُقابَلہ لام کِلمہ اُو ہمزہ

جیسے: سَأَلَ اور سَأْلٌ۔ مہموز اللام: وہ ہے کہ اس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ

بَوَد، چُوں: قَرَءَ و قَرْءٌ. مُضاعَف: آں باشَد کہ دَرُود و حَرف بَیَك جِنُس

ہو، جیسے: قَرَءَ اور قَرْءٌ۔ مضاعف: وہ ہے کہ اس میں ایک جنس کے دو حروف

باشَد، بازْ مُضاعَف بَرد و قِسم اسُت: مُضاعَف ثُلاثی ومُضاعَف رُباعی۔

ہوں، پھر مضاعف دو قسم پر ہے: مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی۔

مُضاعَف ثُلاثی: آں باشَد کہ دَر مُقابَلہ عَین و لام کِلمہ اُو دوحَرف بَیَك

مضاعف ثلاثی: وہ ہے کہ اس کے عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں دو حروف ایک

جِنس باشَد، چُوں: مَدَّ دَراَصل مَدَدَ بُود و مَدَّ دَراَصل مَدْدٌ بُود۔ مُضاعَف

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

جنس کے ہوں، جیسے: مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا، اور مَدٌّ اصل میں مَدْدٌ تھا۔ مضاعف

رُباعی: آں باشَد کہ دَر مُقابَلہ فا کلِمہ ولامِ اَوَّل وعَین ولامِ ثانی دو

رباعی: وہ ہے کہ فاءکلمہ اور پہلے لام اور عین (کلمہ) اور دوسرے لام کے مقابلہ میں دو

حَرف بَیَك جِنس باشَد، چُوں: **زَلْزَلَ، زِلْزَالٌ.** مُعتَل: آں باشَد کہ دَرُو

حروف ایک جنس کے ہوں، جیسے: زَلْزَلَ، زِلْزَالٌ۔ معتل: وہ ہے کہ اس میں

حَرفِ عِلَّت باشَد یَك یا د و۔ گر یَك حَرفِ عِلّت باشَد آں را مُعتَل بَیَك

ایک یا دو حرف علت ہوں۔ اگر ایک حرف علت ہو تو اس کو معتل بیک

حَرف گویَند، وَگر د و باشَد آں‌را مُعتَل بَد و حَرف گویَند۔ حُرُوفِ

حرف کہتے ہیں، اور اگر دو ہوں تو اس کو معتل بدو حرف کہتے ہیں۔ حروفِ

عِلَّت: سِہ اَند: واؤ، الف، یا، مَجمُوعَہ وے وای بَوَد۔ عِلَّت دَر لُغَت مَرَض

علت: تین ہیں: واؤ، الف، یاء، اس کا مجموعہ وای ہے۔ علت لغت میں بیماری

را گویَند، چُوں اِیں حُرُوف اَز دَہانِ مَرِیض بَوَقتِ دَ رد صاد ر شَوَند

کو کہتے ہیں، چونکہ یہ حروف تکلیف کے وقت بیمار کے منہ سے نکلتے ہیں

پَس اَزیں وَجہ اِینہارا عِلّت گویَند، یا مِثلِ مَرَض اِیں حُرُوف مُتَغَیّر

اسی وجہ سے ان حروف کو علت کہتے ہیں، یا بیمار کی طرح یہ حروف تبدیل

شَوَند، یا مِثلِ مَرِیض اِیں حُرُوف ضَعِیف شَوَند۔ مُعْتَلُّ الْفَاء/ مِثال: آں

ہوتے ہیں، یا بیمار کی طرح یہ حروف کمزور ہوتے ہیں۔ معتل الفاء/ مثال: اس

را گویَند کہ دَ ر مُقابَلہ فاء کلِمہ اُو حَرف عِلّت باشَد۔ اگر واؤ واقِع شَوَد

کو کہتے ہیں جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علت ہو۔ اگر واؤ واقع ہو تو

آں را مِثال واوی یا مُعْتَلُّ الْفاء واوی گویَند، چُوں: **وَعْدٌ، وَعَدَ.** اگر یا

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

اس کو مثال واوی یا معتل الفاء واوی کہتے ہیں، جیسے: وَعْدٌ، وَعَدَ۔ اگر یاء

واقِع شَوَد آں را مِثال یائی یا مُعْتَلُّ الْفاء یائی گویَند چُوں **یُسْرٌ، یَسَرَ.**

واقع ہو تو اس کومثال یائی یا معتل الفاء یائی کہتے ہیں، جیسے: یُسْرٌ، یَسَرَ۔

مُعْتَلُّ الْعَین/اَجوَف: آں باشَد کہ دَر مُقابَلہ عَین کلِمہ اُو حَرفِ عِلّت

معتل العین/ اجوف: وہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علت

باشَد، اگر واؤ واقِع شَوَد آں را اَجوَف واوی یا مُعْتَلُّ الْعَین واوی

ہو، اگر واؤ واقع ہو تو اس کو اجوف واوی یا معتل العین واوی

گویَند، چُوں: **قَوْلٌ** و **قَالَ** دَراَصل **قَوَلَ** بُود، واگر یا واقِع شَوَد آں را

کہتے ہیں، جیسے: قَوْلٌ اور قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، اور اگر یاء واقع ہو تو اس کو

اَجوَف یائی یا مُعْتَلُّ الْعَین یائی گویَند، چُوں: **بَیْعٌ** و **بَاعَ** دَ راَصل **بَیَعَ** بُود۔

اجوف یائی یا معتل العین یائی کہتے ہیں، جیسے: بَیْعٌ اور بَاعَ اصل میں بَیَعَ تھا۔

مُعْتَلُّ اللّام/ ناقِص: آنسُت کہ دَ ر مُقابَلہ لام کلِمہ اُو حَرفِ عِلَّت واقِع

معتل اللام/ ناقص: وہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علت واقع

شَوَد، اگر واؤ واقِع شَوَد آں را ناقِص واوی یا مُعْتَلُّ اللّام واوی گویَند

ہو، اگر واؤ واقع ہو تو اس کو ناقص واوی یا معتل اللام واوی کہتے ہیں،

چُوں: **دَعْوَۃٌ** و **دُعَاءٌ** دَراَصل **دُعَاوٌ** بُود، و **دَعَا** دَراَصل **دَعَوَ** بُود۔ وَاگر یا

جیسے: دَعْوَۃٌ اور دُعَاءٌ اصل میں دُعَاوٌ تھا، اور دَعَا اصل میں دَعَوَ تھا، اور اگر یاء

واقِع شَوَد آں را ناقِص یائی یا مُعْتَلُّ اللّام یائی گویَند، چُوں: **رَمْیٌ** و

واقع ہو تو اس کو ناقص یائی یا معتل اللام یائی کہتے ہیں، جیسے: رَمْیٌ اور

رَمٰی دَراَصل رَمَیَ بُود۔ (مُعتَل بَد و حَرف را لَفِیف گویَند)۔ لَفِیف: آں را

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

رَمٰی اصل میں رَمَیَ تھا (معتل بدو حرف کو لفیف کہتے ہیں)۔ لفیف: اس کو

گویَند کہ دَرُو دو حَرفِ عِلَّت واقِع شَوَند۔ لَفِیف بَردو قِسم اسُت:

کہتے ہیں جس میں دو حرفِ علت واقع ہوں۔ لفیف دو قسم پر ہے:

مَفرُوق و مَقرُون۔ لَفِیف مَفرُوق: آنسُت کہ دَر مُقابَلہ فا ولام کلِمہ اُو

مفروق اور مقرون۔ لفیف مفروق: وہ ہے جس کے فاء اور لام کلمہ کے مقابلہ میں

حَرفِ عِلَّت واقِع شَوَد، چُوں: وَقٰی و وَقٰی دَ راَصل وَقَیَ بُود۔ لَفِیف

حرف علت واقع ہو، جیسے: وَقٰی اور وَقٰی اصل میں وَقَیَ تھا۔ لفیف

مَقرُون: آنسُت کہ دَ ر مُقابَلہ عَین و لام کلِمہ اُو حَرفِ عِلَّت واقِع شَوَد،

مقرون: وہ ہے جس کے عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علت واقع ہو،

چُوں: طَیَّ دَراَصل طَوْیٌ بُود وَ طَوٰی دَ راَصل طَوَیَ بُود۔ تَنبِیہ: اَلِف

جیسے: طَیَّ اصل میں طَوْیٌ تھا اور طَوٰی اصل میں طَوَیَ تھا۔ تنبیہ: الف

اگرچہ حَرفِ عِلَّت اسُت لیکِن اَلِف بِذاتِہٖ دَ ر مُعتَل واقِع نَشَوَد وَگر اَلِف

اگرچہ حرفِ علت ہے لیکن الف ذاتی طور پر معتل میں واقع نہیں ہوتا اور اگر الف

واقِع شُد پَس اُو مُتَغَیّر اَز واؤ یا یاء شَوَد، چُوں: قَالَ و دَعَا دَ راَصل قَوَلَ

واقع ہو تو اس کو بدلا گیا ہوگا واؤ یا یاء سے، جیسے: قَالَ اور دَعَا اصل میں قَوَلَ

و دَعَوَ بُود، اِیں اَلِف مُتَغَیّر اَز واؤاسُت وَدَر بَاعَ ورَمٰی اَلِف مُتَغَیّر اَز یا

اور دَعَوَ تھے، یہ الف بدلا ہوا ہے واؤ سے اور بَاعَ اور رَمٰی میں الف بدلا ہوا ہے یاء سے،

اسُت، کہ دَراَصل بَیَعَ و رَمَیَ بُودَند پَس اَزِیں وَجہ مُعتَل واوی و مُعتَل

جو اصل میں بَیَعَ اور رَمَیَ تھے، تو اسی وجہ سے معتل واوی اور معتل

یائی گویَند مُعتَل اَلِفی نَگویَند، لیکِن نَزد نَحوِیاں مُعتَل فَقَط اُو را

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

یائی کہتے ہیں معتل الفی نہیں کہتے، مگر نحویوں کے نزدیک معتل صرف اس کو

گویَند کہ دَر مُقابَلَہ لام کلِمہ اُو حَرفِ عِلَّت بَوَد وَنَحُویاں ظاہِر حال

کہتے ہیں جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علت ہو اور نحوی حضرات ظاہری حالت

را بِینَند اگرچہ دَراَصل واؤ یا یاء باشَد لیکِن ظاہِرًا اگر اَلِف باشَد،

کو دیکھتے ہیں چاہے اصل میں واؤ یا یاء ہو، مگر ظاہری طور پر اگر الف ہو،

نَزد نَحُویاں مُعتَل اَلِفی باشَد، چُوں: یَخْشٰی نَزد نَحُویاں مُعتَل اَلِفی

نحویوں کے نزدیک معتل الفی ہے، جیسے: یَخْشٰی نحویوں کے نزدیک معتل الفی

اسُت لیکِن نَزد صَرفِیاں مُعتَل یائی اسُت کہ دَراَصل یَخْشَیُ بُود لیکِن مَہمُوز

ہے مگر صرفیوں کے نزدیک معتل یائی ہے کہ اصل میں یَخْشَیُ تھا لیکن مہموز،

و مِثال واوی و مِثال یائی واَجوَف واوی و اَجوَف یائی ومُضاعَف ثُلاثی

مثال واوی، مثال یائی، اجوف واوی، اجوف یائی، مضاعف ثلاثی

ومُضاعَف رُباعی ہَمَہ نَزد نَحُویاں صَحِیح اَند چُوں دَر آخِر اُو حَرفِ عِلَّت نَباشَد۔

اور مضاعف رباعی تمام نحویوں کے نزدیک صحیح ہیں جبکہ اس کے آخر میں حرفِ علت نہ ہو۔

شرح مقدمہ میزان الصرف

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۱

علمِ صرف

علمِ صرف کی تعریف:

علم صرف وہ علم ہے جس میں کلمات کے بنانے اور ان کی اس تبدیلی کا بیان ہوتا ہے جو اِعراب وبِناء کے علاوہ ہو۔

علمِ صرف کی وجہ تسمیہ:

اس علم کو علمِ صرف اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ صرف کا معنٰی ہے پھیرنا اور اس علم میں ایک کلمہ کو پھیر کر اس کی مختلف صورتیں بنانے کے طریقے بیان کئے جاتے ہیں۔

علمِ صرف کا موضوع:

مرکز علی بن عثمان

علمِ صرف کا موضوع کلمہ ہے صیغہ کی حیثیت سے (کہ کلمہ کا صیغہ اور شکل کون سی ہے)۔

علمِ صرف کی غرض:

علمِ صرف کی غرض یہ ہے کہ انسان عربی کلمات کے تلفظ کے وقت ایسی لفظی غلطی سے بچ جائے جو صیغہ کے اعتبار سے واقع ہوتی ہے۔

علمِ صرف کو علمِ نحو سے پہلے پڑھنے کی وجہ:

صرفی حضرات مفردات سے بحث کرتے ہیں جبکہ نحوی حضرات مرکبات سے، مفرد طبعی طور پر مرکب سے پہلے ہوتا ہے اسی بناء پر علمِ صرف کو علمِ نحو سے پہلے پڑھتے ہیں۔

سوالات

سوال نمبر۱: علمِ صرف کی تعریف اور وجہ تسمیہ بیان کریں۔

سوال نمبر۲: علمِ صرف کا موضوع اور غرض کیا ہے؟

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔۲

لفظ اور اس کی اقسام

لفظ کا معنٰی:

لغت میں لفظ کا معنٰی ہے پھینکنا۔

لفظ کی تعریف:

لفظ اس چیز کو کہتے ہیں جس کا انسان تلفظ کر سکے۔

لفظ کی اقسام:

مرکز علی بن عثمان

لفظ کی تین قسمیں ہیں:

۱۔لفظ مہمل ۲۔لفظ مستعمل مفرد/کلمہ ۳۔لفظ مستعمل مرکب/کلام

۱۔لفظ مہمل:

لفظ مہمل وہ لفظ ہے جسے کسی معنیٰ کے لئے نہ بنایا گیا ہو جیسے جَسَقٌ اور تمام بے معنٰی لاحقے جیسے ماءٌ واوٌ، طَعَامٌ شَعَامٌ اور پانی شانی میں واوٌ، شَعَامٌ اور شانی مہمل ہے۔

۲۔لفظ مستعمل مفرد/کلمہ:

وہ اکیلا لفظ جسے کسی ایک معنیٰ کیلئے بنایا گیا ہو جیسے خَـلَـقَ (اس نے پیدا کیا)، رَجُلٌ (آدمی) اور مِنْ (سے)۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

۳۔لفظ مستعمل مرکب/کلام:

وہ لفظ جو دو یا دو سے زیادہ مفرد کلموں سے حاصل ہو جیسے اَللّٰہُ یَعْلَمُ (اللہ جانتا ہے)، کَتَبَ غُلَامُ مُصْطَفٰی (غلام مصطفٰی نے لکھا) اور سَأَلَ حَمْزَۃُ عَبْدَاللّٰہِ (حمزہ نے عبداللہ سے سوال کیا)۔

سوالات

سوال نمبر۱: لفظ کا لغوی معنٰی کیا ہے؟

سوال نمبر۲: جس کا انسان تلفظ کر سکے اسے کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر۳: لفظ کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر۳: کلمہ کسے کہتے ہیں اس کا دوسرا نام کیا ہے؟

سوال نمبر۴: لفظ مستعمل مفرد کی تعریف کریں اور بتائیں کہ اس کا دوسرا نام کیا ہے؟

مرکز علی بن عثمان

تمرینات

تمرین نمبر۱: درج ذیل میں سے لفظ مہمل بتائیں۔

(۱)کِتَابٌ شِتَابٌ (۲)بَابٌ وَابٌ (۳)قَلَمٌ شَلَمٌ

تمرین نمبر۲: کلمہ اور کلام کو الگ الگ کریں۔

(۱)مَکْتُوْبٌ (خط) (۲)بَیْتٌ (گھر) (۳)عَلِیٌّ مُؤَدِّبٌ (علی باادب ہے)

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔۳

سہ اقسام

کلمہ/لفظ مستعمل مفرد کی اقسام:

کلمہ کی تین قسمیں ہیں:

۱۔اسم ۲۔فعل ۳۔حرف

☆کلمہ کی تین قسموں کو ''سہ اقسام'' کہا جاتا ہے۔

۱۔اسم:

مرکز علی بن عثمان

اسم وہ کلمہ ہے جو مستقل معنٰی پر اپنے آپ دلالت کرے اور تین زمانوں (ماضی، حال، مستقبل) میں سے کسی ایک زمانے کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو جیسے رَعْـــــدٌ (گرج) صَبَاحَةٌ (روشن اور چمکدار ہونا)

۲۔فعل:

فعل وہ کلمہ ہے جو مستقل معنٰی پر اپنے آپ دلالت کرے اور تینوں زمانوں میں سے کسی ایک زمانے کے ساتھ ملا ہوا ہو جیسے سَمِعَ (اس نے سن لیا)، یَخْلُقُ (وہ پیدا کرتا ہے) اور سَیَعْلَمُوْنَ (وہ عنقریب جان لیں گے)۔

۳۔حرف:

حرف وہ کلمہ ہے جو مستقل معنٰی پر اپنے آپ دلالت نہ کرے بلکہ کسی اور کلمہ کو ملانے کا محتاج ہو جیسے ذَهَبْتُ مِنَ الْبَصِيْرُفُوْرِ اِلَى اللَّاهُوْرِ (میں بصیر پور سے لاہور گیا) میں مِن اور اِلٰی

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

اسم کی اقسام:

اسم کی تین قسمیں ہیں:

۱۔مصدر ۲۔مشتق ۳۔جامد

۱۔مصدر:

مصدر وہ اسم ہے جس سے کسی لفظ کو نکالا جاتا ہو اور فارسی معنیٰ کے آخر میں ''دَن'' یا ''تَن'' ہو اور اردو معنیٰ کے آخر میں ''نا'' ہو جیسے فَعْلٌ /کردن/کرنا، جُلُوْسٌ /نشستن/بیٹھنا۔

۲۔مشتق:

مشتق وہ اسم یا فعل ہے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ مصدر سے نکالا گیا ہو جیسے فَعْلٌ سے فَعَلَ، فَعَلَ سے یَفْعَلُ اور یَفْعَلُ سے فَاعِلٌ بنایا گیا ہے یعنی ماضی کو بلاواسطہ اور باقی افعال واسماء کو بالواسطہ مصدر سے نکالا کیا گیا ہے۔

مرکز علی بن عثمان

۳۔جامد:

جامد وہ اسم ہے جو نہ تو کسی سے نکالا گیا ہو اور نہ ہی اس سے کوئی لفظ نکلے جیسے رَجُلٌ (آدمی)۔

فعل کی اقسام (باعتبارِ زمانہ):

زمانے کے اعتبار سے فعل کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ماضی ۲۔مضارع ۳۔امر

۱۔ماضی:

ماضی وہ فعل ہے جسے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے پائے جانے کے لئے بنایا گیا ہو جیسے فَعَلَ (اس نے کیا)

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

۲۔مضارع:

مضارع وہ فعل ہے جسے موجودہ یا آنے والے زمانے میں کسی کام کے پائے جانے کیلئے بنایا گیا ہو جیسے یَفْعَلُ (وہ کرتا ہے یا وہ کرے گا)۔

۳۔امر:

امر وہ فعل ہے جو مخاطَب سے کسی کام کو طلب کرنے کیلئے بنایا گیا ہو جیسے اِفْعَلْ (تُو کر)

☆فعل کی اصل اقسام یہ تین ہیں باقی افعال مضارع سے بنائے جاتے ہیں۔

فعل کی اقسام (باعتبارِ ضرورتِ مفعول بہٖ):

مفعول بہٖ کی ضرورت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

۱۔فعل لازم ۲۔فعل متعدی

مرکز علی بن عثمان

۱۔فعل لازم:

فعل لازم وہ فعل ہے جو صرف فاعل کے ملنے سے پوری بات ظاہر کرے، مفعول بہٖ کی اسے ضرورت نہ ہو جیسے کَرُمَ اَیَازُ (ایاز بزرگ ہوا)۔

۲۔فعل متعدی:

فعل متعدی وہ فعل ہے جس کو فاعل کے ساتھ ساتھ مفعول بہٖ کی بھی ضرورت ہو جیسے مَدَحَ عَبْدُاللَّطِیْفِ ثَقَلَیْن (عبداللطیف نے ثقلین کی تعریف کی)۔اکثر طور پر متعدی کا اردو ترجمہ کرتے وقت اس میں ''نے'' آتا ہے۔

حرف کی اقسام:

حرف کی تین قسمیں ہیں:

۱۔تہجی/ہجا ۲۔مبانی ۳۔معانی

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

۱۔ تہجی/ہجا:

جب حروف کو ان کے ناموں کے ساتھ شمار کیا جائے تو ان کو حروف ہجا کہتے ہیں جیسے ب (باء) اور ج (جیم)۔

۲۔ مبانی:

جب حروف کلمہ کا جز ہوں تو ان کو حروف مبانی کہتے ہیں جیسے فَعَلَ ظَهِيْرٌ میں لام۔

۳۔ معانی:

جب حروف معانی پر دلالت کریں تو ان کو حروفِ معانی کہتے ہیں جیسے مَرَرْتُ بِكَامُرَانَ (میں کامران کے پاس سے گزرا) میں باء الصاق پر دلالت کرتی ہے۔

مرکز علی بن عثمان

''جس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی اطاعت کی تو اس نے بڑی کامیابی حاصل کی''

[القرآن]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

سوالات

سوال نمبر۱: سہ اقسام سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر۲: اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں۔

سوال نمبر۳: ماضی، مضارع اور امر کی تعریفات مع امثلہ بیان کریں؟

سوال نمبر۴: حرف کسے کہتے ہیں؟ اس کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

تمرینات

تمرین نمبر۱: اسم، فعل اور حرف الگ الگ کریں۔

(۱)ذَهَبَ مُحْسِنٌ وَّ طَيِّبٌ اِلَى السُّوْقِ (محسن اور طیب بازار کی طرف گئے)

(۲)اَدْرُسُ فِيْ الْجَامِعَةِ الْهُجَوَيْرِيَّةِ (میں جامعہ ہجویریہ میں پڑھتا ہوں)

(۳)يَحْضُرُ شَهْزِيْبُ قَبْلَ فَارُوْقٍ (شاہزیب، فاروق سے پہلے حاضر ہوتا ہے)

(۴)رَأَيْتُ جَعْفَرًا فِيْ جَعْفَرٍ عَلٰى جَعْفَرٍ يَأْكُلُ جَعْفَرًا

(میں نے جعفر (نہر) میں جعفر (گدھے) پر جعفر (آدمی) کو دیکھا کہ وہ جعفر (خربوزہ) کھا رہا ہے)

تمرین نمبر۲: مصدر، مشتق اور جامد کی نشاندہی کریں۔

(۱)اَلْهَرْبُ (بھاگنا) (۲)عَالِمٌ (جاننے والا) (۳)بَابٌ (دروازہ)

تمرین نمبر۳: ماضی، مضارع اور امر کی نشاندہی کریں۔

(۱)سَقَطَ (وہ گرا) (۲)اِعْلَمْ (تو جان) (۳)يَشْهَدُ (وہ گواہی دیتا ہے)

تمرین نمبر۴: درج ذیل صورتوں میں ''ک'' حرف کی کون سی قسم ہے؟

(۱)اَلرَّكْضُ (ٹھوکر کھانا) (۲)كَالسَّمَاءِ (آسمان کی طرح) (۳)كَ (کاف)

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔۴

وزن اور حرکات

میزان:

میزان کا لغوی معنٰی ہے وزن کرنے کا آلہ یعنی ترازو۔

اصطلاح میں میزان سے وہ حروف مراد ہیں جن سے کلماتِ عرب کا موازنہ اور مقابلہ کیا جائے تا کہ حروفِ اصلیہ اور زائدہ کے درمیان فرق ہو جائے جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ میں فَعَلَ میزان ہے۔ لہٰذا میزان کلامِ عرب میں فاء، عین اور لام ہے۔

میزان کو موزون بہٖ اور وزن بھی کہتے ہیں۔

موزون:

مرکز علی بن عثمان

جس کلمہ کے حروف کو فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں لائیں اس کو موزون کہتے ہیں جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ میں نَصَرَ موزون ہے۔

[امام الصرف علامہ محمد ہاشم علی نوری، فضلِ خدائی شرح صرف بہائی، ص ۱۹]

☆ ''موزون'' میں جو حرف ''وزن'' کے فاء کے مقابلہ میں آئے اسے فاء کلمہ، جو عین کے مقابلے میں آئے اسے عین کلمہ اور جو لام کے مقابلے میں آئے اسے لام کلمہ کہتے ہیں۔

وزن کی اقسام:

وزن کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ وزنِ صرفی ۲۔ وزنِ صوری ۳۔ وزنِ عروضی

۱۔ وزنِ صرفی:

وہ وزن ہے کہ جس میں حروفِ اصلیہ کے مقابل حروف اصلیہ ہوں، حروفِ زائدہ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

کے مقابل حروف زائدہ ہوں، ساکن کے مقابل ساکن ہو، متحرک کے مقابل متحرک ہو اور حرکات خصوصیہ کے مقابل حرکاتِ خصوصیہ ہوں جیسے مَسَاجِدُ بروزن مَفَاعِلُ۔

۲۔ وزنِ صوری:

وہ وزن ہے کہ جس میں ساکن کے مقابل ساکن ہو، متحرک کے مقابل متحرک ہو اور حرکات خصوصیہ کے مقابل حرکاتِ خصوصیہ ہوں جیسے صَوَاعِقُ بروزن مَفَاعِلُ اور جیسے وَھُوَ بروزن فَعُلَ۔

۳۔ وزنِ عروضی:

وہ وزن ہے کہ جس میں ساکن کے مقابل ساکن ہو اور متحرک کے مقابل متحرک ہو جیسے نَعِیْمٌ بروزن فَعُوْلٌ اور یَادَائِمِیْ بروزن مُسْتَفْعِلُن۔

حروفِ اصلیہ:

مرکز علی بن عثمان

جو حروف فاء عین اور لام کے مقابلہ میں ہوں وہ اصلیہ ہیں جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ میں تمام حروف اصلیہ ہیں اور یَسْمَعُوْنَ بروزن یَفْعَلُوْنَ میں تین حروف سین، میم، عین اصلیہ ہیں۔

حروفِ اصلیہ ہی کو اس کلمہ کا مادہ کہتے ہیں مثلاً نَاصِرٌ اور مَنْصُوْرٌ کے اصلی حروف نون، صاد اور راء ہیں یہی حروف نَاصِرٌ اور مَنْصُوْرٌ کا مادہ ہیں۔

[امام الصّرف والنّحو محمد ہاشم علی نوری، فضلِ خدائی شرح صرف بہائی، ص۲۲]

حروفِ زائدہ:

جو حروف فاء عین اور لام کے مقابلہ میں نہ ہوں وہ زائدہ ہیں جیسے اَفْلَحَ بروزن اَفْعَلَ میں ہمزہ زائدہ ہے اور اِقْتَرَبَ بروزن اِفْتَعَلَ میں ہمزہ اور تاء حروفِ زائدہ ہیں۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

حروفِ اصلیہ اور زائدہ کی پہچان کے طریقے:

حروفِ اصلیہ اور زائدہ میں فرق کرنے کے کئی طریقے ہیں ان میں سے چند درج ذیل ہیں:

طریقہ نمبر۱:

ف ع ل کے ساتھ وزن کرنے سے جو حروف ف ع ل کے مقابلہ میں ہوں وہ اصلی ہوں گے جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ میں ن ص ر، ف ع ل کے مقابلہ میں ہیں لہٰذا نَصَرَ کے تمام حروف اصلی ہیں اور جو حروف ف ع ل کے مقابلہ میں نہ ہوں وہ زائد ہوں گے جیسے نَاصِرٌ (ن ا ص ر) بروزن فَاعِلٌ (ف ا ع ل) میں نَاصِرٌ کا الف، ف ع ل کے مقابلہ میں نہیں بلکہ الف کے مقابلہ میں ہے لہٰذا الف زائدہ ہے۔

طریقہ نمبر۲:

مرکز علی بن عثمان

جو حروف پوری گردان میں موجود ہوں وہ اصلی ہیں جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ نَاصِرٌ مَنْصُوْرٌ وغیرہ تمام کلمات میں ن ص ر موجود ہیں لہٰذا یہ اصلی ہیں اور جو حروف گردان کے کسی کلمہ میں موجود ہوں اور کسی میں نہ ہوں جیسے یَنْصُرُ کی یاء نَصَرَ نَاصِرٌ مَنْصُوْرٌ میں موجود نہیں لہٰذا یَنْصُرُ میں یاء زائدہ ہے۔

طریقہ نمبر۳:

حروفِ زائدہ دس ہیں۔ یاد کرنے میں آسانی کے لئے ان کے مختلف مجموعے بنائے گئے ہیں جیسے اَلْیَوْمَ تَنْسَاہُ (آج کے دن تو اسے بھولے گا)، سَأَلْتُمُوْنِیْهَا (تم نے مجھ سے اس کے بارے پوچھا) اور اَمَانٌ وَّتَسْهِیْلٌ (بے خوف ہونا ہے اور آسانی کرنا ہے) وغیرہ۔ یہ دس حروف حروفِ اصلیہ بھی ہو سکتے ہیں لیکن حروفِ اصلیہ ان کے علاوہ بھی ہیں جبکہ حروفِ زائدہ یہی دس ہیں لہٰذا کلمہ میں اگر کوئی حرف زائد ہوگا تو وہ ان دس حروف میں سے ہی ہوگا جیسے یَنْصُرُ کی یاء، نَاصِرٌ کا الف اور مَنْصَرٌ کا میم ''الیوم تنساہ'' میں موجود

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

ہے۔ مگر زیادتی اگر تکرارِ عین یا تکرارِ لام سے ہو تو وہ زائد حرف الیوم تنساہ کے حروف کے علاوہ بھی ہو سکتا ہے جیسے صَرَّفَ کی راء اور جَلْبَبَ کی باء۔

طریقہ نمبر۴:

اوّل کلمہ میں اکثر ہمزہ اور میم زائدہ واقع ہوتے ہیں لہٰذا اَکْرَمَ میں ہمزہ اور مَدْیَنَ میں میم زائدہ ہیں جبکہ اَکْرَمَ میں میم اور مَدْیَنَ میں یاء اصلی ہیں۔

[ماخوذ از فضلِ خدائی شرح صرف بہائی، ص۲۲]

حرکات کی اقسام:

حرکات کی تین اقسام ہیں:

۱۔ حرکاتِ اعرابیہ ۲۔ حرکاتِ بنائیہ ۳۔ حرکاتِ مشترکہ

۱۔ حرکاتِ اعرابیہ:

معرب پر داخل ہونے والی حرکات، رفع (پیش)، نصب (زبر) اور جر (زیر)

۲۔ حرکاتِ بنائیہ:

مبنی پر داخل ہونے والی حرکات، ضم (پیش)، فتح (زبر) اور کسر (زیر)۔

۳۔ حرکاتِ مشترکہ:

معرب اور مبنی دونوں پر داخل ہونے والی حرکات، ضمہ (پیش)، فتحہ (زبر) اور کسرہ (زیر)۔

معرب:

جس کا آخر عوامل کے بدلنے سے بدل جائے جیسے جَاءَ عَبْدُالرَّزَّاقِ، رَأَیْتُ عَبْدَالرَّزَّاقِ اور مَرَرْتُ بِعَبْدِالرَّزَّاقِ میں لفظ عَبْد

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

مبنی :

جس کا آخر عوامل کے بدلنے سے نہ بدلے جیسے جَـــاءَ هٰـؤُلَاءِ (آئے وہ لوگ)، رَأَيْتُ هٰؤُلَاءِ (میں نے ان لوگوں کو دیکھا) اور مَرَرْتُ بِهٰؤُلَاءِ (میں ان لوگوں کے پاس سے گزرا) میں لفظِ هٰؤُلَاءِ۔ [شیخ الحدیث علامہ عبدالرزاق بھتر الوی، حاشیہ میزان الصّرف، ص۶]

سوالات

سوال نمبر۱: میزان کسے کہتے ہیں؟ نیز حروفِ اصلیہ وزائدہ کی تعریف کریں۔

سوال نمبر۲: وزن کی کتنی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں۔

سوال نمبر۳: حرکات کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر۴: معرب اور مبنی میں کیا فرق ہے؟

تمرینات

تمرین نمبر۱: حروفِ اصلیہ اور زائدہ الگ الگ کریں۔

مرکز علی بن عثمان

(۱) اَلرَّبْطُ (ملانا) (۲) اِسْتِغْفَارٌ (بخشش طلب کرنا) (۳) مَفْتُوْحٌ (کھولا ہوا)

(۴) اُكْتُبْ (لکھ) (۵) مُصَيْطِرٌ (مقرر ہونے والا) (۶) اَلْعِبَادَةُ (عبادت کرنا)

(۷) مُدَّثِّرٌ (کمبل اوڑھنے والا) (۸) مُنْهَدَمٌ (گرنے کی جگہ) (۹) اَرْشَدُ (بہت ہدایت والا)

(۱۰) اَلْهَرْبُ (بھاگنا) (۱۱) عَالِمٌ (جاننے ولا) (۱۲) مَخْدُوْمٌ (خدمت کیا گیا)

(۱۳) سَقَطٌ (وہ گرا) (۱۴) اِعْلَمْ (تو جان) (۱۵) يَشْهَدُ (وہ گواہی دیتا ہے)

تمرین نمبر۲: وزن کریں۔

(۱) نَصْرٌ (مدد کرنا) (۲) اِسْتِغْفَارٌ (بخشش طلب کرنا) (۳) مَفْتُوْحٌ (کھولا ہوا)

(۴) كَاتِبٌ (لکھنے والا) (۵) اَحْمَدُ (بہت زیادہ حمد کرنے والا) (۶) خُبْزٌ (روٹی)

(۷) دَخَلَ (وہ داخل ہوا) (۸) اَعْرِفُ (میں پہچانتا ہوں) (۹) اِعْلَمْ (تو جان)

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۵

شش اقسام

کلمہ کی شش اقسام یہ ہیں:

۱۔ثلاثی مجرد	۲۔ثلاثی مزید فیہ
۳۔رباعی مجرد	۴۔رباعی مزید فیہ
۵۔خماسی مجرد	۶۔خماسی مزید فیہ

اسم ثلاثی، رباعی اور خماسی ہوتا ہے جبکہ فعل صرف ثلاثی اور رباعی ہوتا ہے خماسی نہیں ہوتا لہٰذا

فعل کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ثلاثی مجرد	۲۔ثلاثی مزید فیہ
۳۔رباعی مجرد	۴۔رباعی مزید فیہ

اسم کی چھ قسمیں ہیں:

۱۔ثلاثی مجرد	۲۔ثلاثی مزید فیہ
۳۔رباعی مجرد	۴۔رباعی مزید فیہ
۵۔خماسی مجرد	۶۔خماسی مزید فیہ

سہ اقسامِ مجرد و مزید فیہ:

کلمہ کی شش اقسام کو میزان الصرف کے مقدمہ میں سہ اقسامِ مجرد و مزید فیہ کے عنوان سے ذکر کیا گیا ہے۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

مجرد:

وہ کلمہ (اسم یا فعل) جس میں صرف حروفِ اصلیہ ہوں کوئی حرف زائد نہ ہو۔

مزید فیہ:

وہ کلمہ (اسم یا فعل) جس میں حروفِ زائدہ بھی ہوں، یعنی حروفِ اصلیہ اور زائدہ دونوں ہوں۔

مجرد و مزید فیہ کی اقسام:

مجرد اور مزید فیہ میں سے ہر ایک کی تین تین قسمیں ہیں:

۱۔ثلاثی ۲۔رباعی ۳۔خماسی

۱۔ثلاثی:

وہ اسم یا فعل ہے جس میں فاء، عین اور لام کے مقابلہ میں تین حروف اصلی ہوں۔

مرکز علی بن عثمان

ثلاثی کی اقسام:

ثلاثی کی دو قسمیں ہیں:

الف۔ثلاثی مجرد ب۔ثلاثی مزید فیہ

الف۔ثلاثی مجرد:

وہ اسم یا فعل ہے جس میں فاء، عین اور لام کے مقابلہ میں صرف تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو جیسے سَمِعَ بروزن فَعِلَ۔

ب۔ثلاثی مزید فیہ:

وہ اسم یا فعل ہے جس میں فاء، عین اور لام کے مقابلہ میں تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے اَرْسَلَ بروزن اَفْعَلَ۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

۲۔رباعی:

وہ اسم یا فعل ہے جس میں فاء، عین اور دو لام کے مقابلہ میں چار حروف اصلی ہوں۔

رباعی کی اقسام:

رباعی کی دو قسمیں ہیں:

الف۔رباعی مجرد ب۔رباعی مزید فیہ/منشعب

الف۔رباعی مجرد:

وہ اسم یا فعل ہے جس میں فاء، عین اور دو لام کے مقابلہ میں صرف چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو جیسے بُعْثِرَ بروزن فُعْلِلَ۔

ب۔رباعی مزید فیہ/منشعب:

مرکز علی بن عثمان

وہ اسم یا فعل ہے جس میں فاء، عین اور دو لام کے مقابلہ میں چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ۔

۳۔خماسی:

وہ اسم ہے کہ جس میں فاء، عین اور تین لام کے مقابلہ میں پانچ حروف اصلی ہوں۔

خماسی کی اقسام:

خماسی کی دو قسمیں ہیں:

الف۔خماسی مجرد ب۔خماسی مزید فیہ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

الف۔خماسی مجرد:

وہ اسم ہے جس میں فاء، عین اور تین لام کے مقابلہ میں صرف **پانچ** حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف **زائد نہ ہو** جیسے جَحْمَرِشٌ (بہت بوڑھی عورت) بروزن فَعَلَلِلٌ۔

ب۔خماسی مزید فیہ:

وہ اسم ہے جس میں فاء، عین اور تین لام کے مقابلہ میں **پانچ** حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف **زائد بھی ہو** جیسے خَنْدَرِیْسٌ (پرانی شراب) بروزن فَعْلَلِیْلٌ۔

سوالات

سوال نمبر۱: شش اقسام سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر۲: سہ اقسامِ مجرد و مزید فیہ کسے کہتے ہیں؟ نیز مجرد اور مزید فیہ کی تعریف کریں۔

سوال نمبر۳: ثلاثی، رباعی اور خماسی کسے کہتے ہیں؟

مرکز علی بن عثمان

تمرینات

تمرین نمبر۱: شش اقسام میں سے کیا ہے؟

(۱) سِرَاجٌ (چراغ) (۲) زَلْزَلَ (اس نے ہلایا) (۳) عُنُقٌ (گردن)

(۴) ثَعْلَبٌ (لومڑی) (۵) کِتَابٌ (کتاب) (۶) دِرْهَمٌ (سکّہ)

(۷) نَدِیْمٌ (ساتھی) (۸) قِنْدِیْلٌ (لالٹین) (۹) قِرْطَعْبٌ (تھوڑی سی چیز)

تمرین نمبر۲: بتایئے کہ:

(۱) ''مجرد'' مجرد ہے یا مزید فیہ؟

(۲) ''ثلاثی'' ثلاثی ہے یا رباعی، یا خماسی؟

(۳) ''خماسی'' مجرد ہے یا مزید فیہ؟

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۶

ہفت اقسام

جتنے بھی اسماء وافعال ہیں وہ اِن سات قسموں سے باہر نہیں ہیں:

۱۔صحیح ۲۔مہموز ۳۔مضاعف ۴۔مثال
۵۔اجوف ۶۔ناقص ۷۔لفیف

☆ کلمہ کی یہ سات قسمیں اس شعر میں موجود ہیں:

صحیح است و مثال است و مضاعف
لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

چہار اقسام:

مرکز علی بن عثمان

بعض حضرات ہفت اقسام (سات قسموں) کی بجائے پہلے چہار اقسام (چار قسمیں) بناتے ہیں:

۱۔صحیح ۲۔مہموز ۳۔مضاعف ۴۔معتل

پھر معتل کی دو قسمیں بناتے ہیں:

۱۔معتل بیک حرف ۲۔معتل بدو حرف

پھر معتل بیک حرف کی تین قسمیں بناتے ہیں:

۱۔معتلّ الفاء ۲۔معتلّ العین ۳۔معتلّ اللاّم

اور معتل بدو حرف کی دو قسمیں بناتے ہیں:

۱۔لفیف مفروق ۲۔لفیف مقرون

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

تعریفاتِ چہار اقسام:

1﴿صحیح:

وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلیہ یعنی فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت، ہمزہ اور ایک ہی جنس کے دو حرف نہ ہوں جیسے ضَرْبٌ اور ضَرَبَ۔

ضَارِبٌ، یَضْرِبُ اور ضُوَیْرِبٌ میں اگرچہ حرفِ علت ہے لیکن فاء، عین اور لام کلمہ میں نہیں ہے لہٰذا یہ صحیح ہے۔

2﴿مہموز:

وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلیہ یعنی فاء، عین یا لام کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو۔

مہموز کی اقسام:

مرکز علی بن عثمان

مہموز کی تین قسمیں ہیں:

۱۔مہموز الفاء ۲۔مہموز العین ۳۔مہموز اللام

۱۔مہموز الفاء:

وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے اَمْرٌ اور اَمَرَ۔

۲۔مہموز العین:

وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے سَأْلٌ اور سَأَلَ۔

۳۔مہموز اللّام:

وہ کلمہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے قَرْءٌ اور قَرَءَ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علاؤ بن عثمان

3﴿مضاعف:

وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلیہ یعنی فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں دو حرف ایک جنس کے ہوں۔

مضاعف کی اقسام:

مضاعف کی دو قسمیں ہیں:

۱۔مضاعف ثلاثی ۲۔مضاعف رباعی

۱۔مضاعف ثلاثی:

وہ کلمہ ہے جس کے عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے مَدٌّ اصل میں مَدُدٌ تھا اور مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا۔

۲۔مضاعف رباعی:

وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ اور پہلے لام یا عین کلمہ اور دوسرے لام کے مقابلہ میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے زِلْزَالٌ اور زَلْزَلَ۔

4﴿معتلّ:

وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلیہ یعنی فاء، عین یا لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت ہو۔

معتلّ کی اقسام:

معتلّ کی دو قسمیں ہیں:

{۱}معتلّ بیک حرف {۲}معتلّ بدو حرف

{۱}معتلّ بیک حرف:

وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلیہ یعنی فاء، عین یا لام کلمہ کے مقابلہ میں صرف ایک حرفِ علّت ہو۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علاؤ بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

معتلّ بیک حرف کی اقسام:

معتلّ بیک حرف کی تین قسمیں ہیں:

[۱] معتلّ الفاء/مثال [۲] معتلّ العین/اجوف [۳] معتلّ اللام/ناقص

[۱] معتلّ الفاء/مثال:

وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت ہو۔

معتلّ الفاء/مثال کی اقسام:

معتلّ الفاء/مثال کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ معتلّ الفاء واوی/مثال واوی ۲۔ معتلّ الفاء یائی/مثال یائی

۱۔ معتلّ الفاء واوی/مثال واوی:

مرکز علی بن عثمان

وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت واؤ ہو جیسے وَعْدٌ اور وَعَدَ۔

۲۔ معتلّ الفاء یائی/مثال یائی:

وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت یاء ہو جیسے یُسْرٌ اور یَسَرَ۔

[۲] معتلّ العین/اجوف:

وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت ہو۔

معتلّ العین/اجوف کی اقسام:

معتلّ العین/اجوف کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ معتلّ العین واوی/اجوف واوی ۲۔ معتلّ العین یائی/اجوف یائی

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

۱۔ معتلّ العین واوی/اجوف واوی:

وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت واؤ ہو جیسے قَوْلٌ اور قَالَ جواصل میں قَوَلَ تھا۔

۲۔ معتلّ العین یائی/اجوف یائی:

وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت یاء ہو جیسے بَیْعٌ اور بَاعَ جواصل میں بَیَعَ تھا۔

[۳] معتلّ اللاّم/ناقص:

وہ کلمہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت ہو۔

معتلّ اللاّم/ناقص کی اقسام:

مرکز علی بن عثمان

معتلّ اللاّم/ناقص کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ معتلّ اللاّم واوی/ناقص واوی ۲۔ معتلّ اللاّم یائی/ناقص یائی

۱۔ معتلّ اللاّم واوی/ناقص واوی:

وہ کلمہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت واؤ ہو جیسے دَعْوَۃٌ، دُعَاءٌ جواصل میں دُعَاوٌ تھا اور دَعَا جواصل میں دَعَوَ تھا۔

۲۔ معتلّ اللاّم یائی/ناقص یائی:

وہ کلمہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت یاء ہو جیسے رَمْیٌ اور رَمٰی جواصل میں رَمَیَ تھا۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

{۲} معتلّ بدو حرف رلفیف:

وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلیہ یعنی فاء، عین یا لام کلمہ کے مقابلہ میں دو حرفِ علت ہوں۔

معتلّ بدو حرف رلفیف کی اقسام:

معتلّ بدو حرف رلفیف کی دو قسمیں ہیں:

۱۔لفیف مفروق ۲۔لفیف مقرون

۱۔لفیف مفروق:

وہ کلمہ ہے جس کے فاء اور لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت ہو جیسے وَقُــیٌ اور وَقٰی جو اصل میں وَقَیَ تھا۔

۲۔لفیف مقرون:

وہ کلمہ ہے جس کے عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت ہو جیسے طَــیٌّ جو اصل میں طَوْیٌ تھا اور طَوٰی جو اصل میں طَوَیَ تھا۔

مرکز علی بن عثمان

تنبیہ

معتلّ الفی:

الف اگرچہ حرفِ علّت ہے لیکن الف بذاتِ خود معتلّ میں واقع نہیں ہوتا اگر الف ہو تو وہ واؤ یا یاء سے بدلا ہوتا ہے جیسے قَالَ اور دَعَا اصل میں قَوَلَ اور دَعَوَ تھے، یہاں الف واؤ سے بدلا ہوا ہے۔اور بَاعَ اور رَمٰی اصل میں بَیَعَ اور رَمَیَ تھے، اِن میں الف یاء سے بدلا ہوا ہے اسی لئے معتلّ واوی اور معتلّ یائی کہتے ہیں معتلّ الفی نہیں کہتے۔

نحویوں کے نزدیک صحیح کی تعریف:

نحویوں کے نزدیک صحیح صرف وہ ہے جس کے آخر میں حرفِ علّت نہ ہو لہٰذا ان کے نزدیک مہموز، مضاعف، مثال اور اجوف سب صحیح ہیں۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

نحویوں کے نزدیک معتلّ کی تعریف:

نحویوں کے نزدیک معتل صرف اسے کہتے ہیں جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علّت ہو۔

نحوی حضرات ظاہری حالت کو دیکھتے ہیں اگر چہ اصل میں واؤ یا یاء ہو۔ ظاہری طور پر الف ہو تو نحویوں کے نزدیک معتلّ الفی ہوگا جیسے یَخْشٰی البتہ صرفیوں کے نزدیک یہ معتلّ یائی ہے کیونکہ یَخْشٰی اصل میں یَخْشَیُ تھا اسی طرح مہموز، مثال واوی، مثال یائی، اجوف واوی، اجوف یائی، مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی جب ان کے آخر میں حرفِ علّت نہ ہو تو یہ سب نحویوں کے نزدیک صحیح ہیں۔


مرکز علی بن عثمان

''اللہ تعالیٰ اس آدمی کو شاداب رکھے جس نے
میری کوئی حدیث سنی، اسے یاد رکھا اور دوسروں تک پہنچایا''

[الحدیث]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان



مرکز علی بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

سوالات

سوال نمبر۱: ہفت اقسام اور چہار اقسام سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر۲: صرفیوں اور نحویوں کے نزدیک صحیح کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر۳: مہموز کسے کہتے ہیں؟ اسکی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں۔

سوال نمبر۴: مضاعف کسے کہتے ہیں؟ اسکی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں۔

سوال نمبر۵: معتل بیک حرف کسے کہتے ہیں؟ اسکی کتنی اقسام ہیں؟

سوال نمبر۶: لفیف مفروق اور لفیف مقرون میں کیا فرق ہے؟

تمرینات

تمرین نمبر۱: ہفت اقسام میں سے کیا ہے؟

(۱) سِرَاجٌ (چراغ) (۲) زَلْزَلَ (اس نے ہلایا) (۳) عُنُقٌ (گردن)

(۴) صَوْمٌ (روزہ رکھنا) (۵) غَرْغَرَةٌ (غرغرہ کرنا) (۶) رَأْسٌ (سر)

(۷) عَفْوٌ (معاف کرنا) (۸) جَوَّادٌ (بڑا سخی) (۹) وَلِیٌّ (قریب ہونا)

تمرین نمبر۲: بتایئے کہ:

(۱) کیا ''صحیح'' صحیح ہے؟ (۲) کیا ''مضاعف'' مضاعف ہے؟

(۳) کیا ''صحیح'' مضاعف ہے؟ (۴) کیا ''مضاعف'' صحیح ہے؟

(۵) کیا ''اجوف'' اجوف ہے؟ (۶) کیا ''لفیف'' مضاعف ہے؟

(۷) کیا ''مہموز'' ناقص ہے؟ (۸) کیا ''ناقص'' مہموز ہے؟

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۷

حروفِ عِلّت

حروفِ علّت تین ہیں:

۱۔واؤ ۲۔الف ۳۔یاء

ان کا مجموعہ وای ہے۔

حروفِ علّت کی وجہ تسمیہ:

ان حروف کو حروفِ علّت کہنے کی تین وجوہات ہیں:

۱۔ یہ حروف تکلیف کے وقت مریض کے منہ سے صادر ہوتے ہیں۔

۲۔ بیماری کی طرح یہ حروف بدلتے رہتے ہیں۔

۳۔ بیمار کی طرح یہ حروف کمزور ہوتے ہیں۔

مرکز علی بن عثمان

سوالات

سوال نمبر۱: حروفِ علّت کتنے ہیں اور کون کونسے؟

سوال نمبر۲: حروفِ علّت کو حروفِ علّت کیوں کہتے ہیں؟

تمرینات

تمرین نمبر۱: قَالَ یَقُوْلُ اور بَاعَ یَبِیْعُ میں حرف علت کونسا ہے؟

تمرین نمبر۲: أَمَرَ یَأْمُرُ اور قَرَءَ یَقْرَءُ میں کوئی حرفِ علّت ہے یا نہیں؟

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

عرفان الصرف ـــــ حصہ دوم

میزان الصرف

مرکز علی بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

متن و ترجمہ میزان الصرف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحمت والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ، وَالصَّلٰوةُ
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، اور اچھا انجام متقی لوگوں کے لئے ہے، اور درود پاک
عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ
اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ کی تمام آل اور اصحاب پر۔
بِداں ــ اَسْعَدَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ الدَّارَيْنِ ــ كه جُمله اَفعالِ مُتَصَرِّفَه
تُو جان..اللہ تعالیٰ تجھے دونوں جہانوں میں سعادت مند بنائے! تمام گردان ہونے والے افعال
بَر سِه گونَه اسْت:ماضی ومُستقبل وحال،وَہَرچه جُزاِیں سه چِیزاسْت
تین قسم پر ہیں: ماضی، مستقبل اور حال، اور جو کچھ ان تین چیزوں کے علاوہ ہے
مُتَفَرِّع اسْت ہَم اَزِیں سه، اَمَّا ماضی فِعلے را گویَند که بَزَمانه گُذِ شتَه
وہ نکلا ہے انہی تینوں سے، بہرحال ''ماضی'' اس فعل کو کہتے ہیں جس کا گزرے ہوئے زمانے کے ساتھ
تَعَلُّق دارَد، وَآخِرِ اُو مَبنی باشَد بَر فَتحه قَلَّتْ حُرُوْفُهٗ اَوْ كَثُرَتْ
تعلق ہو، اور اس کا آخر فتحہ پر مبنی ہو، (چاہے) اس کے حروف کم ہوں یا زیادہ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مَگر بَعارض، چُوں: فَعَلَ فَعِلَ فَعُلَ فَعْلَلَ چُوں: ضَرَبَ سَمِعَ کَرُمَ بَعْثَرَ۔

لیکن کسی مجبوری کی وجہ سے (فعل ماضی کا آخر مبنی برفتحہ نہیں ہوتا)، مثلاً فَعَلَ فَعِلَ فَعُلَ فَعْلَلَ جیسے: ضَرَبَ سَمِعَ کَرُمَ بَعْثَرَ۔

اَمَّا مُستَقبِل فِعلے را گویَند کہ بَزَمانہ آئندہ تَعَلُّق دارَد، وآخِرِ اُو

بہرحال ''مستقبل'' اس فعل کو کہتے ہیں جس کا تعلق آنے والے زمانے کے ساتھ ہو، اور اس کا آخر

مَرفُوع باشَد مگر بعارض، چُوں: یَفْعِلُ یَفْعَلُ یَفْعُلُ یُفْعَلِلُ چوں:

مرفوع ہوتا ہے لیکن کسی عارضے کی وجہ سے (مرفوع نہیں ہوتا) مثلاً: یَفْعِلُ یَفْعَلُ یَفْعُلُ یُفْعَلِلُ جیسے:

یَضْرِبُ یَسْمَعُ یَکْرُمُ یُبَعْثِرُ۔ اَمَّا حال فعلے را گویَند کہ بَزمانہ موجودہ

یَضْرِبُ یَسْمَعُ یَکْرُمُ یُبَعْثِرُ۔ بہرحال ''حال'' اس فعل کو کہتے ہیں جو موجودہ زمانے کے ساتھ

تعلُّق دارَد، وَصِیغۂ حال ہَمچُو صیغۂ اِستِقبال سُت، واَز ہَریَکے اَزِیں

تعلق رکھے، اور حال کا صیغہ مستقبل کے صیغے کی طرح ہے، اور ماضی اور مضارع میں سے ہر ایک کے

مرکز علاؤ بن عثمان

ماضی ومُضارِع چَہاردَہ کلِمہ بَیرُون می آیَند، سہ اَزاں مَر مُذَکر غائب

چودہ صیغے نکلتے ہیں، ان میں سے تین مذکر غائب کے

راسُت، وَسہ اَزاں مَر مؤنث غائب راسُت، وَسہ اَزاں مَر مذکر حاضر

ہیں، تین ان میں سے مؤنث غائب کے ہیں، تین ان میں سے مذکر حاضر

راسُت، وَسہ اَزاں مَر مؤنث حاضِر راسُت، وَدواَزاں مَر حِکایَتِ نَفسِ

کے ہیں، تین ان میں سے مؤنث حاضر کے ہیں، اور دو ان میں سے متکلم کی ذات کے بیان

مُتَکَلِّم راسُت۔ دَر اَوّل صِیغہ وحُدان حِکایَت نَفسِ مُتَکَلِّم مُذَکر و مؤنث

کے ہیں۔ متکلم کی ذات کے بیان کے پہلے صیغہ واحد میں مذکر اور مؤنث

یَکساں سُت، ودَر دوم صیغہ حکایت نفس متکلم تَثنِیَہ وجمع مذکر

اکٹھے ہیں، اور متکلم کی ذات کے بیان کے دوسرے صیغہ تثنیہ وجمع (متکلم مع الغیر) میں

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علاؤ بن عثمان

مرکز علاج بن عثمان

ومؤنث نِیز یَکساں سُت، وَہَریَکے اَزِیں ماضی ومضارع بَرد و گونَہ اسُت:

بھی مذکر اور مؤنث اکٹھے ہیں۔ ماضی اور مضارع میں سے ہر ایک دو قسم پر ہے:

مَعرُوف ومَجہُول، وَہَریَکے اَزِیں نِیز بَردو گونَہ اسُت: اِثبات ونَفی۔

معروف اور مجہول، اور ان میں سے بھی ہر ایک دو قسم پر ہے: اثبات اور نفی۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد، بَحث اِثبات فعل ماضی معروف بُود، چُوں خواہِی

یہ سب جو بیان ہوا، بحث تھی فعل ماضی مثبت معروف کی، جب تو چاہے

کہ مجہول بِناکُنی، فائے فعل را ضَمَّہ کُن، وَعَینِ فِعل را کَسرہ دِہ دَر دو

کہ مجہول بنائے، تو فعل کے فاء کو ضمہ دے، اور فعل کے عین کو کسرہ دے دو حالتوں میں

حال، وَلام کلِمہ را بَر حالَتِ خُود بُگذار تا ماضی مَجہول گردَد۔

اور لام کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑ دے تاکہ ماضی مجہول بن جائے۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد بَحث اِثبات فِعل ماضی مَجہُول بُود، چُوں

یہ سب جو بیان ہوا، فعل ماضی مثبت مجہول کی بحث تھی، جب

خواہی کہ نَفی بِناکُنی مائے نَفی دَر اَوَّلِ اُو دَر آر تا ماضی مَنفی گردَد

تو چاہے کہ نفی بنائے، نفی کا ما اس (ماضی مثبت) کے شروع میں لے آ تاکہ ماضی منفی بن جائے

وَ مائے نَفی دَر لفظِ ماضی ہیچ عَمل نَکُنَد، چُنانچہ بُود ہَمبَراں طَرِیق

اور نفی کا ''ما'' ماضی کے لفظ میں کوئی عمل نہیں کرتا، جس طرح تھا اسی طریقے پر

باشَد، لیکِن عَمل دَر مَعنٰی کُنَد یعنی مُثبت را بَمعنٰی مَنفی گردانَد۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علاج بن عثمان

رہے گا، لیکن معنٰی میں عمل کرتا ہے یعنی مثبت کو منفی کے معنٰی میں کردیتا ہے۔

فوائد نافعه

اِیں ہَمَه که گُفتَه شُد بَحث ماضی مُطلَق بُود، چُوں خواہی که ماضی

یہ سب جو گفتگو ہوئی، ماضی مطلق کی بحث تھی، جب تم چاہو کہ ماضی

قریب یا بعید یا اِستِمراری وغیرہ بِنا کُنی، پَس اگر لفظِ **"قَدْ"** بَر

قریب یا بعید یا استمراری وغیرہ بناؤ، تو اگرتم لفظ ''قَدْ''

ماضی مُطلَق داخِل کُنی ماضی قریب گردَد چُوں: **قَدْ ضَرَبَ**، واگر لفظِ

ماضی مطلق پر داخل کرو تو ماضی قریب بن جائے گی جیسے: قَدْ ضَرَبَ، اور اگرتم لفظ

"کَانَ" داخل کُنی ماضی بعید شَوَد نَحو: **کَانَ ضَرَبَ** وَاَ گر آں را بَر

''کَانَ'' کو (ماضی مطلق) پر داخل کروتو ماضی بعید بن جائے گی، جیسے: کَانَ ضَرَبَ اور اگراس (لفظ ''کَانَ'') کو

مضارع داخل کُنی ماضی اِستِمراری گردَد، چُوں: **کَانَ یَفْعَلُ**، وَاَ گربَر

مضارع پر داخل کرو تو ماضی استمراری بن جائے گی، جیسے: کَانَ یَفْعَلُ، اور اگر

ماضی مُطلَق لفظِ" **لَعَلَّمَا**" دَ رآری ماضی اِحتِمالی گردَد نَحو: **لَعَلَّمَا فَعَلَ**،

ماضی مطلق پر لفظ ''لَعَلَّمَا'' کو لے آؤ تو ماضی احتمالی بن جائے گی، جیسے: لَعَلَّمَا فَعَلَ،

وَہَمچُناں اگر بَجائے **"لَعَلَّمَا"** لفظِ **"لَیْتَمَا"** داخل کُنی ماضی تَمنّائی گردَد

اور اسی طرح اگر ''لَعَلَّمَا'' کی بجائے لفظ ''لَیْتَمَا'' داخل کرو تو ماضی تمنائی بن جائے گی

چُوں: **لَیْتَمَا ضَرَبَ**، بایَد دانِست که اَز ہَریَك اَزینہا چَہاردَہ چَہاردَہ

جیسے: لَیْتَمَا ضَرَبَ، جاننا چاہئے کہ ان (افعال) میں سے ہر ایک کے چودہ چودہ

صِیغَه بَرمی آیَند، چُنانکه دَ رماضی مُطلق گُذشت۔

صیغے نکلتے ہیں، جیسا کہ ماضی مطلق میں گزرا۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد بَحث فعل ماضی بُود، چُوں خواہی کہ مُضارع
یہ سب جو کہا گیا، بحث تھی فعل ماضی کی، جب تو چاہے کہ مضارع
بِنا کُنی، یَکے را اَز عَلامَتہائے مضارع دَر اوّلِ اُو دَر آر، وَفا کَلِمہ
بنائے تُو، تو مضارع کی علامتوں میں سے ایک علامت کو اس (ماضی) کے شروع میں لے آ، اور فاء کلمہ
راساکِن کُن وَعَین کَلِمہ رابَر حالَتِ خُود بُگذار، وآخِرِ اُو ضَمَّہ کُن،
کو ساکن کر اور عین کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑ دے، اور اس کے آخر کو ضمہ دے،
وَعَلامَتِ مُضارع چَہار حَرف اَند: اَلِف وتاء ویاء ونُون کہ مَجمُوع وے
اور علامتِ مضارع چار حروف ہیں: الف، تاء، یاء اور نون کہ ان کا مجموعہ
أتین باشَد، اَلِف وحدان حِکایَتِ نَفسِ مُتَکَلِّم راسُت، وَتاء بَرائے ہَشت
اتین ہے، الف واحد متکلم کی ذات کے بیان کیلئے ہے، اور تاء آٹھ صیغوں کے لئے
کَلِمہ اسُت، سہ اَزاں مَر مُذَکَّر حاضِر راسُت، وَسِہ اَزاں مَر مُؤَنَّث
ہے، تین ان میں سے مذکر حاضر کے ہیں، تین ان میں سے مؤنث حاضر کے
حاضِر راسُت، وَدواَزاں مَر واحِد وتَثنِیَہ مُؤَنَّث غائب راسُت، وَیاء
ہیں، دو ان میں سے واحد اور تثنیہ مؤنث غائب کے ہیں، اور یاء
بَرائے چَہار کَلِمہ راسُت، سِہ اَزاں مَر مُذَکَّر غائب راسُت، وَیَکے مَرجَمع
چار صیغوں کے لئے ہے، تین ان میں سے مذکر غائب کے ہیں اور ایک جمع
مُؤَنَّث راسُت، وَنون بَرائے تَثنِیَہ وجمع حِکایَتِ نَفسِ مُتَکَلِّم مُذکَّر و مؤنَّث
مؤنث کا ہے، اور نون تثنیہ و جمع متکلم مذکر و مؤنث کی ذات کے بیان کے لئے

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

سُت، وَدَر ہَفت مَحَل نون اِعرابی رادَ ر آر، چَہار تَثنِیَہ کہ نون اِعرابی

ہے، اور سات جگہوں میں نون اعرابی کو لے آ، چار تثنیہ کہ ان میں نون اعرابی

دَ رِینہا مَکسُور باشَد، وَد وجمع مذکَّر غائب و حاضِر، وَیَکے واحِد مؤنَّث حاضِر

مکسور ہوتا ہے، دو جمع مذکر غائب اور حاضر، ایک واحد مؤنث حاضر

کہ نون اِعرابی دَرِینہا مَفتُوح باشَد، ونون جمع مؤنَّث چُنانکہ دَ ر

کہ نون اعرابی اس میں مفتوح ہوتا ہے، اور نون جمع مؤنث جیسے ماضی میں

ماضی آیَد ہَمچُناں دَ ر مُضارع نِیز آیَد۔

آتا ہے اسی طرح مضارع میں بھی آتا ہے۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد، بَحث اِثبات فعل مُضارِع مَعرُوف بُود، چُوں خواہی

یہ تمام جو گفتگو ہوئی، بحث تھی فعل مضارع مثبت معروف کی، جب تو چاہے

کہ مُضارع مَجہُول بِنا کُنی، عَلامتِ مُضارِع راضَمَّہ دِہ، وَعَین کَلِمہ را فَتحَہ دَ ر

کہ مضارع مجہول بنائے، تو مضارع کی علامت کو ضمہ دے، عین کلمہ کو فتحہ (دے)

د وحال، وَلام کَلِمہ را بَر حالَتِ خُود بُگذار، تا مُضارِع مَجہُول گردَد۔

دو حالتوں میں، اور لام کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑ دے، تا کہ مضارع مجہول بن جائے۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد، بَحث اِثبات فعل مضارع مَجہُول بُود، چُوں

یہ سب جو کہا گیا، فعل مضارع مثبت مجہول کی بحث تھی، جب

خواہی کہ نَفی بَہ "لَا" بِنا کُنی، لائے نَفی دَ ر اوّلِ اُو دَ ر آر، لائے نَفی دَ ر

تو چاہے کہ نفی بَہ "لَا" بنائے، تو نفی کا "لا" اس (مضارع مثبت) کے شروع میں لے آ، نفی کا "لا"

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

لفظِ مضارع ہیچ عَمَل نَکُنَد، چُنانکه بُود ہَمبَراں طَرِیق باشَد، لیکِن عَمَل دَر
مضارع کے لفظوں میں کوئی عمل نہیں کرتا، جس طرح تھا اسی طریقے پر رہے گا، لیکن معنٰی
معنٰی کُنَد، یعنی مُثبَت را بَمعنٰی منفی گردانَد۔
میں عمل کرتا ہے، یعنی (مضارع) مثبت کو منفی کے معنٰی میں پھیر دیتا ہے۔

فصل

اِیں ہَمَه که گُفتَه شُد، بَحث نَفی فعل مضارع بَـ"لَا" بُود، چُوں خواہی
یہ جتنی گفتگو ہوئی، بحث فعل مضارع منفی بَـ"لَا" کی تھی، جب تو چاہے
که نفی تاکید بَـ"لَنْ" بِناکُنی، "لَنْ" دَر اوّل فعل مضارع دَر آر، وَاِیں
کہ نفی تاکید بَـ"لَنْ" (ناصبہ) بنائے، تو فعل مضارع کے شروع میں (لفظِ) "لَنْ" لے آ، اور اس
را نفی تاکید بَـ"لَنْ" گویَند، و "لَنْ" دَر فعل مُستَقبِل دَر پَنج مَحَل
کو نفی تاکید بلن کہتے ہیں، اور (لفظِ) "لَنْ" فعل مستقبل میں پانچ جگہوں میں
نَصَب کُنَد، وَآں پَنج مَحَل اِیں اسْت: واحِد مذکَّر غائب، واحد مؤنَّث
نصب دیتا ہے، اور وہ پانچ جگہیں یہ ہیں: واحد مذکر غائب، واحد مؤنث
غائب، واحِد مذکَّر حاضِر، وَد و صیغه حِکایَتِ نَفسِ مُتَکَلِّم، وَدَر ہَفت
غائب، واحد مذکر حاضر، اور دو صیغے متکلم کی ذات کے بیان کے، اور سات
مَحَل نون اِعرابی راساقِط گردانَد، چَہار تَثنِیَه، وَدوجمع مذکَّر غائب
جگہوں میں (لفظِ "لَنْ") نون اعرابی کو گرا دیتا ہے، چار تثنیہ، دو جمع مذکر غائب
وحاضر، ویکے واحد مؤنث حاضر، ودر دو کلمه یعنی جمع مؤنث غائب
اور حاضر، اور ایک واحد مؤنث حاضر، اور دو صیغوں یعنی جمع مؤنث غائب
وحاضِر دَر لَفظ ہیچ عَمَل نَکُنَد، و "لَنْ" مضارع را بَمعنٰی مُستَقبِل منفی گردانَد۔

مرکز علائی بن عثمان
کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

اور حاضر میں لفظوں میں کوئی عمل نہیں کرتا اور (لفظِ) ''لَنْ'' مضارع کو مستقبل منفی کے معنی میں پھیر دیتا ہے

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد، بَحث نفی تاکید بَـ"لَنْ" دَر فعل مُستَقبِل بُود، چُوں

یہ سب جو گفتگو ہوئی، بحث نفی تاکید بلن (ناصبہ) در فعل مستقبل کی تھی، جب

خواہی کہ نفی جَحد بَـ"لَمْ" بِناکُنی، "لَمْ" دَر اوّل فعل مضارع دَر آر، وَاِیں

تو چاہے کہ نفی جحد بَ''لَمْ'' (جازمہ) بنائے، تو (لفظِ) ''لَمْ'' فعل مضارع کے شروع میں لے آ، اور اس

را نفی جَحد بَـ"لَمْ" می گویَند، و "لَمْ" دَر فعل مضارع دَر پَنج مَحَل جَزم کُنَد

کو نفی جحد بہ ''لَمْ'' کہتے ہیں، اور (لفظِ) ''لَمْ'' فعل مضارع میں پانچ جگہوں میں جزم دیتا ہے

اگر دَر آخِرِ اُو حَرفِ عِلّت نَباشَد، وَاگر باشَد ساقِط گردانَد، چُوں: لَمْ یَدْعُ

اگر اس (فعل مضارع) کے آخر میں حرفِ علت نہ ہو، اور اگر (حرفِ علت) ہو تو (لفظِ ''لَمْ'') اسے گرا دیتا ہے، جیسے: لَمْ یَدْعُ،

وَلَمْ یَرْمِ و لَمْ یَخْشَ وَحُرُوفِ عِلَّت سِہ اسْت: واؤ و الف و یاء کہ مَجمُوعہ وے

لَمْ یَرْمِ اور لَمْ یَخْشَ اور حروفِ علت تین ہیں: واؤ، الف اور یاء، کہ مجموعہ اس کا

وای باشَد، وَآں پَنج مَحَل اِیں سُت: واحِد مُذکَّر غائب، واحِد مؤنَّث غائب،

وای ہے، اور وہ پانچ جگہیں یہ ہیں: واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب،

واحِد مُذکَّر حاضِر، وَد و کِلمہ حِکایَتِ نَفسِ مُتَکَلِّم، وَدَر ہَفت مَحَل نون اِعرابی

واحد مذکر حاضر، اور دو صیغے متکلم کی ذات کے بیان کے، اور سات جگہوں میں (لفظِ ''لَمْ'') نون اعرابی

را ساقِط گردانَد، چَہار تَثنِیَہ و دو جمع مُذکَّر غائب و حاضِر، وَیَکے واحِد

کو گرا دیتا ہے، چار تثنیہ، دو جمع مذکر غائب اور حاضر، اور ایک واحد

مُؤنَّث حاضِر، وَدَر د و مَحَل دَر لَفظ ہیچ عَمَل نَکُنَد، وَآں د و مَحَل اَیں اسْت:

مؤنث حاضر، اور دو جگہوں میں لفظوں میں کوئی عمل نہیں کرتا، اور وہ دو جگہیں یہ ہیں:

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

جمع مُؤنَّث غائب وحاضِر، وَدَر ہَمَه کلِمات عَمَل دَر معنٰی کُنَد، یعنی

جمع مؤنث غائب اور حاضر، اور تمام صیغوں میں معنٰی میں عمل کرتا ہے، یعنی

صیغه فعل مضارع را بمعنٰی ماضی منفی گردانَد۔

فعل مضارع کے صیغے کو ماضی منفی کے معنٰی میں پھیر دیتا ہے۔

فصل

اِیں ہَمَه که گُفتَه شُد، بَحث نفی جَحد **بَلَمْ** دَر فعل مُستَقبِل بُود، چُوں

یہ جو ساری گفتگو ہوئی، بحث تھی فعل نفی جحد بلم در فعل مستقبل کی، جب

خواہی که لام تاکید بانون تاکید بِناکُنی، لام تاکید دَر اوّل فعل

تو چاہے کہ لام تاکید بانون تاکید بنائے، تو لام تاکید فعل مستقبل کے شروع میں

مُستَقبِل دَرآر، وَنون تاکید دَر آخِرِ اُو زیادہ کُن، وَلامِ تاکید ہمیشه

لے آ، اور نون تاکید اس کے آخر میں زیادہ کر، اور لام تاکید ہمیشہ

مَفتُوح باشَد، وَنون تاکید د ونون اسْت، یَکے نون ثَقیله دوم نون

مفتوح ہوتا ہے، اور نون تاکید دو نون ہیں، ایک نون ثقیلہ دوسرا نون

خَفِیفَه، وَنون ثَقِیله نون مُشَدَّد را گویَند، وَنون خَفِیفَه نون ساکِن را

خفیفہ، اور نون ثقیلہ نون مشدد کو کہتے ہیں، اور نون خفیفہ نون ساکن کو

گویَند، وَنون ثَقِیلَه دَر چَہار دَه کلِمه دَر آیَد، وَنون خَفِیفَه دَر ہَشت

کہتے ہیں، اورنون ثقیلہ چودہ صیغوں میں آتا ہے، اور نون خفیفہ آٹھ

کلِمه دَر آیَد، وَما قَبل نون ثَقِیلَه دَر پَنج مَحَل مَفتُوح باشَد، وآں پَنج

صیغوں میں آتا ہے، اورنون ثقیلہ کا ماقبل پانچ جگہوں میں مفتوح ہوتا ہے، اور وہ پانچ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مَحَل اِیں اسُت: واحِد مُذکَّر غائب وَوَاحِد مُؤنَّث غائب و واحِد مُذکَّر

جگہیں یہ ہیں: واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر

حاضِر، وَدوصیغه حِکایَتِ نَفسِ مُتَکَلِّم، وَدَر شَش مَحَل ماقَبل نون ثَقِیلَه

حاضر، اور دو صیغے متکلم کی ذات کے بیان کے، اور چھ جگہوں میں نون ثقیلہ کا ماقبل

اَلِف باشَد، چَهار تَثنِیَه و دو جمع مُؤنَّث غائب وَحاضِر، دَرِیں دو مَحَل

الف ہوتا ہے، چار تثنیہ، دو جمع مؤنث غائب اور حاضر، اِن دو جگہوں (جمع مؤنث غائب وحاضر) میں

اَلِف فاصِل دَرآیَد، وَدَر جمع مُذکَّر غائب و حاضِر واؤ دور کَردَه شَوَد،

الف فاصل آتا ہے، اور جمع مذکر غائب اور حاضر میں واؤ دور کردی جاتی ہے،

ماقَبل اُو ضَمَّه گُذاشتَه شَوَد، تادَلالَت کُنَد بَر حَذفِ واؤ، وَاَز صیغه

اس سے پہلے ضمہ چھوڑ دیا جاتا ہے، تا کہ دلالت کرے واؤ کے حذف پر، اور

واحِد مُؤنَّث حاضِر یاء دُور کَردَه شَوَد، ماقَبل اُو کَسرَه گُذاشتَه آیَد،

واحد مؤنث حاضر کے صیغہ سے یاء دور کردی جاتی ہے، اس کے ماقبل کسرہ کو چھوڑ دیا جاتا ہے،

تادَلالَت کُنَد بَر حَذفِ یاء، وَنون ثَقِیلَه دَر شَش مَحَل مَکسُور باشَد،

تا کہ یاء کے حذف پر دلالت کرے، اور نون ثقیلہ چھ جگہوں میں مکسور ہوتا ہے،

وآں شَش مَحَل ہمانسُت که دَر اں اَلِف دَرمی آیَد، وَدَر باقی ہَشت مَحَل

اور وہ چھ جگہیں وہی ہیں کہ ان میں الف آتا ہے، اور باقی آٹھ جگہوں میں

مَفتُوح، وَنون خَفِیفَه دَر مَحَلیکه اَلِف باشَد دَر نَیایَد، وَدَر باقی مَحَل

(نون ثقیلہ) مفتوح، اور جن جگہوں میں الف آتا ہے ان میں نون خفیفہ نہیں آتا، اور باقی جگہوں میں

بِیایَد، وَنونِ اِعرابی بانونِ تاکید جمع نَشَوَد۔

آتا ہے، اور نون اعرابی نون تاکید کے ساتھ جمع نہیں ہوتا۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد بَحث فِعل مُستَقبل لام تاکید بانون ثَقِیلَہ و خَفِیفَہ بُود،

یہ تمام جو گفتگو تھی، بحث تھی فعل مستقبل لام تاکید بانون ثقیلہ و خفیفہ کی،

چُوں خواہی کہ اَمر بِنا کُنی، اَمر گِرفتَہ می شَوَد اَز فِعل مُضارِع، غائب

جب تو چاہے کہ امر بنائے، تو امر بنایا جاتا ہے فعل مضارع سے، غائب

اَز غائب، حاضِر اَز حاضِر، مُتَکَلِّم اَز مُتَکَلِّم، مَعرُوف اَز مَعرُوف،

سے غائب، حاضر سے حاضر، متکلم سے متکلم، معروف سے معروف،

مَجہُول اَز مَجہُول، چُوں خواہی کہ اَمر حاضِر مَعرُوف بِنا کُنی، عَلامَتِ

مجہول سے مجہول، جب تو چاہے کہ امر حاضر بنائے، تو

مُضارِع را حَذف کُن، بَعدہٗ بِنِگر کہ مُتَحَرِّک می مانَد یا ساکِن، اگر

مضارع کی علامت کو حذف کر، اس کے بعد دیکھ کہ متحرک باقی ہے یاساکن، اگر

مُتَحَرِّک میمانَد آخِر راساکِن کُن اگر حَرفِ عِلَّت نَباشَد، چُوں: اَز **تَعِدُ**

متحرک باقی ہے تو آخر کو ساکن کر اگر حرف علت نہ ہو، جیسے: تَعِدُ سے

عِدْ و اَز تَضَعُ ضَعْ، وَاگر باشَد ساقِط شَوَد، چُوں: اَز **تَقِیُ قِ**، وَاَگر ساکِن

عِدْ، تَضَعُ سے ضَعْ، اور اگر (حرفِ علت) ہوتو گر جائے گا، جیسے: تَقِیُ سے قِ اور اگر ساکن

میمانَد نَظَر کُن دَر عَین کَلِمہ، اَگر عَین کَلِمہ مَکسُور باشَد یا مَفتُوح

باقی ہو تو عین کلمہ میں نظر کر، اگر عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح

ہَمزَۂ وَصل مَکسُور دَر اَوّلِ اُو دَر آر، وَآخِر راساکِن کُن اگر حَرفِ

تو ہمزہ وصلی مکسور اس کے شروع میں لے آ، اور اس کا آخر ساکن کر اگر حرفِ

مرکز علاؤ بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

عِلَّت نَباشَد، چُون:اَز **تَسْمَعُ اِسْمَعْ** وَاَز **تَضْرِبُ اِضْرِبْ**، وَاَ گر باشَد

علت نہ ہو، جیسے: تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ، اور اگر ہو

ساقِط شَوَد، چُون: اَز **تَرْمِیْ اِرْمِ** وَاَز **تَخْشٰی اِخْشَ** ، وَاَ گر عَین کَلِمه

تو گر جاتا ہے، جیسے: تَرْمِیْ سے اِرْمِ اور تَخْشٰی سے اِخْشَ، اور اگر عین کلمہ

مَضمُوم باشَد، هَمزَهٔ وَصل مَضمُوم دَر اَوّلِ اُو دَ ر آر، وَآخِر راساکِن

مضموم ہو، تو ہمزہ وصلی مضموم اس کے شروع میں لے آ، اور اس کے آخر کو ساکن

کُن اَ گر حَرفِ عِلَّت نَباشَد، چُون: اَز **تَنْصُرُ اُنْصُرْ**، وَاَ گر باشَد ساقِط

کر اگر حرفِ علت نہ ہو، جیسے: تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ، اور اگر (حرفِ علت) ہو تو گر

شَوَد، چُون: اَز **تَدْعُوْ اُدْعُ**، چُون خواهی که اَمر حاضِر مَجهُول وَاَمر

جائے گا، جیسے: تَدْعُوْ سے اُدْعُ، جب تو چاہے کہ امر حاضر مجہول اور امر

غائب مَعرُوف یا مَجهُول بِناکُنی، لامِ اَمر مَکسُور دَ راَوَّلِ اُو دَ ر آر،

غائب معروف یا مجہول بنائے، تو امر کا لام مکسور اس کے شروع میں لے آ،

وَآخِرِ اُو جَزم کُن اگر حَرفِ عِلَّت نَباشَد، وَاَ گر باشَد ساقِط شَوَد،

اور اس کا آخر مجزوم کر اگر حرفِ علت نہ ہو، اور اگر ہو تو وہ گر جائے گا،

چُون: **لِیَدْعُ لِیَرْمِ لِیَخْشَ**، وَنون تاکِید چُنانچه دَ ر مُضارِع می آیَد دَ ر

جیسے: لِیَدْعُ لِیَرْمِ لِیَخْشَ، اور نون تاکید جس طرح مضارع میں آتا ہے

اَمر نِیز می آیَد، وَدَ ر اَمر نون اِعرابی هَم ساقِط شَوَد۔

امر میں بھی آتا ہے، اور امر میں نون اعرابی بھی گرجاتا ہے۔

فصل

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد بَحث اَمر بُود، چُوں خواہی کہ نَہی بِنا کُنی پَس

یہ جو سب گفتگو ہوئی، بحث تھی امر کی، جب تو چاہے کہ نہی بنائے، تو

لائے نَہی دَر اَوّلِ فِعل مُستَقبِل دَ ر آر، وَلائے نَہی دَر آخِر اُو دَر پَنج

نہی کا ''لا'' فعل مستقبل کے شروع میں لے آ، اور لائے نہی اس کے آخر میں پانچ

مَحَل جَزم کُنَد مِثل "لَمْ" اگر دَ ر آخِرِ اُو حَرفِ عِلَّت نَباشَد، وَاَ گر باشَد

جگہ (لفظِ) ''لَم'' کی طرح جزم دیتا ہے اگر اس کے آخر میں حرف علت نہ ہو، اور اگر (حرفِ علت) ہو

ساقِط گردانَد، چُوں: لَاتَدْعُ و لَاتَرْمِ و لَاتَخْشَ، وَاَز ہَفت مَحَل نون

تو وہ گر جاتا ہے، جیسے: لَاتَدْعُ، لَاتَرْمِ اور لَاتَخْشَ، اور سات جگہوں سے نون

اِعرابی را ہَم دُور نُمایَد، وَدَر دو مَحَل دَر لَفظ ہیچ عَمَل نَکُنَد، وَنون

اعرابی کو بھی دور کر دیتا ہے، اور دو جگہوں میں لفظوں میں کوئی عمل نہیں کرتا، اور نون

تاکید چُنانچہ دَ ر مُضارع آیَد ہَمبَراں طَرِیق دَ ر نَہی نِیز می آیَد۔

تاکید جس طرح مضارع میں آتا ہے اسی طریقہ پر نہی میں بھی آتا ہے۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد بَحث نَہی بُود، چُوں خواہی کہ اِسمِ فاعِل بِنا کُنی،

یہ تمام جو گفتگو ہوئی، نہی کی بحث تھی، جب تو چاہے کہ اسمِ مفعول بنائے،

اِسمِ فاعِل گرِفتَہ مے شَوَد اَز فِعل مُضارع مَعرُوف، پَس عَلامَتِ مُضارع

تو اسمِ فاعل کو بنایا جاتا ہے فعل مضارع معروف سے، پس مضارع کی علامت کو

را حَذف کُن، بَعد اَزاں فا کَلِمہ رافَتحَہ دِ ہ وَمِیانِ فاو عین اَلِفِ فاعِل دَ ر آر، و

حذف کر، اس کے بعد فاء کلمہ کو فتحہ دے اور فاء اور عین (کلمہ) کے درمیان فاعل کا الف لے آ، اور

عَین کَلِمہ را کَسرَہ دِہ، وَلام کَلِمہ را تَنوِین زیادہ کُن تا اِسمِ فاعِل گردَد

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

عین کلمہ کو کسرہ دے، اور لام کلمہ کے (ساتھ) تنوین زیادہ کرتا کہ اسمِ فاعل بن جائے۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد، بَحث اِسمِ فاعِل بُود، چُوں خواہی کہ اِسمِ مَفعُول

یہ جو سب گفتگو ہوئی، اسمِ فاعل کی بحث تھی، جب تو چاہے کہ اسمِ مفعول

بِنا کُنی، اِسمِ مَفعُول ساختَہ میشَوَد اَز فِعل مُضارع مَجہُول، پَس

بنائے، تو اسمِ مفعول بنایا جاتا ہے فعل مضارع مجہول سے، پس

عَلامَتِ مُضارع راحَذف کُن، بَعد اَزاں میم مَفتُوح مَفعُول دَر اَوّلِ اُو

مضارع کی علامت کو حذف کر، اس کے بعد مفعول کا میم مفتوح اس کے شروع میں

دَ رآر، وَ عَین کَلِمہ را ضَمَّہ دِ ہ، وَمِیانِ عَین و لام واؤ مَفعُول دَ رآر،

لے آ، اور عین کلمہ کو ضمہ دے، اور عین اور لام (کلمہ) کے درمیان مفعول کا واؤ لے آ،

وَلام کَلِمہ را تَنوِین دِہ تا اِسمِ مَفعُول گردَد۔

اور لام کلمہ کو تنوین دے تاکہ اسمِ مفعول بن جائے۔

فصل

چُوں خواہی کہ اِسمِ ظَرف زَمان و مَکان بِنا کُنی، علامَتِ مُضارع را

جب تو چاہے کہ اسمِ ظرف زمان اور مکان بنائے، تو مضارع کی علامت کو

حَذف کُن، وَمِیم مَفتُوح دَر اَوّلِ اُو دَر آر، وَعَین کَلِمہ را فَتحَہ دِہ اَ گر

حذف کر، اور میم مفتوح اس کے شروع میں لے آ، اور عین کلمہ کو فتحہ دے اگر

مَضمُوم باشَد، وَاَ گر مَفتُوح باشَد بَحالِ خُود بِمانَد، مَگر دَر مِثال،

مضموم ہو، اور اگر مفتوح ہو تو اپنی حالت پر رہنے دے، مگر مثال میں (عین کلمہ ہمیشہ مکسور ہوگا)،

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

وَہَمچُنِیں اگر مَکسُور باشَد، مَگر دَر ناقِص ومُضاعَف، و

اوراسی طرح اگرمکسور ہو(تب بھی اپنی حالت پر رہنے دے)،مگرناقص اورمضاعف میں(عین کلمہ مفتوح ہوگا)،اور

لام کَلِمہ را تَنوِین مُلحَق کُن، تا اِسم زَمان و مَکان گردَد۔

لام کلمہ کے(ساتھ)تنوین ملا، تاکہ اسم زمان اور مکان بن جائے۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد، بَحث اِسمِ ظَرف بُود، چُوں خواہی کہ اِسمِ آلہ بِنا کُنی،

یہ جو سب گفتگو ہوئی، اسمِ ظرف کی بحث تھی، جب تو چاہے کہ اسمِ آلہ بنائے،

عَلامَتِ مُضارِع را حَذف کُن، وَمِیم مَکسُور دَر اَوّلِ اُو دَر آر، وَعَین کَلِمہ

تو مضارع کی علامت کو حذف کر دے، اور میم مکسور اس کے شروع میں لے آ، اور عین کلمہ

را فَتحَہ دِہ اگر مَفتُوح نَباشَد، وَلام کَلِمہ را تَنوِین مُلحَق ساز، تا اِسمِ

کو فتحہ دے اگر مفتوح نہ ہو، اور لام کلمہ کے (ساتھ) تنوین ملا دے، تا کہ اسمِ

آلہ گردَد، وَاَگر بَعدِ عَین کَلِمہ اَلِف آری، وَیا پَسِ لام تا زیادہ کُنی، د و

آلہ بن جائے، اوراگرتُو عین کلمہ کے بعدالف لے آئے، یالام (کلمہ) کے بعدتاءزیادہ کرے،تو دو

صِیغَہ دِیگر اِسمِ آلہ کہ اَکثَر مُوافِقِ قِیاسَ سُت، پَدِید مے آیَد۔

اور صیغے اسمِ آلہ کے، جو زیادہ تر قیاس کے مطابق ہوتے ہیں، ظاہر ہوجائیں گے۔

فصل

اِیں ہَمَہ کہ گُفتَہ شُد، بَحث اِسمِ آلہ بُود، چُوں خواہی کہ اِسمِ

یہ جو ساری گفتگو ہوئی، اسمِ آلہ کی بحث تھی، جب تو چاہے کہ اسمِ

تَفضِیل بِنا کُنی، عَلامَتِ مُضارِع را حَذف کُن، وَہَمزَۂ اِسمِ تَفضِیل

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

تفضیل بنائے، تو مضارع کی علامت کو حذف کردے، اور اسمِ تفضیل کا ہمزہ
دَر اَوّلِ اُو دَر آر، وَعَین کَلِمہ را فَتحَہ دِہ اَگر مَفتُوح نَباشَد،
اس کے شروع میں لے آ، اور عین کلمہ کو فتحہ دے اگر مفتوح نہ ہو،
وَلام را بَحالَتِ خُود بُگذار، اِیں طَرِیق بِنائے اِسمِ تَفضِیل بَرائے
اور لام کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑ دے، اسمِ تفضیل بنانے کا یہ طریقہ
مُذکَّر اسْت، اَمَّا چُوں صِیغَۂ مُؤنَّث بِنا کُنی، بَعد حَذفِ عَلامَتِ
مذکر کے لئے ہے، بہر حال جب تو (اسمِ تفضیل) مؤنث کا صیغہ بنائے، تو مضارع کی علامت کو گرانے کے بعد
مُضارِع فاء را ضَمَّہ دِہ، وَعَین را ساکِن کُن، وَبَعد لام اَلِف مَقصُورَہ
فاء (کلمہ) کو ضمہ دے، اور عین (کلمہ) کو ساکن کر، اور لام (کلمہ) کے بعد الف مقصورہ
لاحِق کُن، وَلام کَلِمہ را فَتحَہ دِہ، تا اِسمِ تَفضِیل مُؤنَّث گردَد۔
ملا دے، اور لام کلمہ کو فتحہ دے، تاکہ اسمِ تفضیل مؤنث بن جائے۔

شرح میزان الصرف

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۱

افعال کی اقسام (باعتبارِ تصریف)

گردان کئے جانے کے اعتبار سے افعال کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ افعالِ متصرفہ ۲۔ افعالِ غیر متصرفہ

۱۔ افعالِ متصرفہ:

ایسے افعال جن کی ماضی سے مضارع وغیرہ آئیں جیسے فَعَلَ، یَفْعَلُ اور اِفْعَلْ۔

۲۔ افعال غیر متصرفہ:

ایسے افعال جن کی صرف ماضی آتی ہے جیسے عَسٰی، لَیْسَ، نِعْمَ، بِئْسَ وغیرہ یا صرف مضارع آتا ہے جیسے یَذَرُ۔

مرکز علی بن عثمان

افعالِ متصرفہ کی اقسام:

زمانے کے اعتبار سے افعالِ متصرفہ کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ فعل ماضی ۲۔ فعل مستقبل ۳۔ فعل حال

ان تینوں (ماضی، حال، مستقبل) کے علاوہ جو بھی مشتقّات یعنی امر، اسم فاعل، اسم مفعول وغیرہ ہیں وہ انہی تین سے بنتے ہیں۔

۱۔ فعل ماضی:

اس فعل کو کہتے ہیں جو گزرے ہوئے زمانے کے ساتھ تعلق رکھے اور کسی عارضہ (مرفوع ضمیروں وغیرہ) کے بغیر اس کا آخر فتحہ پر مبنی ہو، چاہے اس کے حروف کم ہوں جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ، سَمِعَ بروزن فَعِلَ اور کَرُمَ بروزن فَعُلَ یا زیادہ ہوں جیسے بَعْثَرَ بروزن فَعْلَلَ اور اِسْتَنْصَرَ بروزن اِسْتَفْعَلَ۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

۲۔ فعل مستقبل:

اس فعل کو کہتے ہیں جو آنے والے زمانے کے ساتھ تعلق رکھے اور کسی عارضہ (حروفِ ناصبہ وغیرہ) کے بغیر اس کا آخر مرفوع ہو جیسے یَضْرِبُ بروزن یَفْعِلُ، یَسْمَعُ بروزن یَفْعَلُ، یَکْرُمُ بروزن یَفْعُلُ اور یُبَعْثِرُ بروزن یُفَعْلِلُ ۔

۳۔ فعل حال:

اس فعل کو کہتے ہیں جو موجودہ زمانے کے ساتھ تعلق رکھے۔

☆ حال کے صیغے مستقبل کے صیغوں کی طرح ہیں (مضارع میں حال اور استقبال دونوں زمانے پائے جاتے ہیں)۔

سوالات

سوال نمبر۱: افعال متصرفہ اور غیر متصرفہ کی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر۲: افعال متصرفہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

مرکز علی بن عثمان

''ایک دوسرے کے ساتھ نہ حسد کرو، نہ مکر و فریب سے کام لو، نہ غصہ کرو''

[الحدیث]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔۲

صیغہ

معنٰی:

لغت میں صیغہ کا معنٰی ہے بنانا یا سونے چاندی کو سانچے میں ڈھالنا۔

تعریف:

اصطلاح میں صیغہ سے مراد کلمہ کی وہ شکل وصورت ہے جو مختلف حروف اور حرکات وسکنات کو جمع کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔

ماضی و مضارع میں صیغوں کی تعداد

<table>
<tr><td colspan="6">غائب</td><td colspan="6">حاضر</td><td colspan="2">متکلم</td></tr>
<tr><td colspan="6">۶</td><td colspan="6">۶</td><td colspan="2">۲</td></tr>
<tr><td colspan="3">مذکر</td><td colspan="3">مؤنث</td><td colspan="3">مذکر</td><td colspan="3">مؤنث</td><td colspan="2">مذکر/مؤنث</td></tr>
<tr><td colspan="3">۳</td><td colspan="3">۳</td><td colspan="3">۳</td><td colspan="3">۳</td><td colspan="2">۲</td></tr>
<tr><td>واحد</td><td>تثنیہ</td><td>جمع</td><td>واحد</td><td>تثنیہ</td><td>جمع</td><td>واحد</td><td>تثنیہ</td><td>جمع</td><td>واحد</td><td>تثنیہ</td><td>جمع</td><td>واحد</td><td>مع الغیر</td></tr>
<tr><td>۱</td><td>۲</td><td>۳</td><td>۴</td><td>۵</td><td>۶</td><td>۷</td><td>۸</td><td>۹</td><td>۱۰</td><td>۱۱</td><td>۱۲</td><td>۱۳</td><td>۱۴</td></tr>
</table>

غائب کے چھ صیغے:

۱۔ واحد مذکر غائب
۲۔ تثنیہ مذکر غائب
۳۔ جمع مذکر غائب
۴۔ واحد مؤنث غائب
۵۔ تثنیہ مؤنث غائب
۶۔ جمع مؤنث غائب

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

حاضر کے چھ صیغے:

۱۔ واحد مذکر حاضر	۴۔ واحد مؤنث حاضر
۲۔ تثنیہ مذکر حاضر	۵۔ تثنیہ مؤنث حاضر
۳۔ جمع مذکر حاضر	۶۔ جمع مؤنث حاضر

متکلم کے دو صیغے:

۱۔ واحد متکلم؛ یہ مذکر و مؤنث میں مشترک ہے۔

۲۔ متکلم مع الغیر ؛ یہ تثنیہ و جمع اور مذکر و مؤنث میں مشترک ہے۔

سوالات

سوال نمبر۱: صیغہ کا لغوی و اصطلاحی معنٰی بیان کریں۔

سوال نمبر۲: فعل ماضی اور مضارع کے صیغوں کی تعداد بتائیں۔

مرکز علی بن عثمان

سوال نمبر۳: فعل مضارع میں متکلم کے کتنے صیغے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر۴: فعل ماضی میں مؤنث کے کتنے صیغے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر۵: فعل ماضی اور مضارع میں تثنیہ کے کون کون سے صیغے آتے ہیں؟

''انسان کی نجات دین کی پیروی میں ہے''

[حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۳

ماضی و مضارع کی اقسام

ماضی اور مضارع میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں:

۱۔معروف ۲۔مجہول

۱۔معروف:

وہ فعل ہے جس کی نسبت اپنے فاعل کی طرف ہو یا جس فعل کا فاعل معلوم ہو جیسے نَصَرسَمِیْعُ اللّٰہ (سمیع اللہ نے مدد کی)،یَنْصُرُ رِضَا (رضا مدد کرتا ہے یا کرے گا)۔

۲۔مجہول:

وہ فعل ہے جس کی نسبت اپنے فاعل کی بجائے مفعول کی طرف ہو یا جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو جیسے نُصِرَ شُجَاعُ الدِّیْن (شجاع الدین مدد کیا گیا)، یُنْصَرُ شُجَاعُ الدِّیْن (شجاع الدین مدد کیا جاتا ہے یا مدد کیا جائے گا)۔

مرکز علی بن عثمان

معروف و مجہول کی اقسام:

معروف اور مجہول میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں:

۱۔مثبت ۲۔منفی

۱۔مثبت:

وہ فعل ہے جس سے کسی فعل کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے جیسے نَصَرَ عَلِیٌّ (علی نے مدد کی)، نُصِرَ عَلِیٌّ (علی مدد کیا گیا)۔

۲۔منفی:

وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے جیسے مَا فَعَلَ مُعَاذٌ (معاذ نے نہیں کیا)،مَا فُعِلَ مُعَاذٌ (معاذ نہیں کیا گیا)۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

سوالات

سوال نمبر۱: ماضی اور مضارع میں سے ہر ایک کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر۲: معروف اور مجہول میں سے ہر ایک کی اقسام بیان کریں۔

سوال نمبر۲: مثبت اور منفی کی تعریف کریں۔

تمرینات

تمرین نمبر۱: معروف اور مجہول میں تمیز کریں۔

(۱)فُتِحَ (وہ کھولا گیا) (۲)یَضْرِبُ (وہ مارتا ہے/مارے گا) (۳)سَمِعَ (اُس نے سنا)

تمرین نمبر۲: مثبت اور منفی کو الگ الگ کریں۔

(۱)مَااَکَلَ (اُس نے نہیں کھایا) (۲)یَکْتُبُ (وہ لکھتا ہے) (۳)مَانُصِرَ (وہ مدد نہیں کیا گیا)

مرکز علی بن عثمان

''ہلاکت ہے ایسے شخص کے لئے
جو لوگوں کو ہنسانے کے لئے اپنی بات میں جھوٹ بولے،
ہلاکت ہے اس کے لئے، ہلاکت ہے اس کے لئے''

[الحدیث]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علم بن عثمان

فصل ۔۴

فعل ماضی مثبت معروف

بنانے کا طریقہ

مراحل	عمل	مثال
۱	ثلاثی مجرد کے ابواب سے مصدر لائیں	اَلْفِعْلُ / اَلْقُرْبُ / اَلشَّهَادَةُ
۲	مصدر کے حروفِ اصلیہ الگ کریں	ف ع ل / ق ر ب / ش ھ د
۳	فاء کلمہ کو فتحہ دیں	فَ ع ل / قَ ر ب / شَ ھ د
۴	عین کلمہ کو باب کے مطابق حرکت دیں	فَ عَ ل (باب فَتَحَ) قَ رُ ب (باب کَرُمَ) شَ ھِ د (باب سَمِعَ)
۵	لام کلمہ کو فتحہ دیں	فَ عَ لَ (فَعَلَ) قَ رُ بَ (قَرُبَ) شَ ھِ دَ (شَھِدَ)

☆فعل ماضی معروف بنانے کا یہ طریقہ صرف ثلاثی مجرد کے ابواب کے لئے ہے۔

صیغہ و معنٰی میں تبدیلی

مصدر		فعل ماضی	
صیغہ	معنٰی	صیغہ	معنٰی
اَلْفَعْلُ	کرنا	فَعَلَ	اُس ایک مذکر نے کیا
اَلْقُرْبُ	نزدیک ہونا	قَرُبَ	وہ ایک مذکر نزدیک ہوا
اَلشَّهَادَة	گواہی دینا	شَھِدَ	اُس ایک مذکر نے گواہی دی

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

گردان فعل ماضی مثبت معروف

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	فَعَلَ اُس ایک مذکر نے کیا [واحد مذکر غائب]	فَعَلَا اُن دو مذکروں نے کیا [تثنیہ مذکر غائب]	فَعَلُوْا اُن کئی مذکروں نے کیا [جمع مذکر غائب]
مؤنث غائب	فَعَلَتْ اُس ایک مؤنث نے کیا [واحد مؤنث غائب]	فَعَلَتَا اُن دو مؤنثوں نے کیا [تثنیہ مؤنث غائب]	فَعَلْنَ اُن کئی مؤنثوں نے کیا [جمع مؤنث غائب]
مذکر حاضر	فَعَلْتَ تو ایک مذکر نے کیا [واحد مذکر حاضر]	فَعَلْتُمَا تم دو مذکروں نے کیا [تثنیہ مذکر حاضر]	فَعَلْتُمْ تم کئی مذکروں نے کیا [جمع مذکر حاضر]
مؤنث حاضر	فَعَلْتِ تو ایک مؤنث نے کیا [واحد مؤنث حاضر]	فَعَلْتُمَا تم دو مؤنثوں نے کیا [تثنیہ مؤنث حاضر]	فَعَلْتُنَّ تم کئی مؤنثوں نے کیا [جمع مؤنث حاضر]
مذکر و مؤنث متکلم	فَعَلْتُ میں (ایک مذکر/مؤنث) نے کیا [واحد متکلم]	فَعَلْنَا ہم (دو/کئی؛ مذکر/مؤنث) نے کیا [متکلم مع الغیر]	

مرکز علی بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

صیغوں کی پہچان

صیغہ	گردان	علامت	علامت بتانے کا طریقہ
واحد مذکر غائب	فَعَلَ	ـَ	آخری حرف مفتوح
تثنیہ مذکر غائب	فَعَلَا	ـَا	آخر میں الف ماقبل مفتوح
جمع مذکر غائب	فَعَلُوْا	ـُ وْا	آخر میں واؤ ساکن ماقبل مضموم
واحد مؤنث غائب	فَعَلَتْ	ـَ تْ	آخر میں تاء ساکن ماقبل مفتوح
تثنیہ مؤنث غائب	فَعَلَتَا	ـَ تَا	آخر میں تاء الف ماقبل مفتوح
جمع مؤنث غائب	فَعَلْنَ	ـْ نَ	آخر میں نون مفتوح ماقبل ساکن
واحد مذکر حاضر	فَعَلْتَ	ـْ تَ	آخر میں تاء مفتوح ماقبل ساکن
تثنیہ مذکر حاضر	فَعَلْتُمَا	ـْ تُمَا	آخر میں تُمَا ماقبل ساکن
جمع مذکر حاضر	فَعَلْتُمْ	ـْ تُمْ	آخر میں تُمْ ماقبل ساکن
واحد مؤنث حاضر	فَعَلْتِ	ـْ تِ	آخر میں تاء مکسور ماقبل ساکن
تثنیہ مؤنث حاضر	فَعَلْتُمَا	ـْ تُمَا	آخر میں تُمَا ماقبل ساکن
جمع مؤنث حاضر	فَعَلْتُنَّ	ـْ تُنَّ	آخر میں تُنَّ ماقبل ساکن
واحد متکلّم	فَعَلْتُ	ـْ تُ	آخر میں تاء مضموم ماقبل ساکن
متکلّم مع الغیر	فَعَلْنَا	ـْ نَا	آخر میں نون الف ماقبل ساکن

مرکز علی بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

صیغہ بتانے کا طریقہ

۱۔سب سے پہلے بتایا جاتا ہے کہ صیغہ کون سا ہے مثلاً فَعَلَ پوچھا جائے تو کہیں گے واحد مذکر غائب

۲۔اس کے بعد گردان کا نام بتائیں گے مثلاً فعل ماضی مثبت معروف

۳۔پھر بتائیں گے کہ یہ شش اقسام میں سے کیا ہے مثلاً ثلاثی مجرد

۴۔پھر بتائیں گے کہ ہفت اقسام سے کیا ہے مثلاً صحیح

۵۔آخر میں باب کا نام بتائیں گے مثلاً از باب فَتَحَ یَفْتَحُ (یعنی باب فَتَحَ یَفْتَحُ سے)

کلمہ	صیغہ
فَعَلَ	واحد مذکر غائب، فعل ماضی مثبت معروف، ثلاثی مجرد، صحیح، از باب فَتَحَ یَفْتَحُ
فَعَلَا	تثنیہ مذکر غائب، فعل ماضی مثبت معروف، ثلاثی مجرد، صحیح، از باب فَتَحَ یَفْتَحُ
فَعَلُوْا	جمع مذکر غائب، فعل ماضی مثبت معروف، ثلاثی مجرد، صحیح، از باب فَتَحَ یَفْتَحُ
فَعَلَتْ	واحد مؤنث غائب، فعل ماضی مثبت معروف، ثلاثی مجرد، صحیح، از باب فَتَحَ یَفْتَحُ
يُفْعَلُ	وہ ایک مذکر کیا جاتا ہے/کیا جائے گا	مَفْعُوْلٌ	کیا ہوا ایک مذکر
يُضْرَبُ	وہ ایک مذکر مارا جاتا ہے/مارا جائے گا	مَضْرُوْبٌ	مارا ہوا ایک مذکر

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

گردان اسم مفعول

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَفْعُوْلٌ کیا ہوا ایک مذکر [واحد مذکر]	مَفْعُوْلَانِ مَفْعُوْلَيْنِ کئے ہوئے دو مذکر [تثنیہ مذکر]	مَفْعُوْلُوْنَ مَفْعُوْلِيْنَ کئے ہوئے کئی مذکر [جمع مذکر]
مؤنث	مَفْعُوْلَةٌ کی ہوئی ایک مؤنث [واحد مؤنث]	مَفْعُوْلَتَانِ مَفْعُوْلَتَيْنِ کی ہوئی دو مؤنث [تثنیہ مؤنث]	مَفْعُوْلَاتٌ کی ہوئی کئی مؤنث [جمع مؤنث]

مرکز علی بن عثمان

تمرینات

تمرین نمبر۱: یُقْتَلُ سے اسمِ مفعول بنائیں۔

تمرین نمبر۲: یُنْصَرُ سے اسمِ مفعول کی گردان تحریر کریں۔

تمرین نمبر۳: صیغہ بتائیں۔

(۱)مَفْتُوْحَتَيْنِ (۲)مَسْمُوْعَاتٌ (۳)مَقْبُوْلٌ

تمرین نمبر۴: ترجمہ کریں۔

(۱)مَنْصُوْرَانِ (۲)مَقْتُوْلِيْنَ (۳)مَفْعُوْلُوْنَ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۲۹

اسمِ ظرف

بنانے کا طریقہ

مراحل	عمل	مثال
۱	فعل مضارع مثبت معروف کا صیغہ لائیں	یَفْعَلُ، یَرْمِیْ، یَمُدُّ، یَنْصُرُ، یَوْجَلُ
۲	اُس کی علامتِ مضارع کو حذف کر دیں	فْعَلُ، رْمِیْ، مُدُّ، نْصُرُ، وْجَلُ
۳	شروع میں میم مفتوح لے آئیں	مَفْعَلُ، مَرْمِیْ، مَمُدُّ، مَنْصُرُ، مَوْجَلُ
۴	اگر ناقص ہو یا مضاعف ہو یا عین کلمہ مضموم ہو تو ان تینوں حالتوں میں عین کلمہ کو فتحہ دیں	مَرْمَیْ، مَمَدُّ، مَنْصَرُ
۵	مثال میں عین کلمہ کو ہمیشہ کسرہ دیں	مَوْجِلُ
۶	لام کلمہ کو تنوین دیں	مَفْعَلٌ، مَرْمَیٌ، مَمَدٌّ، مَنْصَرٌ، مَوْجِلٌ

مرکز علی بن عثمان

☆ یہ ابوابِ ثلاثی مجرد سے اسمِ ظرف بنانے کا طریقہ ہے۔

☆ مَرْمَیٌ کو تنوین کی صورت میں مَرْمًی اور اگر تنوین نہ ہو تو اَلْمَرْمٰی اور مَرْمَاکُمْ پڑھا جاتا ہے۔ وضاحت علم الصّیغہ وغیرہ میں ہے۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

صیغہ و معنٰی میں تبدیلی

فعل مضارع		اسمِ ظرف	
صیغہ	معنٰی	صیغہ	معنٰی
یَفْعَلُ	وہ ایک مذکر کرتا ہے/کرے گا	مَفْعَلٌ	کرنے کا ایک وقت/جگہ
یَرْمِیْ	وہ ایک مذکر پھینکتا ہے/پھینکے گا	مَرْمًی	پھینکنے کا ایک وقت/جگہ

گردان اسم ظرف

واحد	تثنیہ	جمع
مَفْعَلٌ	مَفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ
کرنے کا ایک وقت/ایک جگہ	کرنے کے دو وقت/دو جگہیں	کرنے کے کئی وقت/کئی جگہیں
[واحد]	[تثنیہ]	[جمع]

مرکز علی بن عثمان

تمرینات

تمرین نمبر۱: یَوْجَلُ سے اسمِ ظرف بنائیں۔

تمرین نمبر۲: یَدْخُلُ سے اسمِ ظرف کی گردان تحریر کریں۔

"مسلمانوں کے راستے سے ہر تکلیف دہ چیز کو دور کر"

[الحدیث]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۳۰

اسمِ آلہ

بنانے کا طریقہ

مراحل	عمل	مثال
۱	فعل مضارع مثبت معروف کا صیغہ لائیں	یَفْعَلُ
۲	اُس کی علامتِ مضارع کو حذف کر دیں	فْعَلُ
۳	شروع میں میم مکسور لے آئیں	مِفْعَلُ
۴	عین کلمہ کو فتحہ دیں	مِفْعَل
۵	لام کلمہ کو تنوین دیں	مِفْعَلٌ

مرکز علی بن عثمان

☆ اسمِ آلہ کے واحد کے صیغے میں عین کلمہ کے بعد اگر الف لگا دیں یا لام کلمہ کے بعد تاء لگا دیں تو واحد اسمِ آلہ کے دو صیغے اور بن جائیں گے جیسے مِفْعَلٌ سے مِفْعَلَةٌ اور مِفْعَالٌ۔ (مذکر اور مؤنث کا کسی ایک میں بھی لحاظ نہیں بلکہ تینوں کا معنیٰ ایک ہی ہوگا ''کرنے کا ایک آلہ'')۔

صیغہ و معنیٰ میں تبدیلی

فعل مضارع		اسمِ آلہ	
صیغہ	معنیٰ	صیغہ	معنیٰ
یَفْعَلُ	وہ ایک مذکر کرتا ہے/کرے گا	مِفْعَلٌ	کرنے کا ایک آلہ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

گردان اسم آلہ

واحد	تثنیہ	جمع
مِفْعَلٌ کرنے کا ایک آلہ [واحد]	مِفْعَلَانِ کرنے کے دو آلے [تثنیہ]	مَفَاعِلُ کرنے کے کئی آلے [جمع]
مِفْعَلَةٌ	مِفْعَلَتَانِ	مَفَاعِلُ
مِفْعَالٌ	مِفْعَالَانِ	مَفَاعِيْلُ

تمرینات

تمرین نمبر۱: یَفْتَحُ اسمِ آلہ بنانے کا طریقہ سپردِ قلم کریں۔

تمرین نمبر۲: یَمْنَعُ سے اسمِ آلہ کی گردان تحریر کریں۔

مرکز علی بن عثمان

''دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے''

[الحدیث]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۳۱

اسمِ تفضیل مذکر
بنانے کا طریقہ

مراحل	عمل	مثال
۱	فعل مضارع مثبت معروف کا صیغہ لائیں	یَفْعَلُ
۲	اُس کی علامتِ مضارع کو حذف کر دیں	فْعَلُ
۳	شروع میں اسمِ تفضیل کا ہمزہ (مفتوح) لے آئیں	اَفْعَلُ
۴	عین کلمہ کو فتحہ دیں	اَفْعَلُ
۵	لام کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں	اَفْعَلُ

صیغہ و معنٰی میں تبدیلی

فعل مضارع		اسمِ تفضیل	
صیغہ	معنٰی	صیغہ	معنٰی
یَفْعَلُ	وہ ایک مذکر کرتا ہے/کرے گا	اَفْعَلُ	زیادہ کرنے والا ایک مذکر

اسمِ تفضیل مؤنث
بنانے کا طریقہ

مراحل	عمل	مثال
۱	فعل مضارع مثبت معروف کا صیغہ لائیں	یَفْعَلُ
۲	اُس کی علامتِ مضارع کو حذف کر دیں	فْعَلُ
۳	فاء کلمہ کو ضمہ دیں	فُعَلُ
۴	عین کلمہ کو ساکن کریں	فُعْلُ
۵	لام کلمہ کو فتحہ دیں	فُعْلَ
۶	لام کلمہ کے بعد الف مقصورہ لگائیں	فُعْلٰی

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

صیغہ و معنٰی میں تبدیلی

فعل مضارع		اسمِ تفضیل	
صیغہ	معنٰی	صیغہ	معنٰی
یَفْعَلُ	وہ ایک مذکر کرتا ہے/کرے گا	فُعْلٰی	زیادہ کرنے والی ایک مؤنث

گردان اسم تفضیل

	واحد	تثنیہ	جمع (سالم)	جمع (مکسر)
مذکر	اَفْعَلُ زیادہ کرنے والا ایک مذکر [واحد مذکر]	اَفْعَلَانِ زیادہ کرنے والے دو مذکر [تثنیہ مذکر]	اَفْعَلُوْنَ زیادہ کرنے والے کئی مذکر [جمع مذکر سالم]	اَفَاعِلُ زیادہ کرنے والے کئی مذکر [جمع مذکر مکسر]
مؤنث	فُعْلٰی زیادہ کرنے والی ایک مؤنث [واحد مؤنث]	فُعْلَيَانِ زیادہ کرنے والی دو مؤنث [تثنیہ مؤنث]	فُعْلَيَاتٌ زیادہ کرنے والی کئی مؤنث [جمع مؤنث سالم]	فُعَلٌ زیادہ کرنے والی کئی مؤنث [جمع مؤنث مکسر]

☆ اسمِ تفضیل صرف ابوابِ ثلاثی مجرد سے ہی آتا ہے۔

تمرینات

تمرین نمبر۱: یَنْصُرُ سے اسمِ تفضیل مؤنث بنانے کا طریقہ لکھیں۔

تمرین نمبر۲: یَسْمَعُ سے اسمِ تفضیل مذکر کی گردان تحریر کریں۔

تمرین نمبر۳: صیغہ بتائیں۔

(۱) اَحْسَنُ (۲) بُشْرٰی (۳) سُمْعَيَانِ

تمرین نمبر۴: ترجمہ کریں۔

(۱) اَجْمَلُ (۲) اَنَاصِرُ (۳) فُتَحٌ

تمرین نمبر۵: عربی بنائیں۔

(۱) زیادہ مارنے والا ایک مذکر (۲) زیادہ سننے والی دو مؤنث

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علائی بن عثمان

عرفان الصرف ـــــ حصہ سوم



کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علائی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

متن و ترجمہ منشعب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحمت والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ، وَالصَّلٰوةُ
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، اور اچھا انجام متقی لوگوں کے لئے، اور درود
وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ
وسلام (نازل ہو) اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور آپ کی تمام آل اور اصحاب پر۔
بِداں ــــ اَسْعَدَکَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الدَّارَيْنِ ــــ کہ جُملہ اَفعالِ مُتَصَرِّفہ
تو جان... اللہ تعالیٰ تجھے دونوں جہانوں میں سعادت مند بنائے! تمام افعالِ متصرفہ (گردان ہونے والے افعال)
وَاَسمائے مُتَمَکِّنَہ اَز رُوئے تَرکِیبِ حُروفِ اَصلی بَر دو گونَہ اَست: ثُلاثی وَرُباعی۔
اور اسمائے متمکنہ (اِعراب کو جگہ دینے والے اسماء) حروفِ اصلی کی ترکیب کے اعتبار سے دو قسم پر ہیں: ثلاثی اور رباعی۔
اَمّا ثُلاثی: آں باشَد کہ دَر ماضی اُو سِہ حرفِ اصلی باشَد، چُوں: نَصَرَ و ضَرَبَ،
بہر حال ثلاثی: وہ (فعل) ہے کہ جس کی ماضی میں تین حرف اصلی ہوں، جیسے: نَصَرَ اور ضَرَبَ،
وَرُباعی: آں باشَد کہ دَر ماضی اُو چَہار حرفِ اصلی باشَد، چُوں: بَعْثَرَ و
اور رباعی: وہ (فعل) ہے کہ جس کی ماضی میں چار حرف اصلی ہوں، جیسے: بَعْثَرَ اور

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

عَرْقَبَ. اَمّا ثُلاثی بَر د و گونَه اسْت: یَکے مُجَرَّد که دَر ماضی اُو حرفِ زائد

عَرْقَبَ۔ بہرحال ثلاثی دوقسم پر ہے: ایک مجرد کہ جس کی ماضی میں زائد حرف

نَباشَد، وَدِیگر مزیدفیه که دَر ماضی اُو حروفِ زائد نِیز باشنَد۔ اَمّا آنکه دَرُو

نہ ہو، اور دوسری (قسم) مزید فیہ کہ جس کی ماضی میں زائد حروف بھی ہوں۔ بہرحال وہ (ثلاثی) کہ جس میں

حروفِ زائد نَباشَد آں نِیز بَر د و گونَه اسْت: یَکے مُطَّرِد که وزنِ اُو بیشتَر

زائد حروف نہ ہوں، وہ بھی دوقسم پر ہے: ایک مطرد کہ جس کا وزن زیادہ

آیَد، وَدِیگر شاذ که وزنِ اُو کَمتَر آیَد۔ اَمّا مُطَّرِد را پَنج باب اسْت۔

آتا ہے، اور دوسری (قسم) شاذ کہ اس کا وزن بہت کم آتا ہے۔ بہرحال مطرد کے پانچ باب ہیں۔

بابِ اوّل: بَر وَزنِ فَعَلَ یَفْعُلُ، بِفَتْحِ الْعَیْنِ فِی الْمَاضِیْ وَضَمِّهَا فِی الْغَابِرِ ،

پہلا باب: فَعَلَ یَفْعُلُ کے وزن پر، ماضی میں عین (کلمہ) کے فتحہ، اور مضارع میں اسکے ضمہ کے ساتھ،

چُوں: اَلنَّصْرُ وَالنُّصْرَةُ: یاری کَردَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۲۵۹)

جیسے: اَلنَّصْرُ وَالنُّصْرَةُ: مدد کرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۲۵۹ پر ہے)

اَلطَّلْبُ: جُستَن، اَلدُّخُوْلُ: دَرآمَدَن، اَلْقَتْلُ: کشتَن، اَلْفَتْلُ: تافتَن۔

اَلطَّلْبُ: ڈھونڈنا، اَلدُّخُوْلُ: داخل ہونا، اَلْقَتْلُ: مار ڈالنا، اَلْفَتْلُ: بٹنا۔

بابِ دُوُم: بَروَزنِ فَعَلَ یَفْعِلُ، بِفَتْحِ الْعَیْنِ فِی الْمَاضِی وَکَسْرِهَا فِی الْغَابِرِ

دوسرا باب: فَعَلَ یَفْعِلُ کے وزن پر، ماضی میں عین (کلمہ) کے فتحہ اور مضارع میں اس کے کسرہ کے ساتھ،

چُوں: اَلضَّرْبُ وَالضَّرْبَةُ: زَدَن، وَرَفتَن بَر رُوئے زَمِین،

جیسے: اَلضَّرْبُ وَالضَّرْبَةُ: مارنا، اور زمین پر چلنا،

وَپَدِید کَردَن مَثَلْ. تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۲۷۰)۔ اَلْغَسْلُ: شُستَن،

اور مثال بیان کرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۲۷۰ پر ہے)۔ اَلْغَسْلُ، دھونا،

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علی بن عثمان

اَلْغَلْبُ: غَلبَہ کَردَن، اَلظُّلْمُ: سِتَم کَردَن، اَلْفَصْلُ: جُدا کَردَن۔

اَلْغَلْبُ: غلبہ کرنا، اَلظُّلْمُ: ظلم کرنا، اَلْفَصْلُ: جدا کرنا۔

بابِ سِوُم: بَروَزنِ فَعِلَ یَفْعَلُ، بِکَسْرِ الْعَیْنِ فِی الْمَاضِیْ وَفَتْحِهَا فِی الْغَابِر،

تیسرا باب: فَعِلَ یَفْعَلُ کے وزن پر، ماضی میں عین کلمہ کے کسرہ اور مضارع میں اس کے فتحہ کے ساتھ،

چُوں: اَلسَّمْعُ وَالسَّمَاعُ: شُنِیدَن، وَگوش فراداشتَن۔ تَصْرِیْفُهٗ:

جیسے: اَلسَّمْعُ وَالسَّمَاعُ: سننا، اور کان لگانا۔ اس کی گردان:

(صفحہ ۲۸۱)۔ اَلْعِلْمُ: دانِستَن، اَلْفَهْمُ: دَریافتَن، اَلْحِفْظُ: نِگا ہداشتَن،

(صفحہ ۲۸۱ پر ہے)۔ اَلْعِلْمُ: جاننا، اَلْفَهْمُ: سمجھنا، اَلْحِفْظُ: حفاظت کرنا،

اَلشَّهَادَةُ: گواہی دادَن، اَلْحَمْدُ: سَتودَن، اَلْجَهْلُ: نادانِستَن۔

اَلشَّهَادَةُ: گواہی دینا، اَلْحَمْدُ: تعریف کرنا، اَلْجَهْلُ: نہ جاننا۔

بابِ چَهارُم: بَروَزنِ فَعَلَ یَفْعَلُ، بِفَتْحِ الْعَیْنِ فِیْهِمَا، چُوں:

چوتھا باب: فَعَلَ یَفْعَلُ کے وزن پر، ان دونوں (ماضی اور مضارع) میں عین (کلمہ) کی فتحہ کے ساتھ، جیسے:

اَلْفَتْحُ: کُشادَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحہ ۲۹۲) اَلْمَنْعُ: باز داشتَن، اَلصَّبْغُ:

اَلْفَتْحُ: کھولنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۲۹۲ پر ہے) اَلْمَنْعُ: روکنا، اَلصَّبْغُ:

رَنگ کَردَن، اَلرَّهْنُ: گِروی داشتَن، اَلسَّلْخُ: پوست کَشِیدَن۔

رنگ کرنا، اَلرَّهْنُ: گروی رکھنا، اَلسَّلْخُ: کھال کھینچنا۔

بِدانکه هَر فِعلیکه بَرِیں وَزن آیَد بَجائے عَیْنِ فِعل یا لامِ فِعلِ اُو حَرفے باشَد اَز

تو جان کہ ہر وہ فعل جو اس وزن پر آتا ہے اس کے فعل کے عین یا فعل کے لام (کلمہ) کی جگہ کوئی حرف ہوتا ہے

حُروفِ حَلق، وَ حُروفِ حَلق شَش اسْت: اَلْحاء وَالْخاء وَالْعَین وَالْغین وَالْهاء

حروفِ حلقی میں سے، اور حروفِ حلقی چھ ہیں: حاء، خاء، عین، غین، ہاء

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

وَالْهَمزة كه مَجمُوع وَے اَغَحْ خَعَهْ باشَد، اَمَّا رَكَنَ يَرْكَنُ وَاَبٰى يَاْبٰى فَشَاذٌّ

اور ہمزہ کہ ان کا مجموعہ اَغَحْ خَعَهْ ہے، رہی بات رَكَنَ يَرْكَنُ اور اَبٰى يَاْبٰى کی تو وہ شاذ ہیں۔

بابِ پَنجُم: بَر وَزنِ فَعُلَ يَفْعُلُ، بِضَمِّ الْعَيْنِ فِيْهِمَا ۔ بِدانكه اِيں باب لازِمَ

پانچواں باب: فَعُلَ يَفْعُلُ کے وزن پر، ان دونوں (ماضی اور مضارع) میں عین (کلمہ) کے ضمہ کے ساتھ، تو جان کہ یہ باب لازم

سُت، وَبيشتَر اِسمِ فاعِل اِيں باب بَر وَزنِ فَعِيْلٌ مے آيَد چُوں: اَلْكَرِمُ

ہے، اور اکثر اسمِ فاعل اس باب سے فَعِيْلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: اَلْكَرِمُ

وَالْكَرَامَةُ: بُزُرگ شُدَن۔ تَصْرِيْفَهٗ: (صفحه ۳۰۴)۔ اَللُّطْفُ وَاللَّطَافَةُ:

وَالْكَرَامَةُ: بزرگ ہونا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۳۰۴ پر ہے)۔ اَللُّطْفُ وَاللَّطَافَةُ:

پاكِيزَه شُدَن، اَلْقُرْبُ: نَزدِيك شُدَن، اَلْبُعْدُ: دُور شُدَن، اَلْكَثْرَةُ: بِسيار شُدَن۔

پاکیزہ ہونا، اَلْقُرْبُ: قریب ہونا، اَلْبُعْدُ: دور ہونا، اَلْكَثْرَةُ: زیادہ ہونا۔

اَمّا شاذ آنكه وَزنِ اُو كَمتَر آيَد، آنرا سِه بابَ سُت۔

بہرحال شاذ وہ کہ جس کا وزن بہت کم آتا ہے، اس کے تین باب ہیں۔

بابِ اَوّل: بَر وَزنِ فَعِلَ يَفْعِلُ، بِكَسْرِ الْعَيْنِ فِيْهِمَا، چُوں: اَلْحَسْبُ وَالْحِسْبَانُ:

پہلا باب: فَعِلَ يَفْعِلُ کے وزن پر، ان دونوں (ماضی اور مضارع) میں عین (کلمہ) کے کسرہ کے ساتھ، جیسے: اَلْحَسْبُ وَالْحِسْبَانُ:

پَنداشتَن۔ تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۳۱۵)۔ بِدانكه كه صَحِيح اَزيں باب جُز حَسِبَ

سمجھنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۳۱۵ پر ہے)۔ تو جان کہ صحیح اس باب سے سوائے حَسِبَ

يَحْسِبُ و نَعِمَ يَنْعِمُ دِيگر نَيامَدَه سُت۔ اَلنَّعْمُ وَالنَّعْمَةُ: خُوش عَيش شُدَن۔

يَحْسِبُ اور نَعِمَ يَنْعِمُ کے کوئی اور نہیں آتا۔ اَلنَّعْمُ وَالنَّعْمَةُ: اچھی زندگی ہونا۔

بابِ دُوُم: بَر وَزنِ فَعِلَ يَفْعُلُ، بِكَسْرِ الْعَيْنِ فِى الْمَاضِىْ وَضَمِّهَا فِى الْغَابِر۔

دوسرا باب: فَعِلَ يَفْعُلُ کے وزن پر، ماضی میں عین (کلمہ) کے کسرہ اور مضارع میں اس کے ضمہ کے ساتھ۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

بِدانکه صَحِیح اَز یِں باب جُز فَضِلَ یَفْضُلُ دِیگر نَیا مَدَ ہ ا سُت، وَبَعضے

تو جان کہ صحیح اس باب سے سوائے فَضِلَ یَفْضُلُ کے اور کوئی نہیں آتا، اور بعض حضرات

حَضِرَ یَحْضُرُ و نَعِمَ یَنْعُمُ را نِیز اَز یِں باب گویَند چُوں: اَلْفَضْلُ اَفزُوں

حَضِرَ یَحْضُرُ اور نَعِمَ یَنْعُمُ کو بھی اِسی باب سے کہتے ہیں، جیسے: اَلْفَضْلُ: زیادہ

شُدَن وَ غَلبَه کَردَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۳۲۵)۔ اَلْحُضُوْرُ: حاضِر شُدَن۔

ہونا اور غلبہ کرنا۔ اس کی گردان (صفحہ ۳۲۵ پر ہے)۔ اَلْحُضُوْرُ: حاضر ہونا۔

بابِ سِوُم: بَر وَزنِ فَعُلَ یَفْعَلُ، بِضَمِّ الْعَیْنِ فِی الْمَاضِی وَفَتْحِهَا فِی الْغَابِر۔

تیسرا باب: فَعُلَ یَفْعَلُ کے وزن پر، ماضی میں عین (کلمہ) کے ضمہ اور مضارع میں اس کے فتحہ کے ساتھ۔

بِدانکه هَر ماضی که مَضمُوم الْعَین بَوَد مُستَقبِلِ اُو نِیز مَضمُوم الْعَین

تو جان کہ ہر ماضی جس کا عین (کلمہ) مضموم ہو اس کے مستقبل کا عین (کلمہ) بھی مضموم

آیَد، مَگر دَ ر صِرف واحِد اَز مُعتَل عَین واوی، مانِند: کُدْتَّ و تَکَادُ

آتا ہے، مگر صرف معتل العین واوی سے ایک (گردان) میں، جیسے: کُدْتَّ اور تَکَادُ

چُوں: اَلْکَوْدُ وَالْکَیْدُوْدَةُ: خواستَن، وَنَزدِیك شُدَ ن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۳۳۵)۔

جیسے: اَلْکَوْدُ وَالْکَیْدُوْدَةُ: چاہنا، اور نزدیک ہونا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۳۳۵ پر ہے)۔

بِدانکه کُدْتَّ دَراَصل کَوُدْتَ بُود، ضَمَّه بَر واؤ دُ شوار داشتَه، نَقل کَردَ ه

تو جان کہ کُدْتَّ اصل میں کَوُدْتَ تھا، ضمہ واؤ پر ثقیل تھا، نقل کرکے

بَما قبل دادَ ند بَعد اَز اِزالهٔ حَرکتِ ماقَبل، واؤ اَز جِهَتِ اِجتِماعِ ساکِنَین اُفتاد،

ماقبل کو دے دیا ماقبل کی حرکت گرانے کے بعد، واؤ دو ساکنوں کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے گرگئی،

بَعدهٗ دال را بتا بَدل کَردَند، وتا را دَ ر تا اِدغام کَردَند، کُدْتَّ شُد۔ و تَکَادُ

اس کے بعد دال کو تا سے تبدیل کردیا، اور تاء کا تاء میں ادغام کردیا، کُدْتَّ ہوگیا۔ اور تَکَادُ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

دَر اَصل تَکْوَدُ بُود، حَرکَتِ واؤ نَقل کَردَہ بَما قَبل دادَ ند، پَس اَز جِہَتِ فَتحَہ

اصل میں تَکْوَدُ تھا، واؤ کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دے دی، تو ما قبل فتحہ کی وجہ سے

ماقَبل واؤ اَلِف گشت، تَکَادُ شُد، اِیں لُغَت را بَعضے اَز سَمِعَ یَسْمَعُ نِیز گوئِند۔

واؤ الف بن گیا، تَکَادُ ہوگیا، اس لغت کو بعض سَمِعَ یَسْمَعُ سے بھی کہتے ہیں۔

اَمّا مُنشَعِب ثُلاثی کہ دَر رُو حَرفِ زائد نِیز باشَد بَر دو گونَہ سُت: یَکے آنکہ

بہرحال ثلاثی منشعب کہ جس میں زائد حرف بھی ہو دوقسم پر ہے: ایک وہ کہ

مُلحَق بَرُباعی باشَد، دُوُم آنکہ مُلحَق بَرُباعی نَباشَد، اَمّا آنکہ مُلحَق بَرُباعی

رباعی سے ملحق ہو، دوسری (قسم) وہ کہ رباعی سے ملحق نہ ہو، بہرحال وہ جو رباعی سے ملحق

نَباشَد نِیز بَر دو گونَہ اسُت: یَکے آنکہ دَر رُو اَلِفِ وَصل دَر آیَد، وَ دِیگر آنکہ دَر رو

نہ ہو، (وہ) بھی دوقسم پر ہے: ایک وہ کہ اس میں ہمزہ وصلی آتا ہے، اور دوسری (قسم) وہ کہ اس میں

اَلِفِ وَصل دَر نَیایَد، اَمّا آنکہ دَر رُو اَلِفِ وَصل دَر آیَد آں را نُہ باب سُت۔

ہمزہ وصلی نہیں آتا، بہرحال جس میں ہمزہ وصلی آتا ہے اس کے نو باب ہیں۔

بابِ اوّل: بَروَزنِ اِفْتِعَالٌ: چُون: اَلِاجْتِنَابُ: پَرہیز کَردَن۔ تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۳۴۶)۔

پہلا باب: اِفْتِعَالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلِاجْتِنَابُ پرہیز کرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۳۴۶ پر ہے)۔

اَلِاقْتِبَاسُ: پارۂ نُور چِیدَن، اَلِاقْتِنَاصُ: صَید کَردَن، اَلِالْتِمَاسُ: جُستَن،

اَلِاقْتِبَاسُ: نور کا ٹکڑا چننا، اَلِاقْتِنَاصُ: شکار کرنا، اَلِالْتِمَاسُ: ڈھونڈنا،

اَلِاعْتِزَالُ: یَکسُو شُدَن، اَلِاحْتِمَالُ: بَرداشتَن، اَلِاخْتِطَافُ: رُبُودَن۔

اَلِاعْتِزَالُ: الگ ہونا، اَلِاحْتِمَالُ: اٹھانا، اَلِاخْتِطَافُ: لے بھاگنا۔

بابِ دُوُم: اِسْتِفْعَالٌ، چُون: اَلِاسْتِنْصَارُ: طَلب یاری کَردَن۔ تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۳۶۰)۔

دوسرا باب: اِسْتِفْعَالٌ، جیسے: اَلِاسْتِنْصَارُ: مدد طلب کرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۳۶۰ پر ہے)

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

اَلاِسْتِغْفَارُ: آمُرزِش خواستَن، اَلاِسْتِفْسَارُ: پُرسِیدَ ن، اَلاِسْتِنْفَارُ:

اَلاِسْتِغْفَارُ: معافی چاہنا، اَلاِسْتِفْسَارُ: پوچھنا، اَلاِسْتِنْفَارُ:

رَمِیدَن ورَمانِیدَن، اَلاِسْتِخْلَافُ: کَسی را بَجائے خویش یا بَجائے دِیگر

بھاگنا اور بھگانا، اَلاِسْتِخْلَافُ: کسی کو اپنی جگہ یا دوسرے کی جگہ

نِشانِیدَن، اَلاِسْتِمْتَاعُ: بَرخُورداری گرِفتَن بَکَسے یا بَچِیزے۔

بٹھانا، اَلاِسْتِمْتَاعُ: نفع حاصل کرنا کسی آدمی سے یا کسی چیز سے۔

بِدانکہ ہَر دو باب لازِم ومُتَعَدِّی آمَدہ اَند۔

تو جان! کہ یہ دونوں باب لازم اور متعدی آئے ہیں۔

بابِ سِوُم: بَروَزنِ اِنْفِعَالٌ، چُون: اَلاِنْفِطَارُ: شَگافتَہ شُدَن۔ بِدانکہ ہَر فِعلیکہ

تیسرا باب: اِنْفِعَالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلاِنْفِطَارُ: پھٹنا۔تو جان! کہ ہر وہ فعل جو

بَرِیں وَزن آیَد لازِم باشَد۔ تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۳۷۱)۔ اَلاِنْصِرَافُ: باز گشتَن، اَلاِنْقِلَابُ:

اس وزن پر آئے لازم ہے۔اس کی گردان: (صفحہ۳۷۱ پر ہے)۔اَلاِنْصِرَافُ: لوٹنا، اَلاِنْقِلَابُ:

بَر گشتَہ شُدَن، اَلاِنْخِفَافُ: سَبُک شُدَن، اَلاِنْشِعَابُ: شاخ دَر شاخ شُدَن۔

پلٹنا، اَلاِنْخِفَافُ: ہلکا ہونا، اَلاِنْشِعَابُ: شاخ در شاخ ہونا۔

بابِ چَہَارُم: بَروَزنِ اِفْعِلَالٌ. بِدانکہ اِیں باب نِیز لازِمَ سُت۔ چُون اَلاِحْمِرَارُ:

چوتھا باب: اِفْعِلَالٌ کے وزن پر۔ تو جان! کہ یہ باب بھی لازم ہے۔ جیسے: اَلاِحْمِرَارُ:

سُرخ شُدَن۔ تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۳۸۱)۔ اَلاِخْضِرَارُ: سَبز شُدَن، اَلاِصْفِرَارُ:

سرخ ہونا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۳۸۱ پر ہے)۔ اَلاِخْضِرَارُ: سبز ہونا، اَلاِصْفِرَارُ:

زَرد شُدَن، اَلاِغْبِرَارُ: گرد آلُودَ شُدَن، اَلاِبْلِقَاقُ: اَبلَق شُدَن اَسپ۔

زرد ہونا، اَلاِغْبِرَارُ: گرد آلود ہونا، اَلاِبْلِقَاقُ: گھوڑے کا چتکبرا ہونا۔

مرکز علی بن عثمان
کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علی بن عثمان

بابِ پَنجُم: بَر وَزنِ اِفْعِیْلَالٌ، چُوں: اَلادْھِیمَامُ: سَخت سیاہ شُدَن۔

پانچواں باب: اِفْعِیْلَالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلادْھِیمَامُ: سخت سیاہ ہونا۔

تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۳۹۰)۔ اَلاسْمِیْرَارُ: گندم گُوں شُدَن، اَلاکْمِیْتَاتُ: کُمَیت

اس کی گردان: (صفحہ ۳۹۰ پر ہے)۔ اَلاسْمِیْرَارُ: گندمی رنگ ہونا، اَلاکْمِیْتَاتُ: سیاہی مائل سرخ

شُدَن اَسپ، اَلاشْھِیْبَابُ: سَفَید شُدَن اَسپ، اَلاصْحِیْرَارُ: خُشک شُدَن

ہونا گھوڑے کا، اَلاشْھِیْبَابُ: سفید ہونا گھوڑے کا، اَلاصْحِیْرَارُ: خشک ہونا

نَبات، اَلاسْحِیْرَارُ: ہَمراز شُدَن۔ بِدانکہ اِیں باب لازِمَ سُت۔

کھیتی کا، اَلاسْحِیْرَارُ: ہمراز ہونا۔ تو جان! کہ یہ باب لازم ہے۔

بابِ ہِشتُم: بَر وَزنِ اِفْعِیْعَالٌ، چُوں: اَلاخْشِیْشَانُ: سَخت دُرُشت شُدَن۔

چھٹا باب: اِفْعِیْعَالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلاخْشِیْشَانُ: سخت کھردرا ہونا۔

تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۳۹۹)۔ اَلاخْرِیْرَاقُ: دَرِیدَہ شُدَن جامَہ، اَلاخْلِیْلَاقُ: کُہنَہ

اس کی گردان: (صفحہ ۳۹۹ پر ہے)۔ اَلاخْرِیْرَاقُ: پھٹا ہوا ہونا کپڑے کا، اَلاخْلِیْلَاقُ: پرانا

شُدَن جامَہ، اَلامْلِیْلَاحُ: شور شُدَن آب، اَلاحْدِیْدَابُ: کُوزَہ پُشت شُدَن۔

ہونا کپڑے کا، اَلامْلِیْلَاحُ: کھارا ہونا پانی کا، اَلاحْدِیْدَابُ: کبڑا ہونا۔

بِدانکہ اِیں باب ہَم لازِمَ سُت، وَدَر قرآن شریف نَیامدَہ اسُت۔

تو جان! کہ یہ باب بھی لازم ہے، اور قرآن شریف میں نہیں آیا ہے۔

بابِ ہَفتُم: بَر وَزنِ اِفْعِوَّال، چُوں: اَلاجْلِوَّاذُ: شِتا فتَن شُتَر۔ تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۴۰۸)۔

ساتواں باب: اِفْعِوَّالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلاجْلِوَّاذُ: دوڑنا اونٹ کا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۴۰۸ پر ہے)۔

اَلاخْرِوَّاطُ: چُوب تَراشِیدَن، اَلاعْلِوَّاطُ: قِلادَہ دَر گردَنِ شُتَر بَستَن، یُقَالُ اِعْلَوَّطَ الْبَعِیْرَ

اَلاخْرِوَّاطُ: لکڑی تراشنا، اَلاعْلِوَّاطُ: اونٹ کے گلے میں قلادہ باندھنا، اِعْلَوَّطَ الْبَعِیْرُ (اس وقت) کہا جاتا ہے

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

اِذَا تَعَلَّقَ بِعُنُقِهٖ قِلَادَةً۔ بِدانکه اِیں باب ہَم لازِمَ اسْت وَدَر قرآن شریف نَیامدَه۔

جب کوئی اونٹ کے گلے میں قلادہ باندھے۔تو جان! کہ یہ باب بھی لازم ہے اور قرآن شریف میں نہیں آیا۔

بابِ ہَشتُم: بَر وَزنِ اِفَّاعُلٌ، چُون: اَلِاثَّاقُلُ: گِراں بار شُدَن وَ خُود را گِراں بار ساختَن۔

آٹھواں باب: اِفَّاعُلٌ کے وزن پر، جیسے: اَلِاثَّاقُلُ: بھاری ہونا اور اپنے آپ کو بھاری بنانا

تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۴۱۷)۔ اَلِادَّارُکُ: دَر رَسِیدَن وَ دَر رَسانِیدَن، اَلِاسَّاقُطُ:

اس کی گردان: (صفحہ ۴۱۷ پر ہے)۔ اَلِادَّارُکُ: پہنچنا اور پہنچانا، اَلِاسَّاقُطُ:

میوَه اَز دَرَخت اَفگندَن، اَلِاشَّابُهُ: ہَم شَکل شُدَن، اَلِاصَّالُحُ: با یَك دِیگر آشتی کَردَن۔

درخت سے پھل گرنا، اَلِاشَّابُهُ: ہم شکل ہونا، اَلِاصَّالُحُ: ایک دوسرے کے ساتھ صلح کرنا۔

بابِ نُہُم: بَر وَزنِ اِفَّعُّلٌ، چُون: اَلِاطَّهُّرُ: پاك شُدَن۔ تَصْرِیْفُهٗ:

نواں باب: اِفَّعُّلٌ کے وزن پر، جیسے: اَلِاطَّهُّرُ: پاک ہونا۔ اس کی گردا

(صفحه ۴۲۶)۔ اَلِازَّمُّلُ: جامَه بَر سَر کَشِیدَن، اَلِاضَّرُّعُ: زاری

(صفحہ ۴۲۶ پر ہے)۔ اَلِازَّمُّلُ: سر پر کپڑا اوڑھنا، اَلِاضَّرُّعُ: عاجزی

کَردَن، اَلِاجَّنُّبُ: دُور شُدَن، اَلِاذَّکُّرُ: پَند پَذِیرَفتَن وَیاد کَردَن۔

کرنا، اَلِاجَّنُّبُ: دور ہونا، اَلِاذَّکُّرُ: نصیحت قبول کرنا اور یاد کرنا

بِدانکه اَصلِ بابِ اِفَّاعُل و اِفَّعُّل، تَفَاعُل و تَفَعُّل بُودَه، تا را ساکِن کَردَه بَفاء

تو جان! کہ باب اِفَّاعُلٌ اور اِفَّعُّلٌ کا اصل تَفَاعُلٌ اور تَفَعُّلٌ تھا، تاء کو ساکن کرکے فاء سے

بَدَل کَردَند، وَفاء را دَر فاء اِدغام نمُودَند اَز جِهَتِ مُجانَست دَر مَخرَج، پَس

تبدیل کردیا، اور فاء کا فاء میں ادغام کیا مخرج میں ہم جنس ہونے کی وجہ سے، پھر

ہَمزَهٔ وَصل مَکسُور دَر اوّلِ اُو دَر آوَردَند تا اِبتِداء بَسُکُون لازِم نَیایَد

ہمزہ وصلی مکسور اس کے شروع میں لے آئے تاکہ سکون کے ساتھ ابتداء لازم نہ آئے

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

اِفَّاعُل و اِفَّعُّل شُد۔ اَمّا آنکه دَ رُو اَلِفِ وَصل دَ ر نَیایَد آنرا پَنج باب اسُت۔

اِفَّاعُلٌ اور اِفَّعُّلٌ ہوگیا۔ بہرحال وہ (ثلاثی منشعب غیر ملحق برباعی) جس میں ہمزہ وصلی نہیں آتا اس کے پانچ باب ہیں۔

بابِ اوّل: بَر وَزنِ اِفْعَالٌ، چُوں: اَلْاِکْرَامُ: گرامی کَردَن۔ تَصْرِیْفُهٗ:

پہلا باب: اِفْعَالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلْاِکْرَامُ: عزت کرنا۔ اس کی گردان:

(صفحه ۴۳۶)۔ اَلْاِسْلَامُ: مسلمان شُدَن وَ گردَن نِهادَن بَطاعَت،

(صفحہ ۴۳۶ پر ہے)۔ اَلْاِسْلَامُ: مسلمان ہونا اور فرمانبرداری کے لئے گردن جھکا دینا،

اَلْاِذْهَابُ: بُردَن، اَلْاِعْلَانُ: آشکارا کَردَن، اَلْاِکْمَالُ: تَمام کَردَن۔

اَلْاِذْهَابُ: لے جانا، اَلْاِعْلَانُ: ظاہر کرنا، اَلْاِکْمَالُ: پورا کرنا۔

بِدانکه هَمزَهٔ اَمر حاضِر اِیں باب وَصلی نیسُت، بَلکه هَمزَه قَطعی

تو جان! کہ امر حاضر کا ہمزہ اس باب میں وصلی نہیں ہے، بلکہ ہمزہ قطعی

سُت که حَذف کَردَه شُدَه اسُت اَز مُضارِعِ اُو یَعنی تُکْرِمُ که

ہے جو حذف کیا گیا ہے اس کے مضارع سے یعنی تُکْرِمُ کہ

دَراَصل تُاَکْرِمُ بُودَه اسُت، اَز بَرائے مُوافَقَتِ اُکْرِمُ که دَراَصل اُاَکْرِمُ

اصل میں تُاَکْرِمُ تھا، اُکْرِمُ سے موافقت کے لئے جو اصل میں اُاَکْرِمُ

بُودَه اسُت، هَمزَه ثانی اَز جِهَتِ اِجتِماعِ هَمزَتَین اُفتاد، اُکْرِمُ شُد۔

تھا، دوسرا ہمزہ دو ہمزوں کے جمع ہونے کے وجہ سے گرگیا، اُکْرِمُ ہوگیا۔

بابِ دُوُم: بَروَزنِ تَفْعِیْلٌ، چُوں: اَلتَّصْرِیْفُ: گردانِیدَ ن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۴۴۷)۔

دوسرا باب: تَفْعِیْلٌ کے وزن پر، جیسے: اَلتَّصْرِیْفُ: پھیرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۴۴۷ پر ہے)۔

اَلتَّکْذِیْبُ وَالْکِذَّابُ: کَسے را دُرُوغ زَن داشتَن، اَلتَّقْدِیْمُ: پیش شُدَ ن و پیش کَردَن،

اَلتَّکْذِیْبُ وَالْکِذَّابُ: کسی کو جھٹلانا، اَلتَّقْدِیْمُ: آگے ہونا اور آگے کرنا،

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علی بن عثمان

اَلتَّمْكِيْنُ: جائے دادَن، اَلتَّعْظِيْمُ: بُزُرگ داشتَن، اَلتَّعْجِيْلُ: شِتابی كَردَن۔

اَلتَّمْكِيْنُ: جگہ دینا، اَلتَّعْظِيْمُ: بزرگ سمجھنا، اَلتَّعْجِيْلُ: جلدی کرنا۔

بابِ سِوُم: بَر وَزنِ تَفَعُّلٌ، چُوں: اَلتَّقَبُّلُ: پَذِيرَفتَن۔ تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۴۵۹)۔ اَلتَّفَكُّهُ:

تیسرا باب: تَفَعُّلٌ کے وزن پر، جیسے: اَلتَّقَبُّلُ: قبول کرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۴۵۹ پر ہے)۔ اَلتَّفَكُّهُ:

میوَہ خُوردَن، اَلتَّلَبُّثُ: دِرَنگ كَردَن، اَلتَّعَجُّلُ: شِتافتَن، اَلتَّبَسُّمُ: دَندانِ سَفِيد كَردَن۔

پھل کھانا، اَلتَّلَبُّثُ: دیر کرنا، اَلتَّعَجُّلُ: جلدی کرنا، اَلتَّبَسُّمُ: مسکرانا۔

بِدانكه دَر بابِ تَفَعُّل و تَفَاعُل و تَفَعْلُل هَر جا كه دو تاء دَر اَوّل

تو جان! کہ باب تَفَعُّل اور تَفَاعُل اور تَفَعْلُل میں جس جگہ دو تاء

كَلِمه بَهَم آيَند، رَوا باشَد كه يَك تارا حَذف كُنَند۔

کلمہ کے شروع میں اکٹھی آجائیں، جائز ہے کہ ایک تاء کو حذف کیا جائے۔

بابِ چَهَارُم: بَر وَزنِ مُفَاعَلَةٌ، چُوں: اَلْمُقَاتَلَةُ وَالْقِتَالُ: بايَكدِيگر كار زار

چوتھا باب: مُفَاعَلَةٌ کے وزن پر، جیسے: اَلْمُقَاتَلَةُ وَالْقِتَالُ: ایک دوسرے سے لڑائی

كَردَن۔ تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۴۷۱)۔ اَلْمُعَاقَبَةُ وَالْعِقَابُ: بايَك دِيگر عَذاب

کرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۴۷۱ پر ہے)۔ اَلْمُعَاقَبَةُ وَالْعِقَابُ: ایک دوسرے کو

كَردَن، اَلْمُخَادَعَةُ وَالْخِدَاعُ: فَرِيفتَن، اَلْمُلَازَمَةُ وَاللِّزَامُ: باهَم لازِم

دینا، اَلْمُخَادَعَةُ وَالْخِدَاعُ: دھوکہ دینا، اَلْمُلَازَمَةُ وَاللِّزَامُ: ایک دوسرے کو لازم

گرِفتَن، اَلْمُبَارَكَةُ: بَرَكت گرِفتَن بَخُدائے عَزَّوَجَلَّ يا بَكَسے يا بَچِيزے۔

پکڑنا، اَلْمُبَارَكَةُ: برکت حاصل کرنا اللہ عزوجل سے یا کسی شخص سے یا کسی چیز سے۔

بابِ پَنجُم: بَر وَزنِ تَفَاعُلٌ، چُوں: اَلتَّقَابُلُ بايَك دِيگر رُو بَرُوشُدَن۔

پانچواں باب: تَفَاعُلٌ کے وزن پر، جیسے: اَلتَّقَابُلُ ایک دوسرے کے سامنے ہونا۔

مرکز علم بن عثمان

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۴۸۱)۔ اَلتَّخَافُتُ: بايَك دِيگر سُخَن پِنهاں گُفتَن،

اس کی گردان: (صفحہ ۴۸۱ پر ہے)۔ اَلتَّخَافُتُ: ایک دوسرے سے پوشیدہ گفتگو کرنا،

اَلتَّعَارُفُ: بايَك دِ يگر شِناختَن، اَلتَّفَاخُرُ: بايَك دِيگر فَخر كَردَن۔

اَلتَّعَارُفُ: ایک دوسرے کی شناخت کرنا، اَلتَّفَاخُرُ: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

اَمّا رُباعی نِيز بَر د و گونَه اسُت: يَكے مُجَرَّد كه دَ رُوحَرفِ زائد نَباشَد۔

بہرحال رباعی بھی دو قسم پر ہے: ایک مجرد کہ اس میں زائد حرف نہ ہو

دُوُم مُنشَعِب كه دَرُو حَرفِ زائد ہَم باشَد۔ اَمّا آنكه دَرُو حَرفِ زائد

دوسری (قسم) منشعب کہ اس میں زائد حرف بھی ہو۔ بہرحال وہ (رباعی) کہ اس میں زائد حرف

نَباشَد آنرا يَك بابَ سُت، وَايں باب لازِم و مُتَعَدِّی نِيز آمَدَه سُت۔

نہ ہو اس کا ایک باب ہے، اور یہ باب لازم ہے اور متعدی بھی آیا ہے۔

بابِ اَوّل: بَر وَزنِ فَعْلَلَةٌ، چُون: اَلْبَعْثَرَةُ: بَرانگيخـتَـن۔ تَصْرِيْفُهٗ:

پہلا باب: فَعْلَلَةٌ کے وزن پر، جیسے: اَلْبَعْثَرَةُ: ابھارنا۔ اس کی گردان:

(صفحه ۴۹۲)۔ اَلدَّحْرَجَةُ: بِسيا ر گردانِيدَن، اَلْعَسْكَرَةُ: لَشكَر

(صفحہ ۴۹۲ پر ہے)۔ اَلدَّحْرَجَةُ: بہت پھیرنا، اَلْعَسْكَرَةُ: لشکر

ساختَن، اَلْقَنْطَرَةُ: پُل بَستَن، اَلزَّعْفَرَةُ: رَنگ كَردَن بَزَعفَران۔

بنانا، اَلْقَنْطَرَةُ: پل باندھنا، اَلزَّعْفَرَةُ: رنگ کرنا زعفران کے ساتھ۔

اَمّا رُباعی مُنشَعِب كه دَ رُو حَرفِ زائد باشَد، آن نِيز بَر د و گونَه اسُت: يَكے آنكه

بہرحال رباعی منشعب کہ اس میں زائد حرف ہو، وہ بھی دو قسم پر ہے: ایک وہ کہ

دَ رُو ہَمزَه وَصل نَباشَد، وَدِ يگر آنكه دَ رُو ہَمزَه وَصل باشَد، اَمّا آنكه دَ رُو ہَمزَه وَصل

اس میں ہمزہ وصلی نہ ہو، اور دوسری (قسم) وہ کہ اس میں ہمزہ وصلی ہو، بہرحال وہ کہ اس میں ہمزہ وصلی

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علائی بن عثمان

نَباشَد آنرا نِیز یَك باب اسْت، وَایں باب لازِم اسْت، وَدَر قرآن شریف نَیامدَہ اسْت۔

نہ ہو اس کا بھی ایک باب ہے، اور یہ باب لازم ہے، اور قرآن شریف میں نہیں آیا ہے۔

بابِ اَوّل: بَر وَزنِ تَفَعْلُلٌ، چُوں: اَلتَّسَرْبُلُ: پَیراہَن پوشِیدَن۔

پہلا باب: تَفَعْلُلٌ کے وزن پر، جیسے: اَلتَّسَرْبُلُ: کرتہ پہننا۔

تَصْرِیفُہٗ: (صفحہ ۵۰۲)۔ اَلتَّبَرْقُعُ: بُرقَع پوشِیدَن، اَلتَّمَقْهُرُ: مَقهُور

اس کی گردان: (صفحہ۵۰۲ پر ہے)۔ اَلتَّبَرْقُعُ: برقع پہننا، اَلتَّمَقْهُرُ: قہر زدہ

شُدَن، اَلتَّزَنْدُقُ: زِندِیق شُدَن، اَلتَّبَخْتُرُ: بَناز خَرامِیدَن۔

ہونا، اَلتَّزَنْدُقُ: بے دین ہونا، اَلتَّبَخْتُرُ: مٹک کر چلنا۔

اَمّا آنکہ دَرُو ہَمزَہ وَصل دَر آیَد آنرا دو باب سْت، وآں ہَر دو باب لازِم سْت۔

بہرحال وہ (رباعی منشعب) کہ اس میں ہمزہ وصلی آتا ہے اس کے دو باب ہیں، اور وہ دونوں باب لازم ہیں۔

بابِ اَوّل: بَر وَزنِ اِفْعِنْلالٌ، چُوں: اَلِابْرِنْشَاقُ: شاد شُدَن۔ تَصْرِیفُہٗ:

پہلا باب: اِفْعِنْلَالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلِابْرِنْشَاقُ: خوش ہونا۔ اس کی گردان:

(صفحہ ۵۱۲)۔ اَلِاحْرِنْجَامُ: جَمع شُدَن، اَلِابْلِنْدَاحُ: فراخ شُدَن

(صفحہ ۵۱۲ پر ہے)۔ اَلِاحْرِنْجَامُ: اکٹھا ہونا، اَلِابْلِنْدَاحُ: کشادہ ہونا

جائگاہ، اَلِاسْلِنْطَاحُ: بَرقَفا خُفتَن، اَلِاغْرِنْگَاسُ: سیاہ شُدَن

جگہ کا، اَلِاسْلِنْطَاحُ: گدی کے بل سونا، اَلِاغْرِنْگَاسُ: کالا ہونا

مُوئے۔ بِدانکہ اِیں باب دَر قرآن شریف نَیامَدَہ اسْت۔

بالوں کا۔ تو جان! کہ یہ باب قرآن شریف میں نہیں آیا ہے۔

بابِ دُوُم: بَر وَزنِ اِفْعِلَّالٌ، چُوں: اَلِاقْشِعْرَارُ: مُوئے بَرتَن خاستَن۔

دوسرا باب: اِفْعِلَّالٌ کے وزن پر، جیسے: اَلِاقْشِعْرَارُ: رونگٹے کھڑے ہونا۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علائی بن عثمان

مرکز علائی بن عثمان

تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۵۲۱)۔ اِلاقْمِطْرَارُ: سَخت ناخُوش شُدَن، اِلاشْفِتْرَارُ:

اس کی گردان: (صفحہ ۵۲۱ پر ہے)۔ اِلاقْمِطْرَارُ: شدید ناراض ہونا، اِلاشْفِتْرَارُ:

پَراگنده شُدَن، اِلازْمِهْرَارُ: سُرخ شُدَن چَشم، اِلاسْمِهْرَارُ: سَخت شُدَن

بکھرنا، اِلازْمِهْرَارُ: سرخ ہونا آنکھ کا، اِلاسْمِهْرَارُ: سخت ہونا

خار، اِلاشْمِخْرَارُ: بُلَند شُدَن۔ بِدانکه اِیں باب دَر قرآن شریف

کانٹے کا، اِلاشْمِخْرَارُ: اونچا ہونا۔ تو جان! کہ یہ باب قرآن شریف میں

آمَدَه سُت، كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

آتا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس (کتاب) سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں ان کے بدن پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔

اَمّا ثُلاثی مُنشَعِب كه مُلحَق بَرُباعی اسْت نِيز بَر د و گونَه اسْت: يَكے

بہرحال ثلاثی منشعب جو رباعی سے ملحق ہے (وہ) بھی دو قسم پر ہے: ایک

آنكه مُلحَق بَرُباعی مُجَرَّد باشَد، وَدُوُم آنكه مُلحَق بَرُباعی مُجَرَّد

وہ کہ رباعی مجرد سے ملحق ہو، اور دوسری (قسم) وہ کہ رباعی مجرد سے ملحق

نَباشَد، اَمّا آنكه مُلحَق بَرُباعی مُجَرَّد باشَد آنرا هَفت بابَ سُت۔

نہ ہو، بہرحال وہ (ثلاثی منشعب) کہ ملحق ہو رباعی مجرد سے اس کے سات باب ہیں۔

بابِ اَوّل: بَر وَزنِ فَعْلَلَةٌ، بِتَكْرَارِ اللَّامِ، چُون: اَلْجَلْبَبَةُ: چاد ر پوشِيدَن۔

پہلا باب: فَعْلَلَةٌ کے وزن پر، لام (کلمہ) کے تکرار کے ساتھ، جیسے: اَلْجَلْبَبَةُ: چادر اوڑھنا۔

تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۵۳۱)۔ اَلشَّمْلَلَةُ: شِتافتَن، وَلَيْسَ هٰذَا الْبَابُ فِيْ الْقُرْاٰن.

اس کی گردان: (صفحہ ۵۳۱ پر ہے)۔ اَلشَّمْلَلَةُ: دوڑنا، اور یہ باب قرآن مجید میں نہیں ہے۔

بابِ دُوُم: بَروزنِ فَعْنَلَةٌ، بِزِيَادَةِ النُّوْنِ بَيْنَ الْعَيْنِ وَاللَّامِ، چُون:

دوسرا باب: فَعْنَلَةٌ کے وزن پر، عین اور لام (کلمہ) کے درمیان نون کے اضافے کے ساتھ، جیسے:

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علائی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

اَلْقَلَنْسَةُ: کُلاہ پوشِیدَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۵۴۰)۔ وَلَیْسَ فِیْ الْقُرْاٰن.

اَلْقَلَنْسَۃُ: ٹوپی پہننا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۵۴۰ پر ہے)۔ اور یہ قرآن مجید میں نہیں ہے۔

بَابِ سِوُم: بَر وَزنِ فَوْعَلَةٌ، بِزِیَادَةِ الْوَاوِ بَیْنَ الْفَاءِ وَالْعَیْنِ ،

تیسرا باب: فَوْعَلَۃٌ کے وزن پر، فاء اور عین (کلمہ) کے درمیان واؤ کے اضافے کے ساتھ،

چُوں: اَلْجَوْرَبَةُ: پائتا بَه پوشِیدَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۵۴۹)۔

جیسے: اَلْجَوْرَبَۃُ: جراب پہننا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۵۴۹ پر ہے)۔

اَلْحَوْقَلَةُ: سَخت پیر شُدَن، وَلَیْسَ فِی الْقُرْاٰن۔

اَلْحَوْقَلَۃُ: بہت بوڑھا ہونا، اور یہ (باب) قرآن مجید میں نہیں ہے۔

بَابِ چَهَارُم: بَر وَزنِ فَعْوَلَةٌ، بِزِیَادَةِ الْوَاوِ بَیْنَ الْعَیْنِ وَاللَّامِ ،

چوتھا باب: فَعْوَلَۃٌ کے وزن پر، عین اور لام (کلمہ) کے درمیان واؤ کے اضافے کے ساتھ،

چُوں: اَلسَّرْوَلَةُ: اِزار پوشِیدَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۵۵۸)۔

جیسے: اَلسَّرْوَلَۃُ: شلوار پہننا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۵۵۸ پر ہے)۔

اَلْجَهْوَرَةُ: آواز بُلَند کَردَن، وَلَیْسَ فِی الْقُرآن۔

اَلْجَهْوَرَۃُ: آواز بلند کرنا، اور یہ (باب) قرآن مجید میں نہیں ہے۔

بابِ پَنجُم: بَر وَزنِ فَیْعَلَةٌ، بِزِیَادَةِ الْیَاءِ بَیْنَ الْفَاءِ وَالْعَیْنِ، چُوں: اَلْخَیْعَلَةُ:

پانچواں باب: فَیْعَلَۃٌ کے وزن پر، فاء اور عین (کلمہ) کے درمیان یاء کے اضافے کے ساتھ، جیسے: اَلْخَیْعَلَۃُ:

پَیراہَن بے آستِین پوشِیدَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۵۶۷)۔ اَلْهَیْمَنَةُ: گواه شُدَن:

بغیر آستین کے کرتا پہننا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۵۶۷ پر ہے)۔ اَلْهَیْمَنَۃُ: گواہ ہونا:

یُقَالُ: اِنَّ الْهَاءَ فِیْهِ مُبَدَّلَةٌ مِّنَ الْهَمْزَةِ. اَلصَّیْطَرَةُ: بَر گُماشتَه شُدَن، وَجَاءَ

کہا جاتا ہے: اس (اَلْهَیْمَنَۃُ) میں ہاء ہمزہ سے بدلی ہوئی ہے۔ اَلصَّیْطَرَۃُ: نگہبان ہونا، اور یہ (باب) آیا ہے

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علی بن عثمان

فِی الْقُراٰنِ کَمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: لَسْتَ عَلَیْھِمْ بِمُصَیْطِرٍ۔ بدانکہ خُوْعِلَ

قرآن مجید میں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: لَسْتَ عَلَیْھِمْ بِمُصَیْطِرٍ۔ جان تو! کہ خُوْعِلَ

دَ راَصل خُیْعِلَ بُود، اَز جِہَتِ ضَمَّہ ما قَبل یاء واو گشت، خُوْعِلَ شُد۔

اصل میں خُیْعِلَ تھا، ما قبل ضمہ کی وجہ سے یاء واؤ ہو گئی، خُوْعِلَ ہوگیا۔

بَابِ شَشُم: بَر وَزنِ فَعْیَلَۃٌ، بِزِیَادَۃِ الْیَاءِ بَیْنَ الْعَیْنِ وَاللَّامِ ،

چھٹا باب: فَعْیَلَۃٌ کے وزن پر، عین اور لام کلمہ کے درمیان یاء کے اضافے کے ساتھ،

چُوں: اَلشَّرْیَفَۃُ: اَفزُونی بَر گہائے کَشت بُریدَن۔ تَصْرِیْفُہٗ:

جیسے: اَلشَّرْیَفَۃُ: کھیتی کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا۔ اس کی گردان:

(صفحہ ۵۷۶)۔ اَلْجَزْیَلَۃُ: زَرَاَندُ ودَن، وَلَیْسَ فِی الْقُراٰن۔

(صفحہ۵۷۶ پر ہے)۔ اَلْجَزْیَلَۃُ: سونا چڑھانا، اور نہیں ہے یہ (باب) قرآن میں۔

بابِ ہَفتُم: بَر وَزنِ فَعْلَاۃٌ، بِزِیَادَۃِ الْاَلِفِ الْمُبَدَّلَۃِ مِنَ الْیَاءِ بَعْدَ اللَّام ، چُوں:

ساتواں باب: فَعْلَاۃٌ کے وزن پر، لام (کلمہ) کے بعد یاء سے بدلے ہوئے الف کے اضافے کے ساتھ، جیسے:

اَلْقَلْسَاۃُ: کُلاہ پوشِیدَن، اَصْلُہٗ قَلْسَیَۃٌ فَانْقَلَبَتِ الْیَاءُ اَلِفًا لِتَحَرُّکِھَا وَانْفِتَاحِ

اَلْقَلْسَاۃُ: ٹوپی پہننا، قَلْسَاۃٌ دراصل قَلْسَیَۃٌ تھا، یاء الف سے بدل گئی اپنے متحرک ہونے اور

مَا قَبْلَھَا. تَصْرِیْفُہٗ: (صفحہ ۵۸۵)۔ اَلْجَعْبَاۃُ: اَفگندَن، وَلَیْسَ فِی الْقُراٰن۔

ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے۔ اس کی گردان: (صفحہ۵۸۵ پر ہے)۔ اَلْجَعْبَاۃُ: پھینکنا، اور نہیں ہے یہ قرآن میں۔

یُقَلْسِیُ دَ راَصل یُقَلْسِیُ بُود، ضَمَّہ بَر یاء دُشوار داشتَہ ساکِن

یُقَلْسِیُ اصل میں یُقَلْسِیُ تھا، ضمہ یاء پر ثقیل تھا ساکن

کَردَ ند، یُقَلْسِیْ شُد، مُقَلْسٍ دَ راَصل مُقَلْسِیٌ بُود، ضَمَّہ بَر یاء دُ شوار

کردیا، یُقَلْسِیْ ہوگیا، مُقَلْسٍ اصل میں مُقَلْسِیٌ تھا، ضمہ یاء پر ثقیل

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

داشتَه ساکِن کَردَ ند، اِلتِقائے ساکِـنَین شُد مِیانِ یاء وتَنوِین، یا اُفتاد،

تھا ساکن کردیا، یاء اور تنوین کے درمیان دو ساکن اکٹھے ہوگئے، یا گرگئی،

مُقَلْسٍ شُد، و قُلْسِیَ بَر اَصلِ خُودَ سُت، یُقَلْسٰی دَ راَصل یُقَلْسَیُ بُود،

مُقَلْسٍ ہوگیا، و قُلْسِیَ اپنی اصل پر ہے، یُقَلْسٰی اصل میں یُقَلْسَیُ تھا،

یاء مُتَحَرِّك ماقَبلَش مَفتُوح، یاء اَلِف گشت، یُقَلْسٰی شُد، مُقَلْسَّی دَ راَصل

یاءِ متحرک (اور) اس کا ماقبل مفتوح (تھا تو) یاء الف ہوگئی، یُقَلْسٰی ہوگیا، مُقَلْسَّی اصل میں

مُقَلْسَیٌ بُود، یاء را اَز جِہَتِ فَتحَه ما قَبل بَاَلِف بَدل کَردَ ند، اِلتِقائے

مُقَلْسَیٌ تھا، یاء کو ماقبل فتحہ کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا، مِل گئے

ساکِـنَیـن شُد مِیانِ اَلِف وتَنوِین، اَلِف اُفتاد، مُقَلْسَّی شُد، قَلْسِ دَراَصل

دو ساکن الف اور تنوین کے درمیان، الف گر گیا، مُقَلْسَّی ہوگیا، قَلْسِ اصل میں

قَلْسِیُ بُود، یاء بَعَلامَت جَزمی اُفتاد، قَلْسِ شُد، لَا تُقَلْسِ دَ راَصل

قَلْسِیُ تھا، یاء علامت جزمی کی وجہ سے گرگئی، قَلْسِ ہوگیا، لَا تُقَلْسِ اصل میں

لَا تُقَلْسِیُ بُودَ ہ اسُت، اِینجا نِیز یاء بَعَلامَتِ جَزمی اُفتاد، لَا تُقَلْسِ شُد۔

لَا تُقَلْسِیُ تھا، اس جگہ بھی یاء علامت جزمی کی وجہ سے گرگئی، لَا تُقَلْسِ ہوگیا۔

اَمّـا آنکـه مُلحَق بَرُباعی مُنشَعِب باشَد آں نِیز بَر د و گونَه سُت:

بہرحال وہ (ثلاثی منشعب) جو رباعی منشعب سے ملحق ہو وہ بھی دو قسم پر ہے:

یَکـے آنکه مُلحَق بَه تَدَحْرَجَ بـاشَـد، دُوُم آنکه مُلحَق بَه اِحْرَنْجَمَ

ایک وہ جو تَدَحْرَجَ کے ساتھ ملحق ہو، دوسری (قسم) وہ جو اِحْرَنْجَمَ کے ساتھ ملحق

بـاشَـد، اَمّـا آنکه مُلحَق بَه تَدَحْرَجَ بـاشَـد آنرا ہَشت بابَ سُت۔

ہو، بہرحال وہ جو ملحق بہ تَدَحْرَجَ ہے اس کے آٹھ باب ہیں۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

بابِ اَوّل: بَر وَزنِ تَفَعْلُلٌ، بِزِیَادَةِ التَّاءِ قَبْلَ الْفَاءِ وَتَکْرَارِ اللَّام، چُوں: اَلتَّجَلْبُبُ:

پہلا باب: تَفَعْلُلٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے تاء کے اضافے اور لام (کلمہ) کے تکرار کے ساتھ، جیسے: اَلتَّجَلْبُبُ:

چادَر پوشِیدَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۵۹۲)۔ اَلتَّغَبْرُرُ: گرد آلُودَه شُدَن، وَلَیْسَ فِی الْقُرْاٰن۔

چادر اوڑھنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۵۹۲ پر ہے)۔ اَلتَّغَبْرُرُ: گرد آلود ہونا، اور نہیں ہے یہ قرآن مجید میں۔

بابِ دُوُم: بَر وَزنِ تَفَعْنُلٌ، بِزِیَادَةِ التَّاءِ قَبْلَ الْفَاءِ وَالنُّوْنِ بَیْنَ الْعَیْنِ وَاللَّام ،

دوسرا باب: تَفَعْنُلٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے تاء کے اضافے اور عین اور لام (کلمہ) کے درمیان نون کے اضافے کے ساتھ،

چُوں: اَلتَّقَلْنُسُ: کُلاه پوشِیدَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۶۰۵)۔ وَلَیْسَ فِی الْقُرْاٰن۔

جیسے: اَلتَّقَلْنُسُ: ٹوپی پہننا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۶۰۵ پر ہے)۔ اور نہیں ہے یہ قرآن مجید میں۔

بابِ سِوُم: بَر وَزنِ تَمَفْعُلٌ بِزِیَادَةِ التَّاءِ وَالْمِیْمِ قَبْلَ الْفَاءِ، چُوں:

تیسرا باب: تَمَفْعُلٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے تاء اور میم کے اضافے کے ساتھ، جیسے:

اَلتَّمَسْکُنُ: حالَت خواری پَیدا کَردَن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۶۱۴)۔ اَلتَّمَنْدُلُ:

اَلتَّمَسْکُنُ: عاجزی کی حالت پیدا کرنا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۶۱۴ پر ہے)۔ اَلتَّمَنْدُلُ:

مَسح کَردَن دَست بَمِندِیل، یُقَالُ: تَمَنْدَلَ الرَّجُلُ اِذَا مَسَحَ بِیَدِهِ الْمِنْدِیْل۔

تولیے سے ہاتھ صاف کرنا، کہا جاتا ہے: ''تَمَنْدَلَ الرَّجُلُ'' جب کوئی اپنے ہاتھ صاف کرے رومال کے ساتھ۔

اِعْلَمْ اَنَّ هٰذَا الْبَابَ شَاذٌّ، بَلْ مِنْ قَبِیْلِ الْغَلَطِ عَلٰی تَوَهُّمِ الْمِیْمِ اَصْلًا.

تو جان کہ یہ باب شاذ ہے، بلکہ میم کو اصلی گمان کرنے پر غلطی کے قبیل سے ہوگا۔

بابِ چَہَارُم: بَر وَزنِ تَفَعْلُةٌ، بِزِیَادَةِ التَّاءِ قَبْلَ الْفَاءِ وَبَعْدَ اللَّام ، چُوں:

چوتھا باب: تَفَعْلُةٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے اور لام (کلمہ) کے بعد تاء کے اضافے کے ساتھ، جیسے:

اَلتَّعَفْرُةُ: عِفرِیت شُدَن، یُقَالُ: تَعَفْرَتَ الرَّجُلُ اِذَا صَارَ عِفْرِیْتًا اَیْ خَبِیْثًا۔

اَلتَّعَفْرُةُ: خبیث ہونا، کہا جاتا ہے: ''تَعَفْرَتَ الرَّجُلُ'' جب کوئی عفریت یعنی خبیث ہو جائے۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علم بن عثمان

تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۶۲۳)۔ اِعْلَمْ اَنَّ هٰذَا الْمِثَالَ غَرِيْبٌ، وَلَيْسَ فِى الْقُرْاٰن۔

اس کی گردان: (صفحہ۶۲۳ پر ہے)۔تو جان کہ یہ مثال غریب ہے(یعنی یہ باب شاذ ہے)،اورنہیں ہے یہ قرآن مجید میں۔

بابِ پَنجُم: بَر وَزنِ تَفَوْعُلٌ، بِزِيَادَةِ التَّاءِ قَبْلَ الْفَاءِ وَالْوَاوِ بَيْنَ الْفَاءِ

پانچواں باب: تَفَوْعُلٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے تاء اور فاء

وَالْعَيْن، چُوں: اَلتَّجَوْرُبُ: پائتابَه پوشِيدَن۔ تَصْرِيْفُهٗ:

اورعین (کلمہ) کے درمیان واؤ کے اضافے کے ساتھ، جیسے: اَلتَّجَوْرُبُ: جراب پہننا۔اس کی گردان:

(صفحه ۶۳۲)۔ اَلتَّكَوْثُرُ: بِسيار شُدَن، وَلَيْسَ فِى الْقُرْاٰن۔

(صفحہ۶۳۲ پر ہے)۔ اَلتَّكَوْثُرُ: بہت ہونا، اورنہیں ہے یہ (باب) قرآن مجید میں۔

بابِ شَشُم: بَر وَزنِ تَفَعْوُلٌ، بِزِيَادَةِ التَّاءِ قَبْلَ الْفَاءِ وَالْوَاوِ بَيْنَ

چھٹا باب: تَفَعْوُلٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے تاء کے اور

الْعَيْنِ وَاللَّام، چُوں: اَلتَّسَرْوُلُ: اِزار پوشِيدَن۔ تَصْرِيْفُهٗ:

عین اورلام (کلمہ) کے درمیان واؤ کے اضافے کے ساتھ، جیسے: اَلتَّسَرْوُلُ: سلوار پہننا۔اس کی گردان:

(صفحه ۶۴۱)۔ اَلتَّدَهْوُرُ: گُذَشتَن شَب، وَلَيْسَ فِى الْقُرْاٰن۔

(صفحہ۶۴۱ پر ہے)۔ اَلتَّدَهْوُرُ: گزرنا رات کا، اورنہیں ہے یہ(باب) قرآن مجید میں۔

بابِ هَفتُم: بَر وَزنِ تَفَيْعُلٌ، بِزِيَادَةِ التَّاءِ قَبْلَ الْفَاءِ وَالْيَاءِ بَيْنَ

ساتواں باب: تَفَيْعُلٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے تاء کے، اور

الْفَاءِ وَالْعَيْن، چُوں: اَلتَّخَيْعُلُ: پَيراهَن بے آستِين پوشِيدَن۔

فاء اورعین (کلمہ) کے درمیان یاء کے اضافے کے ساتھ، جیسے: اَلتَّخَيْعُلُ: بغیرآستین کے کرتا پہننا۔

تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ۶۵۰)۔ اَلتَّعَيْهُرُ: بے سامان شُدَن، اَلتَّشَيْطُنُ:

اس کی گردان: (صفحہ ۶۵۰ پر ہے)۔ اَلتَّعَيْهُرُ: بغیر سامان کے ہونا، اَلتَّشَيْطُنُ:

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علم بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

نا فَرمانی کَردَن۔ بِدانکه اِیں باب دَ ر قرآن شریف نَیامَدَ ه اسُت۔

نافرمانی کرنا۔ تو جان کہ یہ باب قرآن شریف میں نہیں آیا ہے۔

بابِ ہَشتُم: بَر وَزنِ تَفَعُّلٍ، بِزِیَادَةِ التَّاءِ قَبْلَ الْفَاءِ وَالْیَاءِ بَعْدَ اللَّام،

آٹھواں باب: تَفَعُّلٍ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے تاء اور لام (کلمہ) کے بعد یاء کے اضافے کے ساتھ،

کہ دَ راَصل تَفَعُّلُیٌ بُودَ ه اسُت، ضَمَّۂ لام را بَکَسرہ بَدل کَردَ ند

کہ اصل میں تَفَعُّلُیٌ تھا، لام کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کردیا

بَرائے مُوافَقَتِ یاء، پَس ضَمَّه بَر یاء دُشوار داشتَه، ساکِن کَردَند،

یاء کی موافقت کے لئے، تو یاء پر ضمہ ثقیل تھا، ساکن کردیا،

اِلتِقائے ساکِنَین شُد مِیانِ یاء وتَنوِین، یاء اُفتاد، تَفَعُّلٍ شُد، چُوں

دو ساکن مِل گئے یاء اور تنوین کے درمیان، تو یاء گرگئی، تَفَعُّلٍ ہوگیا، جیسے

اَلتَّقَلْسِیُ: کُلاه پوشِیدَ ن۔ تَصْرِیْفُهٗ: (صفحه ۶۵۹)۔ وَلَیْسَ فِی الْقُرْاٰن.

اَلتَّقَلْسِیُ: ٹوپی پہننا۔ اس کی گردان: (صفحہ ۶۵۹ پر ہے)۔ اور نہیں ہے یہ قرآن مجید میں۔

بِدانکه زِیادَ تِ تاء دَ ر اَوّلِ اِیں اَبواب بَرائے اِلحاق نیسُت، بَلکه بَرائے مَعنٰی مُطا وَعَت

تو جان کہ ان ابواب کے شروع میں تاء کا اضافہ الحاق کے لئے نہیں ہے، بلکہ مطاوعت کے معنٰی کے لئے

سُت، چُنانکه دَ ر تَدَحْرَجَ بُود، زیرا که اِلحاق بَزِیادَ ت حُروف دَ ر اَوّل کَلِمه نَیامَدَ ه اسُت۔

ہے، جس طرح تَدَحْرَجَ میں تھا، اس لئے کہ الحاق حروف کے اضافے کے ساتھ کلمہ کے شروع میں نہیں آتا ہے۔

اَمّا آنکه مُلحَق بَه اِحْرَنْجَمَ باشَد، د و باب سُت،

بہرحال وہ (ثلاثی منشعب) جو اِحْرَنْجَمَ کے ساتھ ملحق ہے، دو باب ہیں:

وَاِیں ہَر د و باب دَ ر قرآن شریف نَیامَدَ ه اسُت۔

اور یہ دونوں باب قرآن شریف میں نہیں آئے ہیں۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

بابِ اَوّل: بَروَزنِ اِفْعِنْلَالٌ، بِزِیَادَةِ هَمْزَةِ الْوَصْلِ قَبْلَ الْفَاءِ وَالنُّوْنِ

پہلا باب: اِفْعِنْلَالٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے ہمزہ وصلی اور

بَعْدَ الْعَيْنِ وَتَكْرَارِ اللَّام، چُوں اِلاقْعِنْسَاسُ: سَخت وا پَس

عین (کلمہ) کے بعد نون کے اضافے اور لام (کلمہ) کے تکرار کے ساتھ، جیسے: اِلاقْعِنْسَاسُ: بہت پیچھے

شُدَن۔ تَصْرِيْفُهٗ: (صفحة ٦٦٩)۔ اِلاعْرِنْكَاكُ: سیاہ شُدَن مُوئے۔

ہونا۔ اس کی گردان: (صفحہ ٦٦٩ پر ہے)۔ اِلاعْرِنْكَاكُ: سیاہ ہونا بالوں کا۔

بابِ دُوُم: بَر وَزنِ اِفْعِنْلَاءٌ، بِزِيَادَةِ هَمْزَةِ الْوَصْلِ قَبْلَ الْفَاءِ وَالنُّوْنِ بَيْنَ الْعَيْنِ

دوسرا باب: اِفْعِنْلَاءٌ کے وزن پر، فاء (کلمہ) سے پہلے ہمزہ وصلی کے اضافے اور عین

وَاللَّامِ وَالْيَاءِ بَعْدَ اللَّامِ، چُوں: اِلاسْلِنْقَاءُ: سِتان با ز خُفتَن۔ بدانکه اِسْلِنْقَاءٌ

اور لام (کلمہ) کے درمیان نون اور لام (کلمہ) کے بعد یاء کے اضافے کے ساتھ، جیسے: اِلاسْلِنْقَاءُ: چت سونا۔ تو جان کہ اِسْلِنْقَاءٌ

دَراَصل اِسْلِنْقَائٌ بُودَ ہ اسْت، یاء بَعدِ اَلِف اُفتاد پَس ہَمزَہ گشت،

اصل میں اِسْلِنْقَائٌ تھا، یاء الف کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ ہو گئی،

اِسْلِنْقَاءٌ شُد۔ تَصْرِيْفُهٗ: (صفحه ٦٧٨)۔ اِلاسْرِنْدَاءُ: غَلبَه کَردَن خواب بَرمَردَم۔

اِسْلِنْقَاءٌ ہوگیا۔ اس کی گردان: (صفحہ ٦٧٨ پر ہے)۔ اِلاسْرِنْدَاءُ: لوگوں پر نیند کا غلبہ کرنا۔

بِداں ــ اَلْحَقَکَ اللّٰهُ تَعَالٰی بِالصَّالِحِيْن ــ کہ اِلحاق دَر لُغَت بَمَعنٰی

تو جان...اللہ تعالیٰ تجھے نیکوں کے ساتھ ملائے! کہ لغت میں الحاق کا معنٰی

دَر رَسِيدَ ن و دَ ر رَسانِيدَ نَ سْت، وَ دَر اِصطِلاحِ اَہلِ صَرف آنسْت کہ دَ ر

پہنچنا اور پہنچانا ہے، اور صرفیوں کی اصطلاح میں یہ ہے کہ

کَلِمَہ حَرفے زِیا دَہ کُنَند تا آں کَلِمہ بَر وَزنِ کَلِمَہ دِیگر شَوَد، اَز بَرائے

کلمہ میں کوئی حرف زیادہ کیا جائے تاکہ وہ کلمہ دوسرے کلمہ کے وزن پر ہوجائے،

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

آنکه مُعا مَلَه که با مُلحَق بِهٖ کَردَه شَوَد با مُلحَق نِیز کَردَه آیَد، وَشَرطِ
اس واسطے کہ وہ معاملہ جو ملحق بہ کے ساتھ کیا جائے وہ ملحق کے ساتھ بھی کیا جائے، اور شرط
اِلحاق آنسُت که مَصدَرِ مُلحَق با مَصدَرِ مُلحَق بِهٖ مُوافِق باشَد نَه مُخالِف۔
الحاق کی یہ ہے کہ ملحق کا مصدر ملحق بہ کے مصدر کے موافق ہو مخالف نہ ہو۔

مرکز علی بن عثمان

شرح منشعب

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔ ۱

افعال کی اقسام (باعتبارِ تعدادِ حروفِ اصلیہ)

تمام گردان کئے جانے والے افعال اور اسمائے متمکنہ حروفِ اصلی کی ترکیب کے اعتبار سے دو قسم پر ہیں: ۱۔ثلاثی ۲۔رباعی

☆ یہاں اسمائے متمکنہ سے مراد مصادر اور مشتقات ہیں۔

۱۔ثلاثی:

جس کے فعل ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغے میں تین حروف اصلی ہوں جیسے نَصَرَ، ضَرَبَ۔

۲۔ رباعی:

مرکز علی بن عثمان

جس کے فعل ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغے میں چار حروف اصلی ہوں جیسے بَعْثَرَ، عَرْقَبَ۔

ثلاثی کی اقسام:

ثلاثی کی دو قسمیں ہیں: ۱۔مجرد ۲۔مزید فیہ

۱۔مجرد:

جس کے فعل ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغے میں تین حروفِ اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو۔

۲۔مزید فیہ:

جس کے فعل ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغے میں تین حروفِ اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

ثلاثی مجرد کی اقسام:

ابواب ثلاثی مجرد دو قسم پر ہیں: ۱۔مطّرِد ۲۔شاذ

۱۔مطّرِد:

ثلاثی مجرد کے وہ ابواب جن کے اوزان کا استعمال بہت ہو۔

۲۔ شاذ:

ثلاثی مجرد کے وہ ابواب جن کے اوزان کا استعمال کم ہو۔

سوالات

سوال نمبر۱: ثلاثی اور رباعی سے کیا مراد ہے؟ مثالوں کی مدد سے بتائیں۔

سوال نمبر۲: مجرد اور مزید فیہ کسے کہتے ہیں؟ نیز بتائیں کہ ابواب ثلاثی مجرد کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

مرکز علی بن عثمان

''جو شخص علم حاصل کرنے کے لئے گھر سے نکلے وہ جب تک واپس نہ آجائے خدا کی راہ میں ہے''

[الحدیث]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔۲

ثلاثی مجرّد مطّرِد کے ابواب

ابواب:

ابواب باب کی جمع ہے۔لغت میں باب کا معنٰی ہے ''دروازہ''۔اور صرفیوں کی اصطلاح میں باب سے مراد ہے ماخذ اور اس کے تمام مشتقات کا مجموعہ جو آپس میں لفظی اور معنوی مناسبت رکھتے ہوں۔جیسے مصدر اَلِاجْتِنَابُ اور اس کے مشتقات مثلاً اِجْتَنَبَ یَجْتَنِبُ مُجْتَنِبٌ ایک باب سے ہیں اور مصدر اَلْاِکْرَامُ اور اس کے مشتقات مثلاً مُکْرِمٌ، اَکْرِمْ دوسرا باب ہیں۔ [علامہ مفتی محمد انور القادری، صرفِ قادری، ص۸۰]

ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب

مرکز علی بن عثمان

ابوابِ ثلاثی مجرد مطرد پانچ ہیں:

۱۔ نَصَرَ یَنْصُرُ بروزن فَعَلَ یَفْعُلُ

۲۔ ضَرَبَ یَضْرِبُ بروزن فَعَلَ یَفْعِلُ

۳۔ سَمِعَ یَسْمَعُ بروزن فَعِلَ یَفْعَلُ

۴۔ فَتَحَ یَفْتَحُ بروزن فَعَلَ یَفْعَلُ

۵۔ کَرُمَ یَکْرُمُ بروزن فَعُلَ یَفْعُلُ

علاماتِ ابواب ثلاثی مجرد مطّرِد

باب نَصَرَ یَنْصُرُ کی علامت:

ماضی مفتوح العین اور مضارع مضموم العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مفتوح اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مضموم ہوگا۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

باب ضَرَبَ یَضْرِبُ کی علامت:

ماضی مفتوح العین اور مضارع مکسور العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مفتوح اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مکسور ہوگا۔

باب سَمِعَ یَسْمَعُ کی علامت:

ماضی مکسور العین اور مضارع مفتوح العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مکسور اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مفتوح ہوگا۔

باب فَتَحَ یَفْتَحُ کی علامت:

ماضی اور مضارع دونوں مفتوح العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مفتوح اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مفتوح ہوگا۔

باب کَرُمَ یَکْرُمُ کی علامت:

مرکز علی بن عثمان

ماضی اور مضارع دونوں مضموم العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مضموم اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مضموم ہوگا۔

اصول/امّ الابواب:

اصول یا امّ الابواب یا دعائم الابواب تین ابواب کو کہا جاتا ہے:

۱۔ نَصَرَ یَنْصُرُ ۲۔ ضَرَبَ یَضْرِبُ ۳۔ سَمِعَ یَسْمَعُ

ان کو اصول یا امّ الابواب اس لئے کہتے ہیں کیونکہ ان تین ابواب کے خواص بہت ہیں اور یہ ابواب بہت زیادہ استعمال ہوتے ہیں، ان کی ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکتیں بھی مختلف ہیں۔

فروع:

مطّرِد کے دو ابواب کو فروع کے ابواب کہا جاتا ہے:

۱۔ فَتَحَ یَفْتَحُ ۲۔ کَرُمَ یَکْرُمُ

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

ان کو فروع کے ابواب اس لئے کہتے ہیں کیونکہ ان کے فعل ماضی اور فعل مضارع کے عین کلمہ کی حرکتیں ایک ہیں۔

سوالات

سوال نمبر۱: ثلاثی مجرد مطرد کے کتنے ابواب ہیں؟ نام بتائیں۔

سوال نمبر۲: اصول وفروع کے ابواب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر۳: ثلاثی مجرد مطرد کے ہر باب کی علامت بتائیں۔

مرکز علی بن عثمان

علم کا کمال یہ ہے کہ پڑھتے پڑھتے اس درجہ پر پہنچ جاؤ کہ بالآخر تمہیں یہ کہنا پڑے

''ہم کچھ بھی نہیں جانتے''

[حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ]

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علی بن عثمان

مرکز علاؤ بن عثمان

فصل ۔۳

ثلاثی مجرد شاذ کے ابواب

ابوابِ ثلاثی مجرّد شاذ تین ہیں:

۱۔ حَسِبَ یَحْسِبُ بروزن فَعِلَ یَفْعِلُ

۲۔ فَضِلَ یَفْضُلُ بروزن فَعِلَ یَفْعُلُ

۳۔ کَادَ یَکَادُ بروزن فَعُلَ یَفْعَلُ

علاماتِ ابواب ثلاثی مجرد شاذ

باب حَسِبَ یَحْسِبُ کی علامت:

ماضی اور مضارع دونوں مکسور العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مکسور اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مکسور ہوگا۔

باب فَضِلَ یَفْضُلُ کی علامت:

ماضی مکسور العین اور مضارع مضموم العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مکسور اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مضموم ہوگا۔

باب کَادَ یَکَادُ کی علامت:

ماضی مضموم العین اور مضارع مفتوح العین یعنی ماضی معروف میں دوسرا حرف مضموم اور مضارع معروف میں تیسرا حرف مفتوح ہوگا۔

☆ کَادَ اصل میں کَوُدَ تھا اور یَکَادُ اصل میں یَکْوَدُ تھا۔

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934

مرکز علاؤ بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

☆ بعض اس کو باب سَمِعَ یَسْمَعُ سے بھی کہتے ہیں۔

کیونکہ قرآنِ مجید میں ماضی اور مضارع دونوں استعمال ہوئے ہیں جو سَمِعَ یَسْمَعُ کے وزن پر آئے ہوئے ہیں۔ ماضی کی مثال لَقَدْ کِدْتَّ تَرْکَنُ اور مضارع کی مثال یَکَادُ الْبَرْقُ [علامہ عبدالرزاق بھترالوی، حاشیہ میزان الصّرف، ص۳۹]

سوالات

سوال نمبر۱: ثلاثی مجرد شاذ کے کتنے ابواب ہیں؟ نام بتائیں۔

سوال نمبر۲: کَادَ یَکَادُ اصل میں کیا تھے؟

سوال نمبر۳: ثلاثی مجرد شاذ کے ہر باب کی علامت بتائیں۔

مرکز علی بن عثمان

اَلْعِلْمُ بِلَا عَمَلٍ وَبَالٌ
وَالْعَمَلُ بِلَا عِلْمٍ ضَلَالٌ
وَالْجَمْعُ بَیْنَهُمَا کَمَالٌ

علم عمل کے بغیر وبال ہے، عمل علم کے بغیر گمراہی ہے اور ان دونوں کو جمع کرنا کمال ہے

کتاب خریدنے کے لئے رابطہ کریں
mazahirhujveri@gmail.com
0336 - 4146 934
مرکز علی بن عثمان

مرکز علی بن عثمان

فصل ۔۴

ثلاثی مزید فیہ

ابواب ثلاثی مزید فیہ کی اقسام:

ابواب ثلاثی مزید فیہ دو قسم پر ہیں:

۱۔ ملحَق ۲۔ غیر ملحَق

۱۔ ملحَق:

ابواب ثلاثی مزید فیہ ملحَق وہ ہیں جن کے فعل ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغے میں تین حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو اور اس کی مصدر کا وزن رباعی مجرد یا رباعی منشعب (مزید فیہ) کے وزن کے مشابہ ہو۔

مرکز علی بن عثمان

اِلحاق:

لغت میں الحاق کے معنیٰ پہنچنے اور پہنچانے کے ہیں۔

